[illegible]

[illegible]

[illegible] رسالہ [illegible]

پہلا حصہ مؤلفہ حافظ [illegible]

[illegible] اسلام [illegible]

[illegible] کہ اسلام کے دلائل [illegible]

[illegible] کرنے میں کیا [illegible]

[illegible]

[illegible] اسلام سے موافقت کر [illegible]

[illegible] اسلام کے نیر دست [illegible] مان لیے [illegible]

[illegible] کہ تیری دنیا [illegible]

[illegible] منشی عبد الرؤف [illegible] موصوف [illegible]

مطبع اخبار [illegible] مراد آباد [illegible] کے اہتمام سے طبع ہوا [illegible]

[illegible] مذکورہ [illegible] مراد آباد [illegible] محمد [illegible]

مشتاق الاسلام سوسائٹی مراد آباد [illegible]

[illegible] مراد آباد [illegible]

طبع اول ۵۰۰ جلد

[illegible]

غلط نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳	۱۹	ابن جریج نے	کہا ابن جریج نے	۸	۱۲	[illegible]	دوسرے کو معبود
۹	۲	و قیں	و دیہ بھی	۱۱	۲۱	تام احرام	تامے احرام
۱۲	۳	لو مجریان	لوہ قربان کیا کہا کر	۱۳	۳	زمین ہو تا دے	زمین پیاد تا دے
۱۳	۱۹	کہ حضرت	کہ یہ حضرت	۱۴	۱۵	ادن [illegible] عشق	اون کی پرستش
۱۴	۱۹	صحت ابن کے	ریحان حیدہ کے	۱۶	۵	[illegible]	اسلام [illegible]
۲۱	۷	حیف کا کعبہ	حیف قبیہ	۳۳	۱۲	[illegible]	[illegible]
۳۳	۵	دبانی	دیانی	۳۳	۲۲	[illegible]	[illegible]
۳۴	۷	اوس پاش کر	اوس کو کسی کاٹ کر	۳۵	۷	لنا	تجالی
۳۵	۱۰	آن	ان	۳۸	۵	الی [illegible]	الی الیہ
۳۲	۲۸	زیادہ	زیادہ [illegible]	۳۳	۱۰	[illegible]	[illegible]
۴۰	۲۴	شیما سی	[illegible]	۴۹	۸	[illegible]	[illegible]
۴۹	۸	طرف سے	طرف بیٹے سے	۵۱	۱۵	[illegible]	[illegible]
۵۱	۲۴	باغنے سکا	ہکا دربان	۵۲	۲۳	[illegible]	[illegible]
۵۳	۲	فیخرم	فیخرم [illegible]	۵۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
			[illegible]	۵۷	۱۳	[illegible]	[illegible]
			[illegible]	۵۹	۲۳	[illegible]	[illegible]
۹۱	۲۰	ادلی	مالی	۶۲	۱۱	[illegible]	[illegible]
۶۳	۲۲	ٹرہو	[illegible]	۶۷	۸	[illegible]	[illegible]
۶۸	۵	کثرت [illegible]	کثرت [illegible]	۶۸	۱۳	[illegible]	[illegible]
۶۹	۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۷۳	۵	لرتے	کرتے	۷۴	۲۵	[illegible]	جا جا
۷۹	۴	تام	ناکام	۸۰	۸	[illegible]	[illegible]
۸۴	۱	کریم	کریم ملے	۸۵	۹	[illegible]	[illegible]
۸۶	۴	کے منفعت	کے ساتھ منفعت	۸۸	۵	[illegible]	[illegible]
۸۶	۲۴	بچا را	بچارہ کیا	۸۶	۲۱	[illegible]	[illegible]
۸۷	۱	ادرے	آرہے	۸۷	۱۴	[illegible]	[illegible]
۸۷	۱۵	مقام	مقام پر	۸۹	۴	[illegible]	[illegible]
۹۰	۲۰	ستقادہ	افادہ [illegible]	۹۲	۷	[illegible]	[illegible]
۹۳	۳	ہوا کہنے	ہوا کو کہتے	۹۴	۵	وغیرہ	وغیرہ [illegible]
۹۴	۹	گندا دمی	گنہاری کے تھے	۹۶	۱۳	[illegible]	[illegible]
۹۵	۱۸	جلکر ہم	جلکر ہم	۹۷	۱۹	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	ثریا کی کو کہ	۱۰۰	۹	[illegible]	[illegible]



حامداً للہ فی ارشادکم
نبیھا آناہ نور آنا اتہ
حق کو پیارا دین پہ اسلام ہے

والصلوٰۃ دائماً فی عادکم
محمد الارسال امی مادکم
دیکھی داد اسکی کیا دیتے ہو تم
یا نبی دین تمہیں اندھیر ہے

تتبیاً لکو نہن ختم المرسلین
جاء بالاسلام نور ساطع
جان و مال اسپر صحابہ کے فدا
جاہلیت جنکو اب کہتے ہو تم

تابک فی الہ اتحادکم
شاع شرقاً مغرباً یا دیکم
اسپہ شہدا کا لہو بہتے ہوتے ہو تم

بنائے اسلام کی پرورش میں صحابہ اسلام کی جان نثاریاں تاریخی واقعات دیکھئے وادی تیہر پوشیدہ ہیں جہاد وغیرہ
حدوریت یورپ کی تاریخیں تک جسکی داد دے رہی ہیں - سچ تو یہ ہے ان اعمال کے پودے جیسے پھلے پھولے پہلے ہیں کی
آبپاشی کا کام صحابہ کرام کے خون نے دیا ہے اور اسپر مال فدا کر دینا جان قربان کر دینے والوں کے نزدیک تو چیز ہی
کیا تھا اس کا کسیقدر تفصیل سے یہاں بمناسبت مقام حصہ دوئم میں آئیگا انشاء اللہ تعالیٰ -

دیکھا رہے لو خیر شاہ امم　　جل لیسی وحدہ اعرب عجم

اسماں کتاب اطہری صاحب ... ذکر ہی کیا ہے مقدس ہی صاحب کتاب پہلی بات والے تھے جب اہل
ہی اعتقاد توحید کو جو آدم تا اینیدم کتب خدائی کا سبق محکم اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا اعتقاد بلازم
چلا آتا تھا تثلیث پر قربان کر دیا - اور مشرکین نے تعدد الٰہ کے اعتقاد کو سہارا دے دیا - تو دوسروں سے
اور کیا شکایت - چونکہ توحید عقلاً و نقلاً دلائل سے ثابت ہے اسلئے یہ جو بیانی توحید کے تثلیث وغیرہ کا
اعتقاد رکھنے والے بھی زبانی جمع خرچ سے توحید کا دم بھرتے اور باوجود اسکے مشرک کہلانے سے
ناخوش ہوتے ہیں - نصاریٰ کے اس عقیدے تثلیث نہ ہونے کی وجہ سے ...

ہمارا کا رتعین روح اور شیواور مادہ کی قدامت کو ہو گئے۔ مجوس اہرمن و یزدان دو مستقل خدا مانتے تھے یہود کی ایک جماعت تو عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا ٹھہرا چکے تھے ۔ جیسے متاخرین نصاری کو اپنے تائن بعض الفاظ کتب عہد جدید سے خدا کا اکلوتا بیٹا بنانے کی تکلیف اٹھانا پڑی ۔ کرات و عناصر پرستی اور مظاہرات طبیعی کے پوجنے کا شرک تو عالمگیر ہو چلا تھا ۔ خالص توحید کا ڈھیر دھرا نہ کوئی عرب میں تھا نہ عجم میں ۔ علامہ جلال الدین سیوطی نے شرک حقیقی مانع نجات اور شرک صوری کا انحصار اپنے رسالہ تقسیم انواع شرک میں چھہ قسموں میں کیا ہے ۔ چنانچہ عبارت رسالہ مذکور کی مع دیگر کتب یہ ہے۔

أنواع الشرك ستة شرك الاستقلال وهو إثبات الالهين المستقلين كشرك المجوس وشرك التبعيض وتركيب الاله من آلهة كشرك النصارى وشرك التقريب وهو عبادة غير الله ليقرب الى الله كشرك متقدمي الجاهلية وشرك التقليد وهو عبادة غير الله تبعا للغير كشرك متاخري الجاهلية وشرك الاسباب وهو الاسناد التاثير للاسباب العادية كشرك الفلاسفة والطبائعيين ومن تبعهم على ذلك وشرك الاغراض وهو العمل لغير الله وحكم الاربعة الاول الكفر بالاجماع وحكم السادس المعصية من غير كفر بالاجماع وحكم الخامس التفصيل فمن قال في الاسباب العادية انها توثر بالذات او بطبعها فقد حكي الاجماع على كفره ومن

قسمیں شرک کی چھہ ہیں ایک شرک استقلال کا اور وہ ثابت کرنا دو مستقل معبودوں کا ہے (یعنی ہر ایک کو اپنی ہستی میں دوسرے سے بے نیاز خود بخود موجود ازلی ابدی ماننا) جیسے شرک مجوس کا اور دوسرا شرک تبعیض اور جوڑنا کسی ایک معبود کو کئی معبودوں سے جیسے شرک نصاری کا اور (تیسرا) شرک نزدیک کردینے کا ہے اور وہ پوجنا غیر کا ہے تاکہ وہ غیر اپنے پجاری کو اللہ کے قریب نزدیک کر دے جیسے شرک (زمانہ) جاہلیت کے مقتداؤں کا ۔ اور (چوتھا) شرک تقلید کا ہے[1] اور وہ عبادت غیر اللہ کی ہے غیر کی تابعداری سے جیسے شرک (زمانہ) جاہلیت کے پچھلوں کا اور (پانچواں) شرک اسباب کا ہے اور وہ منسوب کرنا تاثیر کا ہے اسباب عادیہ کے لئے جیسے شرک فلاسفہ و طبائعیین اور اونکا ہے جو انمیں انکے تابع ہیں ۔ اور (چھٹا) شرک اغراض کا اور وہ عمل کرنا ہے غیر اللہ کے لئے ۔ اور حکم پہلی چار ون قسموں کا جنمیں مجوس اور نصاری اور اگلے اور پچھلے جاہلیت کے مبتلا ہوئے) کفر (مانع نجات) ہے بالاتفاق اور حکم چھٹی قسم کے شرک (صوری) کا بالاتفاق معصیت ہے نہ کفر (اسلئے کہ دکھانے سنانے لوگوں سے اپنی غرض یہ ہے کہ اللہ تعالے کی عبادت کرتا ہے ۔ مگر وہ ریاکار اس عبادت کو اون لوگون کے لئے کرنے اونکو معبود بنانے پر ہرگز راضی نہوگا لہذا مشرک

[1] نزد شرک تقلید کا یہی ہے دوسرے کی تقلید سے غیر اللہ کو پوجنے والا مقلد مذہب شرک ہی ہے ایسے ہی دوسرے کی تقلید سے توحید کا ماننے والا بھی موحد ہے۔

قال انما تؤثر بقوة اودعها الله فيها
فهو فاسق مبتدع وفي كفره قولان
انتهى ملخصا ان يعتقد ان الاشياء
تؤثر باعطاء تاثير الله تعالى فيها
ولا يعتقد ان الله اودع فيها
التاثير مرة فيؤثر بذلك التاثير
المودع ابدا الا حاجة الى اعطاء
التاثير الجديد (الى ان قال) والقرآن
من اوله الى اخره مملوّ في هذا الباب
ان المؤثر في الحقيقة هو الله تعالى
فيكفي للعاقل اية واحدة منه
قال الله تعالى في موضع مخاطبا
له صلى الله عليه واله وسلم
ان يمسسك الله بضر فلا كاشف
له الا هو وان يردك بخير فلا
راد لفضله يصيب به من يشاء
قال ابن حجر المكي في الفتح المبين
شرح الاربعين ان الغرض
من هذه الاية توحيد الله تعالى
في الحاق الضرر وحصول النفع
فالضار والنافع والمعطي والمانع
هو الله تعالى فقط لان عنان
سائر الموجودات في يده وهكذا
قال النبي صلى الله عليه السلم
احاديث منها حديث واحد

نہوا بلکہ عبادت الہی کو دوسرون سے اپنی غرض پورا کرنے کے
لئے کیا لہذا عاصی ہوا) اور حکم پانچوین قسم کا تفصیل رکہتا ہے
یس جو کہ کہے اسباب عادیہ (کے بارہ) مین کہ وہ اپنی ذاتی اور طبعی تاثیر
اثر کرتے ہین تو حکایت کیا گیا ہے اجماع اوس کے کفر پر اور جو کہے کہ
وہ اسباب عادیہ اثر کرتے ہیں اوس قوت سے جسکو ودیعت فرمایا اور
رکہدیا ہے اون مین اللہ نے تو وہ فاسق اور بدعتی ہے۔
اور اوس کے کفر مین دو قول ہین ۔ترجمہ رسالہ مذکور کی عبارت کا تمام ہوا
خلاصہ اسکا یہ ہے کہ اعتقاد رکہے اس امر کا کہ چیزین تاثیر کرتی ہین اون
چیزون مین اللہ تعالے کے تاثیر عطا فرمانے کے سبب اور یہ اعتقاد
نہ رکہے کہ اللہ نے اون مین ایک بار تاثیر سونپ دی ہے پس وہ اس سونپی
ہوئی تاثیر کے سبب ہمیشہ اثر کرتی رہتی ہین (بغیر) نئی تاثیر عطا فرمانے کی
محتاج نہین (یہانتک کہ کہا) اور قرآن مجید اول سے آخر تک بہرا ہوا ہے
اس باب مین اس سے کہ موثر حقیقت مین اللہ تعالے ہے ۔ پس
کافی ہے واسطے عاقل کے ایک آیت اوس سے فرمایا اللہ تعالی نے
جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب فرمایا
کہ اگر ضرر پہنچائے تجکو اللہ تو اوس کے سوا کوئی اوس مصیبت
کا کہولنے والا نہین ۔ اور اگر ارادہ کرے تجکو بہلائی دینے کا
(یعنی نفع رسانی کا) تو کوئی اوس کے فضل کو رد کرنے والا (روکنے
والا) نہین پہنچاتا ہے اسکو جسکو چاہیگا ابن حجر مکی نے اربعین کی شرح
فتح المبین مین کہا ہے کہ غرض اس آیت سے یکتائی ثابت کرنا ہے اللہ تعالی
کی ضرر لاحق کرنے اور نفع ہوجانے مین ۔ پس نفع اور ضرر پہنچانے
والا اور عطا فرمانے والا اور منع کرنے والا فقط وہی اللہ تعالی ہے
اسلئے کہ باگ تمام موجودات کی اوس کے ہاتھ مین ہے ۔ اور ایسے ہی
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمائی ہین بہت حدیثین جنمین سے
ایک وہ جامع حدیث ہے جسکو روایت کیا ہے ترمذی نے کہ

جامعہ رواہ الترمذی اذا سألت
فاسئل اللہ واذا استعنت
فاستعن باللہ ان الامۃ
ای جمیع الخلق من الخاصۃ
والعامۃ والانبیاء والاولیاء
وسائر الائمۃ لو اجتمعت
علی ان ینفعوک بشیٔ لم
ینفعوک الا بشیٔ کتبہ اللہ
علیک الحدیث ولاجل ذلک
قال فی التفسیر الکبیر ومن المشرکین
من قال انھا ای الکواکب ممکنۃ
الوجود لذاتھا ومحدثۃ و
خالقھا اللہ الا انہ فوض تدبیر
العالم الاسفل الیھا انتھی۔

جسوقت مانگے تو مانگ اللہ سے اور جسوقت مدد چاہے تو بس مدد
مانگ اللہ سے بیشک امت یعنی تمام خلق خاص اور عام انبیاء
اور اولیاء اور سارے پیشوا اگر جمع ہو جاویں اسپر کہ نفع پہنچاویں تجھکو
ساتھ کسی چیز کے (تو) نہیں نفع پہنچا سکتے تجھکو مگر ساتھ اوسی چیز کے
جسکو لکھدیا تجھپر اللہ نے الحدیث اور اسی سبب سے فرمایا تفسیر کبیر میں
اور منجملہ مشرکین وہ ہے جو کہتا ہے بیشک وہ یعنی کواکب ممکن الوجود
میں اپنی ذات میں اور نوپیدا اور پیدا کرنیوالا اون کا اللہ ہے مگر
اللہ نے سونپدیا ہے نیچے کے جہان کی تدبیر کو طرف اونکی ترجمہ
انتہی کی شرح کا تمام ہوا علامہ سیوطی کی عبارت سے معلوم ہوا کہ قائل
اس امر کا کہ اسباب عادیہ اپنے اندر خدا کی ودیعت فرمائی ہوئی قوت سے
اثر کرتے ہیں بار بار کرنے میں انکو تاثیر جدید عطا فرمانے جانے کی
حاجت نہیں فاسق مبتدع ہے جسکے کفر میں دو قول ہیں اور امام
معظم فخر الدین رازی کی اس تفسیر سے اور ءانت قلت للناس اتخذونی
وامی الھین من دون اللہ الایۃ کی تفسیر سے اور آیت سبا
قل ادعوا الذین زعمتم من دون اللہ لا یملکون مثقال ذرۃ فی السموات ولا فی الارض وما لھم
فیھما من شرک وما لہ منھم من ظہیر کی تفسیر سے صراحۃ ثابت ہے کہ جو معتقد ہے اسکا کہ کواکب باوجود
حادث اور مخلوق الہی ہونے کے اللہ تعالے کی تفویض سے عالم اسفل کے تدبیر کرتے ہیں ۔ یہ کام اللہ نے
اونکی سپرد کر دیا ہے تو وہ حقیقی مشرک یعنی شرک جلی کا کافر ہے ۔ اور یہ ایک مذہب ہے منجملہ چار مذہبوں مشرکوں
کے وجہ اس فرق کی یہ ہے کہ پہلی صورت میں اللہ سبحانہ کی صفت فعلی تکوین کا کہ تدبیر بھی اسکی ایک نوع ہے
ذات باری سے جدا ہوکر مخلوق کو ملنا لازم نہیں آتا اور پچھلی صورت تفویض میں لازم آتا ہے ۔ پس اسباب
عادیہ خواہ وہ سورج چاند وغیرہ کواکب ہوں یا دیوتا اور فرشتے یا انسان اور مخلوقات طبیعی اونکی تاثیر نے جتنی
چیزوں میں اثر کیا ہے اونکے وہی خالق اور مدبر اس مذہب پر ٹھیرینگے ۔ اور یہ مخلوقات مخلوق الہی ہونے سے
نکل جائینگی حتی اس مخلوق کے اللہ سبحانہ اس مخلوق کا معبود بھی نرہیگا اسلئے کہ جو جسکا خالق مکون مدبر
وہی اوسکا معبود ۔ اسی استلزام سے بیضاوی کو اللہ سبحانہ کی الوہیت کی نفی کرنے والا ٹھہرایا ہے اور یہ اولی
منقولہ صدر میں کما سیاتی اور کوئی اسلامی فرقہ اس کا قائل نہیں تاں صاحب الاس واملی نے شذوذ جست

اہلِ اللہ میت اس روش کو اختیار کیا ہے چنانچہ الامن والعلی مطبوعہ فاتگی کے صفحہ ۱۴۳ اعلیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔ اور بروجہ عطائی امور تکوینیہ کی اسناد بھی شرک نہیں قال اللہ تعالیٰ فالمدبرات امرا ۵ قسم ہے اُن مقبول بندوں کی جو کاروبار عالم کی تدبیر کرتے ہیں انتہی فالمدبرات امرًا ۵ کے ذیل مدارک میں مرقوم ہے کما شاء اللہ تدبیرھا لأنھا من اسبابھا یعنی اسناد تدبیر کی طرف اُنہیں ملائکہ کے اسلئے ہے کہ وہ اسباب ہیں تدبیر کے انتہی۔ نہ فاعل تدبیر نوع تکوینیت اور مجازاً ایسی اسناد کتاب وسنت عرف و عادت اور محاورات میں بکثرت مستعمل ہے۔ مشین کا بنا ہوا کپڑا مشین کی بنائی ہوئی دیا سلائی مشین کا سیا ہوا کپڑا بولا جاتا ہے اور کسی کھوپڑی میں خوش ہنسی بھی عقل ہے اُس کو اس کا وہم بھی نہیں ہوتا کہ بعد ان مشینوں کے چلنے ہوالو کے ان مشینوں نے خود ہی کپڑا بن لیا ہے۔ دیا سلائی بنائی ہے کپڑا سی لیا ہے۔ ایسے ہی تناسخیا لوں نے لنگ (مرد کی) اور بھگ (عورت کی شرمگاہ) کو اولاد کی داتا خیال کرکے اولاد کی خالق ٹھہرا کر پوجا دیا ہے مؤلف الامن کو اقسام اسناد نہ پہچاننے بردہا ہوں سے ابھی الامن میں بڑی شکایت تھی آپ اس اسناد میں ایسی موٹی بات نہ سمجھے یا دیدہ و دانستہ گریز فرما گئے حق چھپا گئے وَهُم بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ نصِ قرآنی کے موجب فرشتے اللہ کے حکم کے موافق عمل کرتے ہیں اور نعل کسب کی خبر دیتا ہے نہ بے محنت مشقت کمائی کے کن یعنی ہو جا کہکر ناموجود کو موجود کر دینے کی اور تکوین اس بغیر ہو نہیں سکتی کتاب و سنت و کتب عقائد میں کہیں وارد نہیں ہوا کہ عطاء الٰہی اللہ کے مقبول بندے بھی بے محنت مشقت کمائی کن کہکر ناموجود کو موجود کر لیتے ہیں۔ ائمہ اہل بیت کے ساتھ امور تکوین کو وابستہ جاننے کی حکایت بے سود ہے وابستگی معنی تعلق کی جیسے فاعل کی ساتھ ہوتی ہے مفعول کے ساتھ بھی ہوتی ہے۔ مطلب یہ کہ وہ پہلے سے ہی اور پیدا ہو جاتے ہیں جو تکوین الٰہی کے تحت آ گئے پیدا الٰہی یہ رضا بقضا کا مشرب خاصان خدا کا حصہ ہے۔ سیدی ابو یزید بسطامی اور غوث اعظم جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنے اس مقام سے خبر دی ہے یہ نہیں کہ وہ تکوین کسقدر کائنات کے ہو گئے ہوں چند خیالات بر صاحب الامن کے کچھ عرض معروض اخیر حصہ میں آ جگکی انشاء اللہ تعالیٰ۔

توحید القرآن نمبر ۳۔ اس وقت تک ہم نے قرآنی توحید کے متعلق جتنے جدید اسلوبات سے پہلو نکلا دیکھا اُن کا حاصل تو صرف اسقدر تھا (۱) کہ موحد منکر ہے (تعدد اللہ کا) مشرک مدعی ہے (تعدد معبودان کا) اسلئے استدلال و برہان کی اہم نوبت داری مشرک کے سر ہے۔ موحد اس سے بالکل سبکدوش ہے (۲) اسکے بعد اسے تنبیہ کی کہ تمام کائنات کی متحرک مشین چلانے کے لئے اسی طرح عالم کی ایجاد کے لئے ایک خدا کو فعل کافی سمجھتی ہے دوسرے کی ضرورت محسوس نہیں کرتی (۳) پھر اسکے بعد اُسنے دعوت کیا کہ صرف یہی نہیں

بلکہ توحید کا تصور شرک کی نظریہ سے بہرحال انسانوں کے حق میں مفید ہے اور شرک کا نظریہ سراسر مضر و مہلک ۔
میں نے تفصیل کے ساتھ تینوں اسلوبوں پر القاسم کے گذشتہ نمبروں میں بحث کی ہے ۔ بہرحال قرآن مجید
اب اور آگے بڑھتا ہے ملحد آوارہ اوہام پرست ہوکر دنیا کے تمام مشرکانہ دماغوں کو ایک زبردست دھکا دیتے ہوئے
دعوے کرتا ہے توحید ہی یقینی اور نہ ملنے والا خیال ہے ۔ سچائی صرف اسی میں ہے کہ اس عالم کے لئے ایک ہی
موجد ایک ہی خالق اور جہان کے رہنے والوں کے لئے ایک ہی معبود مانا جائے ۔ شرک ایک وسوسہ ہے
جسکی قسمت میں فقط برائی اور فساد ہی نہیں بلکہ بطلان اور زہوق بھی ہے ۔ مشرک صرف خرابیوں میں ہی
مبتلا نہیں بلکہ ایک جھوٹا عقیدہ رکھتا ہے ۔ اسکی تمام کارروائیاں جھوٹی ہیں ۔ توحید میں اگر صدق و راستی کے
سوا کبھی کمزوری اور برائی کا وہم نہیں تو بجنسہ اسی طرح شرک کے گھرانوں میں باطل و لغو اور بیہودگی و خرافات کے
سوا کوئی قسم کا سامان نہیں نکل سکتے کہ ہم قرآن مجید کے اس غیر مکذب و غیر متزلزل دلیل کو معرض بیان
میں لائیں ایک تمہیدی گفتگو کو دماغوں کے آگے پھیلا دینا ضروری سمجھتے ہیں ۔ اس کے بعد مقصد قرآنی
بآسانی روحوں میں اتر سکتا ہے واللہ الموفق ۔ حکمت قاسمیہ کے اصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے جب ہم
اس وسیع کارخانہ عالم اور عظیم الشان سلسلہ نظام کائنات میں غور کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ اس دنیا کی کوئی
ایسی چیز نہیں جسکی طرف انسان محتاج نہ ہو ۔ بہتے ہوئے دریا چمکتا ہوا آفتاب ۔ پھیلی ہوئی زمین ۔ چلنے والی
ہوائیں ۔ الغرض جس چیز کو ہم دیکھتے ہیں صاف نظر آتا ہے کہ بنی آدم کو اسکی حاجت ہے ۔ اگر پانی نہ ہو تو ہم
جائیں ۔ ہوا نہ ہو تو ہمارا سانس رک کر ہمیں قبر تک پہنچا دے ۔ زمین نہ ہو تو ہماری غذائیں دوائیں
خوراک ۔ پوشاک ۔ سکونت کے اسباب کہاں سے مہیا ہو سکتے ہیں ۔ آفتاب کی کرنوں کی بارش اگر رک جائے
تو روشنی کے تمام فائدوں سے ہم محروم ہو جائیں گے ۔ نہ ہمارے درختوں کے پھل پک سکتے ہیں نہ کھیتوں میں
کھیتی کی ہریالی اور غلہ کی پیداوار کا نظارہ نظر آسکتا ہے ۔ اور صرف یہی نہیں بلکہ پہاڑوں کی تراہیوں میں اگنے والے
بوٹے جنگلوں کی کنج میں پیدا ہونے والی جڑی بوٹیوں کے متعلق اگر تمہیں علم نہیں تو ڈاکٹروں طبیبوں سے پوچھو
کہ تمہاری بیماریوں کی کتنی شفائیں ان میں مستور ہیں ۔ الغرض سوچنے والوں نے سمجھا ہے کہ اس کائنات کا
ہر جزو خواہ علوی ہو یا سفلی بنی آدم کی خدمت گذاری میں مصروف ہے ۔ شیراز کے عارف پر جب یہ مسئلہ کھلا
تو عالم وجد میں بے ساختہ اسکی زبان پر جاری تھا ۔ ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کارند * تا تو نانے
بکف آری و بغفلت نخوری * جلیل القدر نوامیس سماوی کے محافظوں نے مختلف پیرایوں میں اس جملہ کو
ادا کیا کہ اِنَّمَا الدُّنْیَا خُلِقَتْ لَکُمْ وَ اِنَّمَا خُلِقْتُمْ لِلْاٰخِرَۃِ دنیا تمہارے لئے پیدا کی گئی ہے اور تم
آخرت کے لئے پیدا کئے گئے ہو ۔ قرآن مجید نے ایک جگہ نہیں بلکہ بہت جگہ اس پر آگاہ کیا کہ سخر

شمس و قمر آسمان و زمین کے نظریہ کا بار بار غور کرکے یہی سمجھایا کہ کائنات کا ہر ذرہ انسانوں کی ضرورت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ اگر اس کا کوئی حصہ درمیان سے نکال لیا جائے تو بھی آدم زندہ نہیں رہ سکتے۔ ایک ہوا ہی نہو انسان ایک سکنڈ زندہ نہیں رہ سکتا۔ بلکہ اُسکے ما یُحتاج بہت سے اوس کے ساتھ فنا ہو جائینگے۔ بہرحال یہ اب بدیہی مسئلہ ہوگیا ہے کہ انسان دنیا کی ہر چیز کی طرف اپنی بقا اور کمال کے لئے بہ اشد محتاج ہے۔ ہوا کو اپنی ناک کے رستے سے دل تک پہنچا کر اُسکی حدت میں کمی پیدا کرتا ہے۔ پانی کی پی کر سیرابی حاصل کرتا ہے الحاصل جمادات نباتات حیوانات پر نہایت آزادی کے ساتھ متصرف ہے۔ اُسکی دودھ سے گھی سے بلکہ گوشت (اور پوست وغیرہ) سے بھی فائدہ اوٹھاتا اور اوسے اپنا حق جائز قرار دیتا ہے۔ اب اسکے بعد غور کرو کہ اگر اس کائنات کی ایجاد میں (العیاذ باللہ) چند خدا شریک ہوں مثلاً ہوا کو پیدا کرنے والا اور ہو۔ پانی کا خالق اور ہو۔ زمین کا موجد اور ہو آسمان کا فاطر اور ہو انسانوں کا خالق اور ہو تو کیا اسکے بعد یہ نظام قایم رہ سکتا ہے ہرگز نہیں۔ سوچو اگر تم میں خود تدبر و تفکر کا مادہ نہیں تو آؤ قرآن کی روشنی میں دیکھو وہ دعوے کرتا اور اس سوال کے جواب میں اعلان دیتا ہے کہ اگر دنیا کی صورت اس طرح تسلیم کی جائے اور چند شرکا اس پر حکمران ہوں تو کائنات کا یہ منتظم پایا شیرازہ آن کی آن میں درہم برہم ہو جائیگا۔ دنیا تباہ ہو جائیگی۔ آسمان و زمین کا نگران ہو جائیگا۔ چنانچہ ارشاد فرماتا ہے

لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا یعنی اگر آسمانوں اور زمینوں میں چند خدا علاوہ اللہ تعالے کے ہونگے تو یہ نظام برباد ہو جائیگا۔ یہ تو گویا بصورت دعوے دلیل کا ایک جز ہے۔ اب اسکی تکمیل یا اس دلیل کو یوں مدلل کرتا ہے إِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ إِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ یعنی اسوقت ہر ایک خدا اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کو لے بھاگیگا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کریگا اس آسمانی بحث کو صحیح طور سے دماغ میں جگہ دینے کے لئے ذیل کے مقدمات پر نظر ڈالو (۱) ثابت ہو چکا کہ انسان اپنی بقا و کمال میں کائنات کے ہر ذرہ کی طرف محتاج ہے جب تک ان کو استعمال میں نہیں لائیگا وہ کبھی زندہ نہیں رہ سکتا (۲) عقل نے اور مشرک و موحد دونوں کے اجماع نے یہ طے کر دیا ہے کہ خدا ظلم سے منزہ اور پاک ہے (۳) پس اگر جہان کے ہر جز کا خالق الگ الگ ہوگا تو ہر ایک خالق کو اپنی مخلوقات کی حفاظت دوسرے خالق کی مخلوقات کی جبر و تعدی سے ضروری ہے ورنہ ظلم کا مجرم اسپر عائد ہوگا آخر اوس سے زیادہ بے درد ظالم بادشاہ اور کون ہوسکتا ہے جو اپنی رعایا کو دوسرے بادشاہوں کی رعایا کے ہاتھوں سے تباہ و برباد ہوتے دیکھے اور کچھ نہ بولے۔ اسکے بعد ظاہر ہے کہ انسان جب وقت اس [illegible] مثلاً پانی کو ہوا کو حیوانات کو اپنے صرف میں لائیگا تو ان چیزوں کا خالق ان کو

اُس سے بچا سکیگا نہ بچا سکے تو ظالم گنا جائیگا پس اگر بچا سکا تو انسانوں کی تباہی لازم آئی کہ وہ بغیر ان پانی ہوا وغیرہ مخلوقات کے زندہ نہیں رہ سکتے۔ اور اگر وہ اپنی مخلوقات کو دوسرے خدا کی مخلوقات سے بچانے میں عاجز آتا تو لامحالہ دونوں خداؤں میں اپنی اپنی مخلوقات کی حمایت کے لئے جنگ ہو جاتی اور دونوں کی مخلوقات اس تصادم کی وجہ سے برباد ہو جاتی۔ ایک دوسرے پر چڑھ جاتی۔ اور یہی وہ حقیقت ہے جسکی طرف قرآن نے ہمارے خیال میں اشارہ کیا کہ لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا پس جبکہ یہ عالم ابتدائے آدم سے ابتک موجود ہے۔ اور انکی اولاد بلا کسی مزاحمت دنیا کے ہر جز پر متصرف ہے یہی دلیل ہے کہ اس پوری کائنات کا خالق مالک ایک ہی ہے (اور جو خالق مالک وہی معبود لہٰذا وہی ایک معبود ہے دوسرے معبود ٹھہرانا سخت بغاوت ہے) یہ ماخوذ ہے مولینا سید مناظر احسن گیلانی دامت برکاتہم کی تقریر مندرجہ الفرقان نمبر ۲ جلد ۵ سے۔ افسوس ہے اس کج خیال والے کی کج خیالی پر جو اپنے خرچ میں آنے والی چیزوں اور خالق کل کے مسخر کئے خدمت انسانی پر لگی ہوئی اشیا کو اس وجہ سے پوجنے پر آمادہ کرے کہ ان پر ہمارا مدار حیات ہے اور خالق تعالے شانہ کے استحقاق عبادت میں اپنے خدمتگاروں کو شریک کرے تو ایسی مثال ہوئی جیسے لکڑی اپنے کو پھاڑنے سے بچانے کے لئے کلہاڑی کے آگے ہاتھ جوڑے اور منت کرے کہ تو مجھکو مت پھاڑ اور بڑھئی سے معافی نہ مانگے۔ اور بڑھئی اسکی اس حماقت پر فوراً اس لکڑی کو پھاڑ ڈالے تو کلہاڑی کے آگے کی ہاتھ جوڑ اسکو نہیں بچا سکتی۔

تھے ہر اک سو ساٹھ بت کعبہ میں تھے ہر قبیلہ کا تھا بت ایک ایک جدا	گرد اسکے بھی تین سو جب تھے صنم بت پرستی کیوں نہ ہو زور و ستم کیوں ضرورت ہو نہ اس اللہ شکن	دوش پر جب سوار شہ عارفی بت سبھی غلطاں تھا بھرا اور نگر اور حق کی طالب حق محترم	جولان کی خزاعہ حرم کے حرم گھر بنا گھر تھے وثن قائم اور صنم

علامہ سیوطی کی خصائص کبریٰ میں بسند صحیح روایت ابن عمر کے وارد ہے کہ خانہ کعبہ کے گرد چاروں طرف تین سو ساٹھ بت تھے۔ اور کعبہ کے اندر بھی تین سو ساٹھ ہی بت تھے جنکو فتح مکہ کے روز خود آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھی دیکھا تھا۔ اور ابونعیم کی دلائل النبوۃ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی روایت میں کعبہ کی چھت پر بھی تین سو بتوں کے ہونیکا ذکر ہے اور مواہب لدنیہ کی روایت میں ہے کہ اندرون کعبہ اسقدر بت تھے کہ آپ داخل نہو سکے احمق کفار کا اسقدر کثرت سے بتوں کو جمع کرنا یا تو حاجتوں کی کثرت کی وجہ سے تھا یا وجہ یہ تھی کہ خانہ کعبہ بالاتفاق اہل حجاز خانہ خدا تھا۔ پس لازم ہوا کہ ہر ایک حاجت کا اپنا ایک ایک وکیل بادشاہ کی عدالت میں پہنچکر اپنی حاجتیں پوری کرائے۔ اور یہی مطلب آیت هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ سے مترشح ہوتا ہے۔ یعنی کفار کہا کرتے تھے کہ یہ بت ہماری مرادیں

پوری کرانے کی اللہ کے پاس سفارش کرتے ہیں اللہ سبحانہ نے فرمایا اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ
کیا اللہ اکیلا کافی نہیں اپنے بندہ کو یاد تھی کہ ایک گروہ دوسرے گروہ کے خدا کے پاس جانا برا
جانتا تھا انتہی ما فی الاحسن ملخصا وملتقطا قران کریم سے جس شفاعت بالاذن کا اثبات کیا ہے وہ
اللہ وحدہ کے کافی ہونے کے مضمون سے باہر نہیں جسکی تفصیل اور رفعت شان کے بیان کا محل حصہ
سویم ہے اس کتاب کا ان نصاریٰ کے اعتقاد کفارہ کی شفاعت میں معاذ اللہ اللہ سبحانہ ناکافی
قرار پاتا ہے اور گنہگاروں کے بدلے میں بیگناہ پکڑا جاتا ہے اور یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ
اور لَا مُعَقِّبَ لِحُکْمِہٖ جسکی شان ہے یعنی جو چاہے کرے اور حکم کرے اوس چیز کا جسکا ارادہ کرے
اوسکے حکم کو کوئی ٹال نہیں سکتا وہ تعالیٰ شانہ اعتقاد نصاریٰ پر درخت کوق کی مشیت جو اوس نے
ارادہ کیا ہے اوسمیں نامراد ٹھیرتا ہے معبودات باطلہ کی کثرت کے خیال نے ایک معبود بنالئے اور
معبودان باطلہ کے باطل ٹھہرانے پر جو پیچ وتاب کھایا ہے اور اس اصلاح کی بدولت جو جو صدمے
دکھ اوٹھایا ہے قرآن سے دریافت کیجئے اَوَّلُ الرُّسُلِ سیدنا نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام پر اس ابطال کی
بدولت کیا بہارت گذر گیا وہ کونسی ایذا ہے جو مشرکین عرب نے اس ابطال کے مدعی سیدنا امام
صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پہنچائی ہو ایک جماعت صحابہ کی جیسے ہمارے سادات حضرات بلال و عمار و
سمیہ
جسکا بیان رمضا پہاڑ پر رہی ہیں باندھکر گھسیٹ لیجانے اور اونکے سینہ پر پتھر رکھکر آگ جلانے اور
پانی میں لمبے لمبے غوطے دیتے کوڑے مارتے جلتے ریتے میں ڈالتے اور دوسری ایذا میں پہنچانیکا
حصہ دویم میں آئیگا انشاء اللہ تعالیٰ جسکو سنکر کلیجہ کانپ جائیگا۔
توحید کا کلمہ سنا کانوں کو ایسا ناگوار اور بری معلوم ہوتا تھا کہ کسی کو سننا گوارا نہ تھا۔ جب آپ نے
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی دعوت دی مشرک بلا اٹھے کہتے ہے کیا سارے معبودوں کو مٹا دیا ایک
کرکے ایک ہی معبود ٹھہرا لیا۔ چنانچہ سورۂ ص کی آیت میں محکی ہے وہ آیت مع تفسیر جلالین یہ ہے۔

اَجَعَلَ الْاٰلِھَۃَ اِلٰھًا وَّاحِدًا
حیث قال لھم قولوا لا الہ الا اللہ
اے کیف یسع الخلق کلھم
اِلٰہٌ واحد اِنَّ ھٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ

کیا اس نے کردی بہت سے معبودوں کی عبادت کے بدل ایک ہی
کی عبادت اس حیثیت سے کہ فرمایا قولوا لا الہ الا اللہ یعنی کیسے کفایت
کرے گا ساری مخلوقات کو ایک معبود بیشک یہ تعجب کی بات ہے
اور جل کہرے ہوئے کتنے بتھ اون میں سے۔ ابو طالب کے

سـ۶۱ مراد اس سے حکم کوئی ہے ۱۲

عجیب وانطلق الملأ منھم من مجلس اجتماعھم عند ابی طالب وسماعھم فیہ النبی صلی اللہ والہ وسلم قولوا لا الہ الا اللہ ان امشوا واصبروا علی الھتکم اثبتوا علی عبادتھا ان ھذا المذکور من التوحید لشیء یراد منا ما سمعنا بھذا فی الملۃ الآخرۃ ای فی ملۃ علیلے مکے ۳ حلاقین ای ملۃ عیسیٰ لانھا اخر الملل وھم لا یوحدون بل یقولون ثالث ثلثۃ کذا روی عن ابن عباس ومقاتل والکلبی (کمالین)

پاس اکٹھے ہوئے تہے مجلس سے اوس مجلس مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سنکر کہ کہو لا الہ الا اللہ یعنی سنہ اور عبادت اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہین (یہ کہتے ہوئے ایک دوسرے سے) کہ چلو اور صبر کرو اپنے معبودون پر جمے رہو اونکی پوجا پر بیشک یہ جو ذکر کیا جاتا ہے توحید (یعنی اکیلے ایک ہی خدا کی عبادت کا) یہ ایسی چیز ہے ہم سے جسکے (منوانے) کا ارادہ کیا جاتا ہے نہین سنا ہمنے اسکو پچہلی ملت مین یہ بات بناوٹ ہے۔ کمالین مین ہے اسلئے کہ یہ ملت عیسوی انبیاء سلف کی امتون سے پیچہے ہے اور وہ نصاری ایک معبود نہین مانتے ہین بلکہ اللہ کو تیسرا معبود منجملہ تین معبودون کے مانتے ہین - ایسا ہی مروی ہے ابن عباس اور مقاتل اور کلبی سے ترجمہ تمام ہوا توریت شریف کے درس احکام لوحی جن مین سب سے بڑا اہتمام بالشان منجملہ مدار نجات اعتقاد ہے توحید کا یہی مضمون کہ اے موسیٰ تیرے حضور میرے سوا دوسرا معبود نہو خارج مین دوسرا معبود موجود ہوتا تو کیسا خیال موسوی سے بہی دوسرے معبود کے موجود ہونے کی نفی کی جاتی ہے تو پہلا اور دوسرا اور تیسرا معبود ماننا نجات کا امیدوار ہونا آفتاب نیمروز کی روشنی کو شب دیجور ٹھہرانا ہے - افسوس اعتقاد توحید جو سبق اولی ہے تمام آسمانی کتابون اور انبیا و رسل علیہم الصلوۃ والسلام کی دعوت اور تعلیم کا اوس مین روڑا اٹکانے کے لئے یہی اعتقاد تثلیث کا ہو گیا ہے بہت سے معبودان باطلہ کی عبادت کے جواز کے لئے مشرکین عرب کو بھی یہی اعتقاد جلت پناہ سوجہا - اور جن قبایل کا ذکر دوسری بیت مین ہے انکے بتون اور اونکی بت پرستی کی کیفیت وغیرہ کا بیان آیندہ آتا ہے -

انکو رکہا دربہ تا ذرہو بہم	گت پری انکی دکہانیکے لئے عقل پر پتھر پڑے حسرت ہے غم	کرزنا دونون ہوئے پتھر صنم کیسی عبرت ہو جنہے اونکو لگے	نائلہ عورت ہی کعبہ مین اساف

تفسیر روح البیان مین ہے اساف ایک مرد نائلہ ایک عورت بنی جرہم کی مین باہمی ناجائز دوستی کا تعلق تہا یہ دونون جاہلیت کے رسم ورواج کے موافق حج کرنے گئے داخلہ کے وقت ان نالائقون سے بیت اللہ کے اندر زنا کیا - ان پر اللہ کا قہر ٹوٹ پڑا - دونون پتھر کے ہو گئے - ادہر اودہر باہر رکہدیئے گئے -

تہذیب. روز بعد یہ بلوں تب اہل مکہ کے لئے معبود بن گئے بڑے زور شور سے اونکی پرستش ہونے لگی
آپنے ہی انکو پجتا دیکھا - مگر اللہ سبحانہ نے آپ کے مبارک ہاتھوں سے انہیں غارت کیا دنیا کے
بت پرست اپنے بزرگ نیک لوگوں کی مورتیں بناکر پوجتے ہیں - مگر عرب کی عقل پر ایسے پتھر پڑے تھے کہ وہ
بدکار زناکار خدا کی لعنت میں گرفتار ہیں کعبہ کے اندر زنا کرنے والوں کو معبود بنالیا جان بوجھ کر بیت اللہ کے
طواف کے ساتھ ساتھ ان ناپاک مورتوں کی بھی پوجا کیا کرتے تھے - سب سے بڑی غلطی عرب کی شان ایسی تھی
جنکی بت پرستی کے واقعات دنیا سے نرالے ہیں مسند دارمی میں وارد ہے قَالَ هَاشِمٌ كَانَ
الرَّجُلُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا سَافَرَ حَمَلَ مَعَهُ أَرْبَعَةَ أَحْجَارٍ ثَلٰثَةٌ يَقْدُرُهَا وَالرَّابِعُ يَعْبُدُ
یعنی ہاشم فرماتے ہیں عرب کی جاہلیت کا یہ حال تھا کہ کہیں سافرت میں چار پتھر راستہ میں سے اٹھالئے
تین پتھروں سے استنجا کیا - چوتھے کو پوج لیا - وہی استنجے کے ڈھیلے تھے اور وہی خدا و معبود -

دودھ مکھن کھ چڑھاوے کیے پیا	سگ نے موتا منہ پہ جب تر تھا صنم اس سے بھی عبرت نہوتی ہائے حیف	لومڑی نے بول تو جیا اور کہا کہتی ہے یہ بھی راز عبد الصنم	کیا چڑھاوا تربہ تر اب ہیں صنم

مسند دارمی میں مجاہد سے روایت ہے عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ حَدَّثَنِي مَوْلَايَ أَنَّ أَهْلَهُ
بَعَثُوا مَعَهُ بِقَدَحٍ لَبَنٍ وَقَدَحٍ زُبْدٍ إِلَى آلِهَتِهِمْ قَالَ فَمَنَعَنِي أَنْ آكُلَ الزُّبْدَ مَخَافَتُهَا
قَالَ فَجَاءَ الْكَلْبُ فَأَكَلَ الزُّبْدَ وَشَرِبَ اللَّبَنَ ثُمَّ بَالَ عَلَى الصَّنَمِ وَهِيَ إِسَافٌ وَنَائِلَةُ
یعنی مجاہد کہتے ہیں کہ مجھسے میرے آقا نے بیان کیا کہ ایک دفعہ زمانہ جاہلیت میں ہمارے گھر والوں نے ایک پیالہ
دودھ دوسرے میں مکھن دیکر مجھے اپنے معبودوں کے پاس بھیجا کہ جاؤ انکی نذر کرآؤ حسب الحکم میں جب بارا
لیکر چلا راستہ میں جی چاہا کہ یہ نعمت میں کھالوں مگر ان بتوں کے ڈر کے مارے نہ کھاسکا اسی طرح جا کر کھا
رکھتے ہی کتا ان بتوں کے پاس آیا - دودھ پیا - مکھن کھایا اور چلتے وقت اس بت کے منہ پر موت گیا - اور وہ
اساف اور نائلہ تھے انتہی وہاں جہالت کی کوئی انتہا نہ تھی - ایسے واقعات سے بھی عبرت تو کہاں بلکہ اس
شرمناک واقعہ کو ایک غیبی اسرار سمجھتے تھے - پھر تھوڑے عرصہ کے بعد یہ بت یہاں سے اٹھا کر صفا مروہ
پہاڑوں پر رکھدئے گئے - اب تو ان بتوں کے نام احترام سے بتائے گئے - ان کا طواف اور حج ہونے لگا - چنانچہ
یہ مضمون آیت إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ کے تحت تفسیروں میں موجود ہے - تاریخ میں ابن ابی شیبہ
کی مروی ہے - حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ بڑا سے بتوں کی پوجا چھوڑ انکو نکال انکی جگہ نئے بتوں
کی پھرتی پوجا زمانہ جاہلیت کا دستور تھا - دلائل ابو نعیم کی روایت میں ایک صحابی کے اسلام لانے کی
وجہ بیان ہوتی ہے کہ وہ سواع بت پر چڑھاوا چڑھا رہے تھے کہ یکایک اندر سے آواز آئی الْعَجَبُ

قَالَ اَلْعَجَبُ مِنْ خُرُوْجِ نَبِیٍّ مِنْ بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ یعنی قابل تعجب یہ بات ہے کہ ایک نبی اولاد عبدالمطلب سے اس جہان میں تشریف لائے ہین راشد بت کے منہ سے یہ کلام سنکر حیران ہوئے کہ آکر صبح کو دیکھتے ہین کہ بت کے سامنے رکھے ہوے ان چڑہاوونکو لومڑیان کہا کہا کر بت کے منہ پر پیشاب کرتی جاتی ہین اس ناپاک واقعہ کو دیکھکر راشد کے دل مین نفرت پیدا ہوئی اور یہ شعر پڑہا ؎

اَرَبٌّ یَبُوْلُ الثُّعْلُبَانُ بِرَاْسِہٖ	لَقَدْ ذَلَّ مَنْ بَالَتْ عَلَیْہِ الثَّعَالِبُ

یعنی بھلا وہ چیز بھی رب ہوسکتی ہے جسکے منہ پر لومڑیان پیشاب کرین اور وہ عاجز (منہ پر متوالے) رات بھر گیدڑ نچتے رہے وہ انکو منع نہ کرسکے ۔ پھر اُسی دن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت مبارک مین حاضر ہوکر اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا نعرہ مارا اور مشرف باسلام ہوگئے ۔ اسی طرح کا واقعہ حضرت ابوذر غفاری کے ساتھ ہوا سفر مین بڑے بت کو ہمراہ لیے گئے تھے لیپ پوت اُسے نہا جنگل گئے وہان سے واپس آنکر دیکھا کہ وہ تر بہ تر ہوئے بیٹھے ہین گو یا جناب نے ابھی غسل کیا ہے ۔ موسم نہایت گرم خشک ۔ عرب کا جنگل جہان پانی عنقا ہین غسل کے لئے پانی کہانسے میسر ہوا تعجب سے فرمایا ؎

لَمْ تُمْطِرِ السَّمَآءُ قَطْرًا	فَمِنْ اَیْنَ اُمْطِرَتْ عَلَیْكَ مَطَرًا

آسمان سے بوند تک برسی نہین لومڑی نے سُنہ یہ کیون متوالیا	خشک جنگل جس مین یک قطرہ نہین دیوتا جی اسکو کیون لایا نہین	تہا کر انسان کا ن سے کر لیا کیا مرادین پاک تم بر لاؤ گے	تر بتر بیٹھے ہو کچہ کہتے نہین فوراً کہا اُسے کہیلے سی نشارا ہین

اصل واقعہ کی تحقیقات کی غرض سے جنیہ کی آڑ مین کھڑے ہوکر دیکھا تہوڑے عرصے بعد ایک لومڑی آئی پہلے بت کو سونگہا ۔ پھر حسب عادت ٹانگ اوٹھا کر منہ پر موتا ۔ حضرت ابوذر نے یہ واقعہ دیکھکر فرمایا واہ جناب جب ہمارے معبود ایسے پاک مبارک پانی سے اشنان کرین تو بتاؤ اون کے پجاری اس پانی سے اچہا (گنگا) اور کونسا پانی غسل کے لئے لائینگے ۔ فوراً جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت مبارک مین حاضر ہوکر مشرف باسلام ہوگئے (یہ ماخوذ ہے احسن المواعظ ۔ اور تقریر نظم و نثر شیخ سے

ہے ہشام ابن محمد سے بیان لائق کو آتی پہاڑی غار مین راستہ اس کو برا سطرح تہا جو کہ تھے قابیل کی اولاد سے سب سے پہلے بت تراشی انسے کی	ہاں سبب کرتے روایت مین قسم شیث کی اولاد نے رکہا ہم کہو کر چلتے تہے سب اہل حرم جسکا ہے قرآن مین قصہ رقم مورتِ آدم بناکر کے بہم	بت پرستی کا سبب پہلا ہے یہ ہند مین اُسکے یہ تہا وہ پہاڑ قیاس کرکے اسکو مرقد کا طواف بولا ایک قابیل کی اولاد کا اُسکا ہی کرنے لگے تہے وہ طواف	حضرت آدم نے چھوڑا جبکہ دہم وہ ذاتی پیدا اسے پایہ ہم کچہ کہو احفاد آدم سے قسم جانتے وہ محروم رہو ہین اس کی معبد مین آنے لگا پھر وہ صنم

ضمیمہ ہشام بن محمد بن سائب کلبی کہتے ہیں کہ مجھسے میرے باپ نے کہاہے کہ آغاز بت پرستی کا اس طرح ہوا کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب وفات پائی تو اولاد نے بیٹے شیث علیہ السلام کی اولاد نے اُن کو اُس پہاڑ کے غار میں رکھا جسپر حضرت آدم ہند کی زمین اوتارے گئے تھے - اور اُس پہاڑ کو نود کہتے ہیں وہ زمین کے پہاڑوں میں سب سے ارزانی رکھتا ہے - ہشام کہتے ہیں پھر مجکو میرے باپ نے ابو صالح سے اُسنے حضرت ابن عباس سے (سنکر) خبر دی کہ بعد اس ماجرے کے حضرت شیث علیہ السلام کی اولاد حضرت آدم علیہ السلام کے جسم کے پاس اوس غار میں آتی تھی اور اونکی تعظیم اور اونپر دعا کرتی تھی پس ایک شخص نے قابیل کی اولاد میں سے کہا کہ اے اولاد قابیل شیث علیہ السلام کی اولاد کا ایک بُت ہے کہ اوس کے گرد گھومتے ہیں اور اوسکی تعظیم کرتے ہیں - تمھارے یہان کچھہ نہین پھر اُنکے لیئے ایک بت تراشا - (تصویر آدم) کا اور سب سے پہلے اُسنے بُت بنایا (ترجمہ اغاثہ)

باپ نے کی روایت ہے ہشام دو دن میں یکماہ کے وہ مرگئے لیک اونہیں جاں بر سکی ہیں نہیں مورتوں کا اونکی وہ کرتے طواف	کیونکہ اور کیون بچی پانچون صنم گزشت کنبہ کا ہوا اونپر ستم بولے بوہت ترب گرچہ پانچون صنم قرن پنجم میں شفاعت کے بھرا جو نبی بھیجا اُنہیں تبا ادریس کو	ایک ود دیگر سواع سویم یغوث بولا ایک قابیل کی اولاد کا یہ زمانہ میں بنے تھے یزد کے کی بہت تعظیم پھر پیچھے سے آگے دین حق بتا بلاد میں اونکا حرم	ایک یعوق و نسر تھا پنجم صنم اُنکی صورت کے تراشا ہون صنم پانچون پتھر کی تھی آدم سے ہم آٹھوین پتھر کی تھے کا فرا ہم
اُنکو جھبلایا اٹھا اُنکو لیا قالوا الآمنن آخر تک ستو	آسمان پر ہے مدینہ تو بمنن رتم بولے پوجو نہ چھوڑو اک صنم	یوں تبھی بھی بہت تابت قوم نوح ہر طرح سمجھایا پر مانی نہ قوم	تھا کہ تھے اُن سب بت یہ پانچون صنم ڈوب کر اونکا گیا دنیا سے عم

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ هٰذِهِ اَسْمَاءُ رِجَالٍ صَالِحِيْنَ مِنْ قَوْمِ نُوْحٍ لَمَّا هَلَكُوْا اَوْحَى الشَّيْطَانُ اِلٰى قَوْمِهِمْ اَنِ انْصِبُوْا اِلٰى مَجَالِسِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا يَجْلِسُوْنَ اَنْصَابًا وَسَمُّوْهَا بِاَسْمَائِهِمْ فَفَعَلُوْا فَلَمْ تُعْبَدْ حَتّٰى اِذَا هَلَكُوْا وَنُسِخَ الْعِلْمُ عُبِدَتْ - رواه البخاری

امام بخاری نے اپنی صحیح میں حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ یہ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے نیک لوگون کے نام ہیں جب یہ مرگئے تو شیطان نے اونکی قوم سے کہا (یعنی وسوسہ دیا) کہ جن بیٹھکون میں بیٹھتے تھے وہان بت (یعنی اونکی یادگارین) قایم کرو اور اُن مورتون کے نام اُن (ود سواع یغوث یعوق نسر) کے نام پر رکھو انہوں نے ایسا ہی کیا پر اُن بتوں کی پرستش نہین ہوئی یہانتک کہ جب یہ لوگ مرگئے اور علم جاتا رہا تب اونکی پوجا ہونے لگی - ترجمہ

تمام ہوا

ابن جریر بروایت محمد بن قیس کہتے ہین کہ یہ لوگ بنی آدم مین سے نیک تھے اور اون کے پیرو تھے جو اُن کی اقتدا (یعنی پیروی) کرتے تھے جب وہ مرگئے تو اون کے تابعین نے کہا کہ اگر ہم اون کی تصویرین بنالین تو ہمکو عبادت کا شوق زیادہ دلا مین گے جب ہم اون کو یاد کرینگے اس نظر سے اُن کی تصویرین بنا ئین جب یہ تابعین مرگئے اور دوسرے لوگ آئے شیطان نے اُنہین وسوسہ دیا اور کہا کہ وہ لوگ تو اون کی عبادت کیا کرتے تھے اور اُنہین کے باعث مینہ دئے جاتے تھے۔ پس اون لوگون نے اونکی پرستش کی ۔ ہشام کہتے ہین کہ مجھسے میرے باپ نے کہا کہ ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر نیک لوگ تھے وہ ایک مہینہ مین مرگئے ۔ اُن کے ۔ اوبر اون کے اقارب کا گشت نکلا تو ایک نے قابیل کی اولاد مین سے کہا کہ لوگو اگر تم کہو تو تمہارے لئے پانچ بت اونکی صورتون کے موافق بنا دون مگر مجھہ مین یہ طاقت نہین کہ اون مین جان ڈالدون بولے بہتر (تب) اُسنے اُنکے لئے پانچ تراشکر کھڑے کر دئے اور حال یہ ہوا کہ آدمی اپنے بھائی اور چچا کے پاس آتا اور اُسکی تعظیم کرتا اُسکے گرد دوڑتا (یعنی اُن پانچون مین سے جسکے عزیز و اقارب زیارت کو آتے طواف کئے بغیر نہ جاتے) حتی کہ یہ قرن گذر گیا اور یہ بت یرد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم کے عہد مین بنائے گئے تھے ۔ پھر اُس پیڑہی کے بعد دوسری پیڑہی کے لوگ آئے جنہون نے اُن کی تعظیم پہلے قرن سے زیادہ کی پھر دوسرے کے بعد تیسرے قرن نے کہا ہمارے اگلون نے جو اُن کی تعظیم کی تو صرف اسلئے کہ وہ خدا کے یہان اُن کی سفارش کی توقع رکھتے تھے ۔ اسی لئے تیسری پیڑہی والون نے اونکی پرستش کی اور اُن کا کفر بڑہ گیا تب اللہ تعالے نے حضرت ادریس علیہ السلام کو اون کی طرف بھیجا اونہون نے اونکو دین حق کی طرف بلایا پس اُنہون نے حضرت ادریس علیہ السلام کو جھٹلایا تو اللہ نے اُنکو اونچے مکان مین اوٹھا لیا ، (بعد اسکے) لوگونکا حال ہمیشہ سخت ہوتا رہا (یعنی کفر مین بڑہتے رہے) ۔ ترجمہ انتہٰی

دب گئی ریتی مین بھی طوفان سے	یارہے وہ اکہہ داتی صنم	عمرو کا ہی کہتا یا خواب مین	رہتا مین جدہ کے ہی پانچون صنم
جج کو موسم مین الے لارہے	اُنکی پوجا پر بلائے جم کے جم	دیدیا عذر کے بیٹے عوف کو	ود جو تہا صورت انسان صنم
عبد ود اُسے کہا بیٹے کا نام	کلب کے دومہ مین پوجا صنم	بو کلیب بہی مالک نے کہا	رہتی آنکھون دیکھا اور کاصنم
باپ نے بہی کہا ود کو بلا	دو وہ تہا خدا نے لیے قدم	راوی کہتا ہی کہ خالد بن لب	توڑتی تہی وہ گاو رچانہ تہی ہم

کلبی نے ابو صالح سے اور اوس نے ابن عباسؓ سے جو روایت کی ہے ۔ اوس مین قوم کو نوح علیہ السلام کے ایک سو بیس برس تک خدا تعالے کی طرف بلانے کا ذکر ہے ۔ بہر دعوت نوح نہ ماننے پر قوم کے ڈوبنے کا اور طوفان کے آنے سے بتون کے جدہ پہونچکر ہوا سے ریتے کے تلے دب جانیکا بیان

کلبی کہتے ہین کہ عمرو بن لحی کاہن تہا اور ایک جن اوسکا دوست تہا اوس نے اوس سے کہا کہ تو تہامہ (یعنی مکہ) سے خیر سلامتی کے ساتھ جلد سفر کر کے جدہ جا وہان تجھکو بت طیار ملینگے انکو تہامہ مین لے آ۔ اور تامل مت کر پہر عرب کو انکی پوجا پر بلا تیرا قول مانا جائیگا۔ عمرو جدہ گیا اور ان بتون کو کہود ا پہر انکو تہامہ مین لایا یہانتک کہ تہامہ مین اوترا اور حج مین حاضر ہوکر تمام عرب کو انکی عبادت کی طرف بلایا اوسکا کہنا عوف بن عذرہ بن زید اللات نے مانا۔ عمرو نے وہ بت اُسکو دیا جسکا نام وَدّ تہا عوف اوسکو اوٹہا لایا اور یہ وَدّ دُومۃ الجندل کے وادی قُریٰ مین تہا اور عوف نے اپنے بیٹے کا نام عبد وَدّ رکہا اور وَدّ کے نام پر اول اُسیکا نام رکہا گیا۔ اور عوف نے اپنے بیٹے عامر کو اُس بت کا خادم مقرر کیا۔ پس اوسکی اولاد ہمیشہ اوسکی خدمت کرتی رہی یہانتک کہ اللہ تعالے اسلام کو لایا۔ کلبی نے کہا ہے کہ مجہے مالک بن حارثہ نے کہا ہے کہ مین نے وَدّ کو دیکہا ہے۔ میرا باپ مجکو دودہ لیکر وَدّ کے پاس بہیجا کرتا تہا اور کہا کرتا تہا کہ یہ دودہ اپنے خدا کو پلادے مین اوس کو پلا دیتا تہا۔ راوی کہتا ہے کہ پہر مین نے خالد بن ولید کو دیکہا کہ اُنہون نے اُسکو توڑ کر ریزہ ریزہ کر دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خالد بن ولید کو اوسکے ڈہانے کو بہیجا تہا۔ عذرہ اور عامر کی اولاد نے اون کو روکا آپ نے اُن سے جہاد کر کے اُنکو تیغ کیا اور وَدّ کو ڈہا کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ کلبی نے کہا ہے کہ مین نے عامر بن حارثہ سے کہا کہ مجہسے وَدّ کا حال ایسا بیان کر کہ گویا مین اوسکو دیکہ رہا ہون اوس نے کہا کہ وہ ایک بڑے مرد کی صورت تہی جس کا نقشہ نہایت عمدہ تہا اور بدن پر دو کپڑون کا لباس تہا۔ ایک کو وہ تہمد کئے تہا اور ایک کو چادر اوڑہے تہا اور ایک تلوار تہی جسکو حمائل کئے تہا۔ اور شانہ مین کمان ڈالے ہوئے تہا اور سامنے اوس کے ایک نیزہ تہا جسمین جہنڈا تہا اور ایک ترکش تہا جسمین تیر تھے الخ

ضمیمہ باوجودیکہ کتب عہد عتیق و عہد جدید سے تحریف نے امان اوٹہا دی ہے مگر نام رکہنے مین کسی نبی یا فرشتہ کا بندہ نہ کوئی کتاب بتلاتی ہے نہ کسی نبی نے ایسے نام رکہنے کی اجازت دی اناجیل تک سید نا عیسی علیہ السلام کو جبریل کے نام سے یاد نہین کرتین قرآن مجید سے یہ نام تجویز نا صاحب الاشن والعلی کی دہینگا دہینگی ہے۔ عبد العزیٰ نام رکہتا ہو دین اور عبد المسیح نصاریٰ مین اور دیبی داس وغیرہ نام ہندو مین رکہے جاتے تھے جسکا ابطال اور ذم قرآن مجید نے پہلے ہی کر دی۔ فرمایا اللہ تعالے نے فَلَمَّا آتَاهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهُ شُرَكَاءَ فِيمَا آتَاهُمَا الآیہ ترجمہ جبکہ دیا اُسی اللہ نے اُن دونون کو (بیٹا) صحیح و سالم ٹہرائے اونہون نے واسطے اُسی اللہ کے شریک اوس مین جسکو دیا تہا اونکو آخرت تک یعنی اللہ کی عطا فرمائی ہوئی اولاد مین

غیر اللہ کا بندہ نام رکھنے کی وجہ سے غیر کو شریک ٹھہرایا ہے اگر مراد اس سے قصی اور زوجہ قصی ہے
جیسا کہ شرکا بصیغہ جمع لانا اسپر دلالت کرتا ہے اسلیئے کہ انہون نے اپنے بیٹون کا نام عبد العزی۔
عبد مناف۔ عبد الشمس۔ عبد الدار۔ عبد قصی رکھا تھا چونکہ پانچ بیٹون کو پانچ کا بندہ کہا تو پانچ کے لئے
صیغہ جمع کا یعنی شرکا رلایا گیا۔ پس قصی اور زوجہ قصی کا ان نامون کے رکھنے مین مشرک ہونا اور ان نامون کا
اسماء شرکیہ ہونا علی الحقیقۃ ظاہر ہے۔ اور اگر مراد اوس سے حضرت آدم و حوا علیہما السلام تو بموجب تصریحات
تفاسیر و روایت حاکم اولاد جیسے نہ جیتے رہنے کی امید پر اپنے بیٹے کا نام حضرت حوا نے عبد الحارث شیطان کی
دہوکا دہی سے رکہا تہا۔ اس خیال سے کہ حارث کسان کہیتی کرنے والے کو کہتے ہین۔ اور یہ مخلوق اللہ سبحانہ
کی کہیتی باڑی ہے اور اللہ اس کا حارث ہے تو عبد الحارث نام رکہنا افادہ مین عبد اللہ نام رکہنے کی برابر ہے
حالانکہ حارث نام شیطان کا تہا اگرچہ حضرت حوا کو اس کا علم نہ تہا تو اس نام رکہائی مین یہ ملحوظ کیئے ہوتا
پس اس کا وہم و گمان بھی اونکی طرف شرک منسوب کرنیکے لئے نہ کرنا چاہیے۔ یہ بات دوسری ہے
کہ ایہام شرک کو نفس لفظ سے ملحوظ فرماکر اللہ سبحانہ شرک کے نام سے ہی رد فرمائے۔ اور باوجودیکہ
حضرت آدم علیہ السلام اس نام رکہائی مین شریک نہ تھے جیسا کہ روایت حاکم سے ظاہر ہے۔ تاہم چونکہ
اُنکے گہر مین یہ نام رکہائی ہوئی تھی لہذا اس انتساب مین اونکو بھی لے لیا ع جنکے رتبے ہین سوا اُن کو سوا مشکل ہے۔ الامن کے صفحہ ۹۴ مین جو جبریل بخش۔ مدار بخش۔ سالار بخش نام رکہنے کو جائز بنانے کے
لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ○ سے تمام مفسرین متقدمین و مؤلفین کے خلاف دیا ہے اس تحریفی خیال کے
ابطال کو بھی پوری آیت بس ہے قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ○
یعنی کہا انہین جبریل نے سوا اسکے نہین (اے مریم) مین تو تیرے رب کا پاکیزہ لڑکا بخش
جانے کے لئے بہیجا ہوا رسول ہون۔ تمام تفاسیر سلف و خلف اور محاورات دیکھ لیجئے اللہ کی طرف
سے نرائی بخشش اور انعام دے جانے والا کہو کہ مین تجکو بخشش دے چلا یا بخش چلا تو اس سے دہ بخشش
الٰہی اوس سفیر و رسول کی بخشش نہو جائیگی۔ اور مبلا ائمہ مجتہدین فقہا و محدثین مین سے کسی نے بھی
اس آیت سے ایسے نام رکہنے کے جواز کو نصاً یا استنباطاً ثابت کرکے حیلہ شرک کا رالا کوٹالا ہے۔
یہ تو سب نرالی حدت طرازی تعبدی امور مین انہین حضرات کے ہی نئے دین کا نرالا حصہ ہے جو وہابیت
کے رد کے سلسلہ مین انکا ہو چکا تہا۔ چنانچہ الامن مین فرماتے ہین خاتمہ سبق بار رضا شہر مین سوئے
تجدید مین سب سے نرالا رنگ رکہا ہے انتہی غیر اللہ کا بندہ نام رکہنے کے حق کرنے پر صاحب الامن
کو حسد غصہ اور غضب لاحق ہوا اوس کا اندازہ اس سے کیجئے الامن مین مثنوی سے بندگان کو بہی تو

صفحہ ۹۳
مناکر لکھتے ہیں اسپر تو دیکھا چاہتے دہابیت کا جن کتاب مجلے بخدیت کی آگ کہانتک جھلے۔ آگے حضرت امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا درہ سیاست دکھایا اور بخدیت کی آگ پر شاہ ولی اللہ صاحب کے پانی کا چھینٹا یون دیا ہے کہ شاہ صاحب ازالۃ الخفا مین قول عمر کُنتُ عَبدُہٗ وخادِمُہٗ نقل فرمارہے ہین جسکا ترجمہ آپ ہی نے دو جگہ یون کیا ہے کہ مین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ مین تھا حضور کے ساتھ تھا اور مین حضور کا بندہ اور حضور کا خدمتگار تھا الخ وہ بوجگہ معنے ہے پر معیت کی قید اس سفر کے بیان مین یہ بندہ ہونیکے کیسی بندہ تو ساتھ ہو جب بھی بندہ جُدا ہو جب بھی بندہ راز یہ ہے کہ یہان عطف تفسیری عبد کو خادم کے معنی مین متعین کر کے عبودیت کے معنی کے احتمال کو اُتار رہا ہے ایسے ہی بندگان کوئے تو مین کہ تیرے کوچہ کے خادم ہین اور پھر یہ تسمیہ کبھی تو ہین جسمین اصل عبودیت ہے چونکہ شاہی پانی اوڑا یہ چالاکی کی گئی ہے۔ لہذا ہم بھی اُنہیں شاہ صاحب کے پانی کو جسکو مولف الامن آگ بجھانے لیچلے ہین خرمن پیر پرستی و نفسیت پھونکنے مین کالذین فی النار کا کام دیتا دکھائی دیتے ہین۔ یہی شیخ المشایخ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حجۃ اللہ البالغہ شریف مین فرماتے ہیں۔

ومنہم من اعتقد ان اللہ ھو السید وھو المدبر لکنہ قد یخلع علی بعض عبیدہ لباس الشرف والتالہ ویجعلہ متصرفا فی بعض الامور الخاصۃ ویقبل شفاعتہ فی عبادہ بمنزلۃ ملک الملوک یبعث علی کل قطر ملکا ویقلدہ تدبیر المملکۃ فی ماعدا الامور العظام فتلجلج لسانہ ان یسمیہم عباد اللہ فیسویہم وغیرہم فعدل عن ذالک الی تسمیتہم ابناء اللہ ومحبوبی اللہ وسمی نفسہ عبدا لاولئک کعبد المسیح و

اور انہیں مشرکون مین سے وہ ہیں جو معتقد ہین اس امر کے کہ سردار اور مدبر تو اللہ ہی ہے۔ لیکن وہ کبھی اپنے بعض بندون کو شریف ہونے اور معبود بننے کا خلعت عنایت فرماتا ہے اور اُنکو بعض امور خاص مین تصرف کا اختیار دیدیتا ہے۔ اور اُن کی شفاعت بندون کے حق مین قبول فرماتا ہے جیسے شہنشاہ کہ ہر جانب مین ایک بادشاہ صوبہ دار بٹھاتا ہے اور تدبیر اور انتظام اُس ملک کا یا سثنائے امور عظام اُس کے ذمہ کر دیتا ہے۔ پس رُکتی اور لڑکھڑاتی ہے زبان اُسکی اُن کو بندگان خدا نام رکھنے سے اسلیے کہ اسمین وہ دوسرون کے برابر ہو جائینگے تو اس سے گذرکر اُن کا نام اللہ کا بیٹا اللہ کا محبوب رکھتا ہے اور اپنا نام ان کا بندہ رکھتا ہے جیسے عبد المسیح اور عبد العزیٰ۔ اور یہ مرض جمہور یہود و نصاریٰ و مشرکین کا ہے اور بعض غالیون کا دین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منافقون

وعبدالعزیٰ وھذا امر عن جمہور الیہود والنصاریٰ والمشرکین ولبعض الغلاۃ من منافقی دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی یومنا ھذا ۔

سے ہمارے اس زمانہ میں۔ ترجمہ تمام ہوا۔
دیکھو تو یہ وہی شاہ صاحب ہیں جنکے پانی کا چھینٹا لیکر وہابیت کی آگ بجھانے چلے تھے۔ وہی غیر اللہ کا بندہ نام رکھنے کو مرض جمہور یہود و نصاریٰ و مشرکین اور اپنے زمانہ کے دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے منافقوں کا بتلاتے ہیں۔ اب فرمائیے یہ تو تھا دودھ نہ اُگلتا نہ نگلتا ہوگیا جن کو اپنا حامی بنایا تھا اُنہوں نے ہی ایسے نام رکھنے کی بدولت غالی منافق ہونے کا خطاب دیکر ہمرنگ یہود و نصاریٰ و مشرکین بنا دیا اور وہ بھی کیا کریں ولما اتاھما صالحًا الآیہ مجبور کر رہی ہے جسکے ذیل وہی فرماتے ہیں مترجم گویا این تصویر است حال آدمی را کہ نزدیک فعل عمل نیت اخلاص درست کند و چون فرزند بوجود آید آنرا فراموش سازد و در تسمیہ اشتراک بکند وازینجا دانستہ شد کہ شرک در تسمیہ نوعی از شرک است چنانچہ اہل زمانہ ما غلام فلان و عبد فلان نام ہنہند واللہ اعلم حضرت مولینا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی بھی ایسا ہی فرماتے ہیں[1] صاحب الامن نے جن کو وہابیت ساز ٹھہرایا ہے وہ ابن حجر مکی عبدالنبی عبدالکعبہ عبدالدار عبد علی عبدالحسین نام رکھنے کو ایہام شرک کی وجہ سے حرام فرماتے ہیں علی قاری وظاہرہ کفر فرما رہے ہیں اور فصول علائی میں اس کو منع فرمایا ہے اور ذالعقائد ہی تا لا کثر علی المنع خشیۃ حقیقۃ العبودیۃ کما لایجوز عبدالدار یعنی اور اکثر علما اس کے ممنوع ہونے پر ہیں بسبب اعتقاد حقیقت عبودیت کے ۔ پھر بصورت اختلاف اُن کے حق میں ہی جو صفت فعلی تکوین الٰہی میں تفویض اور عطا کے معتقد ہوں اس لئے جن کا تدبیر وغیرہ صفت مختصہ الٰہیہ میں یہ اعتقاد ہے اونکو عبارت تحفۃ اثنا عشریہ کی شرک تبلا رہی ہے ۔ اس لئے کہ خدائی تدبیر فرع نہیں محنت مشقت کمائی کی احتیاج سے منزہ ہے جس ناموجود کی نسبت کن کہہ دیا موجود ہو جا فرمایا نہیں اور وہ موجود ہو گیا نہیں بخلاف مخلوق کی تدبیر کے وہ کمائی کا اثر ہے نہ کن کا ۔

تہی سواع کی پوجنے والی ذلیل اور یعوق یہاں کا تباہ اور بشر	اور یغوث اللہ بخش کے یہاں صنم ذی الکلاع کی بات پوجا کا صنم	پوجتا سکو لکی قوم مراد پوجتے تھے انکو تب بیجا الہول	پھر غطیفی نسل نے پوجا وہ سم حق نے زمانہ ... دیکھ

[1] قولہ حضرت الخ قال فی فتح العزیز تحت قولہ تعالیٰ ولا تجعلوا للہ اندادا اذا جعلوا اندادا شکر در نام نہادن خود را بندۂ غیر اللہ عبد فلان میگویند درین شرک تسمیہ است وقال شاہ ولی اللہ فی الفوز والبازغۃ فسموا انفسہم عبدالمسیح وغلام فلان الخ وقال ابن الحجر المکی فی شرح المنہاج ویحرم مالا یقولہ لان ذلک لیس لغیر اللہ وکذا عبدالنبی وعبدالکعبۃ وعبدالدار وعلی الحسن لایہام التشریک انتہی وقال علی القاری فی شرح الفقہ الاکبر واما ما اشتہر من التسمیۃ بعبدالنبی فظاہرہ کفر الا ان یراد بالعبد المملوک انتہی وفی الفصول العلائی ولا عبد فلان الخ انتہی

ہی بخاری میں کہ دیکہا آگ میں | عمرو بن عامر کو جلتا (پر الم) | اپنی آنتونکو گہسیٹی تہا لعین | دین ابراہیم بدلا اسکے دم

بقیہ روایت سابقہ کا یہ ہے اور عمرو بن لحی کا کہنا مضر ونزار نے بھی مانا اسلئے اوس نے سواع نامی بت (جسکو کمالین مین عورت کی شکل پر بیان کیا ہے) ہذیل کی قوم میں سے حارث بن تمیم بن سعد بن ہذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر کے حوالہ کیا اور یہ بت بطن نخلہ مین ت وماط مقام پر تہا اوس کے پاس رہنے والی مضر کی قوم اوسکو پوجتی تھی اور اُس عمرو بن لحی کا کہنا مدحج نے بھی مانا تو اُسنے یغوث کو انعم بن عمرو المرادی کے حوالہ کیا یہ بت یمن کے ٹیلہ پر تہا مدحج کی قوم اور انکے دوست اُسکو پوجتے تھے اور اوس کا کہنا (قبیلہ) ہمدان نے قبول کیا تو یعوق کو مالک بن مرثد بن جشم کے حوالہ کیا اور یہ خیوان گانون یمن میں تھا اور ہمدان قوم اور اونکی موافق لوگ مین یمن سے اوسکی پرستش کرتے تھے اور اُس کا کہنا حمیر نے مانا تو اوس نے نسر کو ذی رعین قوم کے ایک شخص معد یکرب نام کے حوالہ کیا اور یہ بت سبا کی ایک جگہ بلخع مین تہا اور (قوم) حمیر اور اوس کے موافق لوگ اوسکی پرستش کیا کرتے تھے۔ غرضکہ یہ لوگ اوسکی پرستش کرتے رہے یہانتک کہ ذونواس نے اونکو یہودی بنایا اور ان سب بتون کی ہمیشہ پرستش ہوتی رہی یہانتک کہ اللہ تعالے نے نبی صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کو بھیجا آپ نے اونکو ڈہایا اور توڑا اور صحیح بخاری مین حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مین نے عمرو بن عامر خزاعی کو دیکہا کہ دوزخ مین اپنی آنت کو گھسیٹتا ہے اور یہ وہ تہا جسنے اول سانڈ چہڑوایا اور ایک روایت مین ہی کہ اُسنے دین ابراہیم کو بدلڈالا آئندہ اسی بیان کی بابت محمد بن ابراہیم سے مروی جو ابن اسحاق سے نقل کی ہے اوس مین عمرو بن لحی کے دوزخ مین آنت گہسیٹنے کے ذکر کے بعد اوسکا اکثم کے مشابہ اور اس مشابہت سے کچہہ ضرر نہونا بیان فرماکر اوس کے دین اسمٰعیل بدلنے اور بحیرہ اور سائبہ اور وصیلہ اور حام بنانے کا ذکر فرمایا ہے۔ اور عمرو بن لحی اور عمرو بن عامر ایک ہی شخص ہے جسکے باپ کا نام عامر اور لقب لحی ہے۔

ہی کمالین میں بیان برشکل مرد | ود کی مورت تھی سواع عورت صنم | تہا یغوث یک شیر گہوڑا تہا یعوق | نسر تہا کرگس کی صورت کا صنم

کمالین مین کتب تفاسیر سے نقل کیا کہ ود مرد کی شکل پر سواع عورت کی صورت پر یغوث شیر کی شان صورت پر یعوق گہوڑے کی مورت نسر کرگس کی شکل پر بنائے گئے تھے صحیح بخاری وغیرہ کی صحیح حدیثون ذیا بچون کا مرد ہونا اور اولاد آدم سے ہونا ثابت ہے پس ان صورتون مین تراشنا بنانا انکا شاید مناسبت اوصاف ہو جیسے شیر کی سی صولت اور رہا وہی تھی اوس کو شیر کی شکل مین بھی بعضون نے اوتارا ہو وعلی ہذا دوسری صورتون مورتون مین

پہلے ت دریا کنارے برسات | اودپر خنبج کی بچا پایہ صنم | سرہند آئی اوس خنبج اوپر تہے | آج پہلی یہ بلا قبر و نبہ عم

منڈتی ہی قبر پہ چٹیا طفل کی
رامپور کے مولوی ارشاد حسین
جہل کا کردی خدا خانہ خراب
عرض حیلہ انکی سنادیں کان مین

کفر دی پر کے جیسے بال و پشم
دیتے ہین فتوی اور ایک علما کا جم
کفر کرنا اس سے ہی آتے ہین جم
وہ مجاور اور صنم گر یا ہی غم
اسمین وارد ہین وعیدین بیشمار

ڈہیلی ڈہیلی چہیری چڑہتی ہی کہین
یہ چڑہانا فعل فاعل ہے حرام
گانون دیوی مین ہی ڈہنگ کا
جانتے ہین اہل اسلام کے بیخبر جوان
حیف اونکا بھی نہین کچہہ خوف غم

کہین مزعومنکی سہرے ہین قلم
اور چڑہانا واہی حرام اوسکا دوم
بنگیا وارث علی کا بھی صنم
مورتین کہنا بنانا ہے ستم

ص۷۶ ہشام کہتے ہین کہ مجہسے ایک قریش کے آدمی نے ابو عبیدہ بن عبداللہ بن ابی عبیدہ سے اور اسنے محمد بن عمار بن یاسر سے روایت کی ہی کہ اوس اور خزرج اور اہل یثرب وغیرہ کے عرب جو اونکے ہمسایہ تہے حج کرتے تھے اور سب ٹھہرنے کی جگہہ مین وقوف کرتے تھے۔ مگر اپنا سر نہین منڈاتے تھے۔ اور جب اپنے مکان کو واپس جاتے تھے تو اوس منات بت کے پاس آکر وہان سر منڈاتے تھے اور اوس کے پاس ٹھہرتے تھے اور اپنے حج کو بدون اس فعل کے پورا نہ جانتے تھے اور منات ہذیل اور خزاعہ کا تھا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فتح مکہ کے سال بہیجا آپ نے اوس کو ڈہا ڈالا الحدیث یہ پہلا بت منات اعاظم دریا کے کنارے مشلل کے ایک طرف کو جو کہ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک جگہہ ہے کہڑا ہوا تہا الخ ص۷۶) اوسکے واسطے قربانیان بہیجتے تھے اور اوس کے واسطے ذبح کرتے تھے۔ ص۷۶ بطور التقاط نقل کیا اسکو ترجمہ سے اغاثہ کے ہر بت پر سر منڈانے اونکی بہینٹ چڑہانے کی بلا شبہہ جس مسلمان کی ایمانی نگاہ مین ہی اوسکی غیرت اسلامی شہر اد آباد وغیرہ کے بعض مزارات پر بچونکی چٹیا منڈانے رکہانے ڈہیلی ڈہیلی چہیری چڑہانے کو ہرگز تجویز نہ کریگی۔ بزرگون کے مزار مہبط انوار کو منات کا ہمرنگ بنانا کمال بے ادبی ہے۔ خود اس خاندان کے اہل علم حضرات رامپور ان حرکتون کو معیوب جانتے ہین۔ ملا علی محمد مرحوم میلسانوی کے استفتاء کے جواب مین مولانا ارشاد حسین صاحب مرحوم اور اون کے چند تلامذہ ودیگر علماء رامپور نے بنقل عبارات کتب فقہیہ وآیات وتفسیر بتصریح کردی ہی کہ قبرون کا چڑہاوا جدا حرام ہے اور چڑہانا فعل فاعل کا جدا حرام ہے سنا ہمنے اپنے شیخ سے۔ اور انہون نے حافظ مولوی عبدالرحمن رئیس امروہہ والہ آبادسے کہ دیوہ دیوے مین حاجی وارث علی صاحب کی تصویر بنائی گئی ہے اوس کے ساتھ نوبت بجاور اونکے مریدونکی عرض معروض کرتے ہین یہ ایسا فتنہ ہے جسکی نظیر دوسری جگہہ مسلمانون مین نہ ملے گی سیدنا نوح علیہ السلام نے اس مورتی پوجن بت پرستی کے مٹانے مین جو کچہہ اذیت اوٹہائی ہے مسلمانون کے لب ور زبان اوس سے ناآشنا نہین خود سید الکائنات علیہ وآلہ وسلم نے اس بلاء بے درمان کی شائعین کو تو سنا صدمہ ہی جو نہ اوٹہایا۔ پھر اسکو چلانا مسلمانونکو زیبا نہین بخاری ومسلم مین حضرت عبداللہ

بن مسعود سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا بیشک سب لوگون سے زیادہ[۹۱] عذاب تصویر بنانے والون کو ہوگا اور بخاری اور مسلم کی دوسری روایت مین دوسری اسناد سے بھی ایسا ہی آیا ہے - اور یہ کہ مصورون کو حکم ہوگا کہ جلاؤ جن کو تم نے بنایا اور اسی روایت مین پردہ پر باریک مورتین ہونے کی وجہ سے آپ کا گہر مین داخل نہونا مذکور ہے (ترجمہ مشارق ملخصا) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہین داخل ہوتے فرشتے[۹۲] جس گہر مین کتا یا تصویر ہو (اصلاح الرسوم) آیندہ نوٹو کی تصویر کو بھی اسمین داخل کیا اور ثبوت کو پہنچا دیا ہے

عمرو نے اولاد اسماعیل کو	کر دیا ہے شہر خارج از حرم	حیف کا کعبہ کا مجاور بنگیا	ہر ص ہی آخر ہوا جب نیم دم
گرم چشمہ پر گیا بلقا کو وہ	اور مارب پر گئی قایم خیم	نہا ہوا چنگا وہان سے بت اٹھا	لا کے رکھا کعبے پاس اپنا صنم
یون لبھائی لوگ شامی ہین غنی	بت پرستی کی بدولت خوش ہم	ان کو چنوا تا ہی برسا تا ہی مینہ	کر لیا بت ہدایت اسنے

حسیرت[۵] ابن ہشام کہتے ہیں کہ مجھسے کسی علم والے نے کہا ہے کہ عمرو بن لحی مکہ سے شام کی طرف اپنے کسی کام مین نکلا جب زمین بلقا سے مارب میں آیا وہاں اُن دنوں عمالقہ کی قوم تھی جو عملاق بن لاود بن سام بن نوح علیہ السلام کی اولاد ہیں - انکو دیکھا کہ بت پرستی کرتے ہین - پس اُن سے پوچھا کہ یہ کیسے بُت ہیں جن کو تم پوجتے ہو - اونہون نے جواب دیا کہ ہم اُن سے مینہ کی درخواست کرتے ہین تو بارش ہوتی ہے اور اُن کے ذریعہ سے مضرت چاہتے ہین تو فتح ہوتی ہے - اوس نے کہا تم ایک بُت مجکو دو کہ میں عرب میں لیجاؤں اور وہ اسکی پرستش کریں - اُنھون نے اُسکو ایک بت دیا جسکا نام ہُبل تھا وہ اُس کو مکہ مین لایا اور نصب کر کے اُن کو اُسکی تعظیم اور عبادت کے واسطے کہا ہشام کہتے ہیں کہ مجھسے میرے باپ نے اور اور لوگون نے بیان کیا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام جب مکہ میں رہے اور اُن کی آپ سے اولاد پیدا ہو کر اتنی بڑھی کہ اُن سے بھر گیا اور اُنھون نے مکہ سے عمالقہ کے لوگوں کو نکال دیا تو مکہ اُن پر تنگ ہوا اور اُن میں آپس میں لڑائیاں اور عداوتیں ہوگئین بعضون نے بعضوں کو نکال دیا یہ لوگ معاش کی جستجو مین ادہر اودہر شہروں میں ہوگئے ابن ہشام کی روایت میں ہے ہُبل سرخ عقیق کا بشکل انسان داہنا ہاتھ ٹوٹا ہوا تھا عرب کو ٹوٹا ہی ملا تھا اونہون نے اُسکا ہاتھ سونے کا بنا یا تھا جسنے اُس کو اول کہڑا کیا تھا وہ خُزَیمۃ بن مدرک بن الیاس بن مضر تھا اور یہ بت خانہ کعبہ کے اندر تھا جسکے سامنے تیر تھے ایک پر صریح اور دوسرے پر ملصق لکھا ہوا تھا

---

[۹۱] تصویر کی تحریم سے بعد والے مصورونکو [۹۲] فرشتے رحمت کے ۱۲

جس لڑکے میں شک ہوتا تو ہبل کے لئے قربانی کرتے تیر مارتے صحیح نکلتا تو لڑکے کو ملا لیتے ملصق نکلتا نکال دیتے جھگڑوں کے فیصلے سفر جانے کی اجازت ممانعت سب تیروں پر تھی یہی بت تھا جسکو اُحد کی لڑائی میں ابوسفیان نے کہا تھا اُعل یا ہبل آپ نے فرمایا اسکے جواب میں کہ اس سے کہو اللہ برتر اور بزرگ تر ہے (یہ خلاصہ ہی اغاثہ کا) ہبل کو زمین ملقا کے مآرب مقام سے لاکر کعبہ سے باہر کھڑا کرنا یہ کام تو عمرو بن لحی کا تھا اور پھر خانہ کعبہ کے اندر کھڑا کرنا یہ کام خزیمہ کا تھا اس سے دونوں روایتوں میں تطبیق ہو جاتی ہے اور دوسری روایت جو اغاثہ میں نقل کی ہے اُس میں عمرو بن لحی کے مآرب کے گرم چشمہ سے نہا کر تندرست ہو جانیکا بھی ذکر ہے۔ ناقل کہتا ہے۔ عرب میں بت پرستی کے جلد مروج ہو جانیکا ایک سبب یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جو عرب نے شام کے لوگوں کو سرسبز کھیتی باڑی میوہ جات سے مالا مال دیکھا اور وہ لوگ بت پرستی میں ڈوبے ہوئے تھے تو بت پرستی کو تونگری اور غنا کا سبب خیال کیا اور جھٹ پٹ بت پرستی پر جھک پڑے اور ایسے ہی موہوم لالچوں کے سبب متبرک مقام چلے جاتے تھے قبور وغیرہ قسم قسم کے چڑھاووں کی بھرمار سے پجنے لگے ہیں لات کی قبر پجتے پجتے آخر لوتھان ہو گئے بت کے نام یاد کی جانے لگی۔

بت پرستی کا سبب دوم یہ ہے | جاتا جو مکہ سے باہر مقیم | ایک پتھر مشوقیداں ہو اٹھا | ساتھ رکھتا کہو تا اُسے بھیم

بقیہ روایت صدر کا یہ ہے اور جس بات نے اُن کو بھول میں پتھروں کی پوجا پر آمادہ کیا تھا وہ یہ ہے کہ جب کوئی سفر کرنے والا مکہ سے باہر جاتا تھا تو حرم کی عظمت اور مکہ معظمہ کے اشتیاق سے حرم کا ایک پتھر اٹھا لیجاتا اور جہاں وہ ٹھہرتے وہاں اُس پتھر کو رکھکر اُس کے گرد طواف مثل خانہ کعبہ کے اوسکی محبت اور اشتیاق میں کیا کرتے تھے۔ اور باوجود اس کے وہ لوگ بموجب ارث حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل علیہما السلام کے بیت اللہ اور مکہ کی تعظیم کرتے اور حج اور عمرہ کیا کرتے تھے پھر اونہوں نے جس پتھر کو اچھا جانا اوسکی عبادت کی اور جس دین پر وہ تھے اوسکو بھول گئے (دیکھو نیچے) اور دین ابراہیمی کو دوسرے دین سے بدل ڈالا بتوں کو پوجنے لگے اور اوس فریق پر ہو گئے جو ان سے پہلے (مشرک) تو میں تھیں اور جن بتوں کو قوم نوح پوجتی تھی اونکو حرام جانا اور باوجود اسکے اُن میں حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام کے وقت کی باتیں بھی باقی تھیں جنپر اُن کا مسلک تھا از قسم بیت اللہ اوسکا طواف اور حج اور عمرہ عرفات اور مزدلفہ میں ٹھہرنا اور اونٹوں کی قربانی بھیجنی اور نزار کی قوم اپنے لبیک کہنے میں یوں کہا کرتی لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِلَّا شَرِيْكًا هُوَ لَكَ تَمْلِكُهُ وَمَا مَلَكَ یعنی میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں مگر ایک ساجھی جو تیرا ہے تو اوس کا مالک ہے اور وہ مالک نہیں۔ اور سب سے پہلے جسنے دین حضرت اسماعیل علیہ السلام کا بدلا اور بت کھڑے کئے وہ

اور سانڈ چھوڑنا اور وصیلہ اور حامی ٹھہرائے (وہ) عمرو بن ربیعہ اور ربیعہ لحی بن حارثہ ہے اور حارثہ
خزاعہ کا بیٹا ہے۔ اور عمرو کی ماں فُہَیرہ عامر بن حارثہ کی لڑکی ہے اور یہ حارثہ وہی ہے جو خانہ کعبہ کا مجاور
اور متولی تھا۔ جب عمرو بن لحی بالغ ہوا تو حارثہ سے تولیت کے بارے میں جھگڑا اُسکے لئے کشت و خون کیا
اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد پر چڑھائی کی اور آخر کار فتح پاکر کعبہ سے انکو جلا وطن کردیا۔ اور مکہ سے
شہروں میں نکال دیا اور بیت اللہ کی دربانی کا متولی بن بیٹھا۔ پھر وہ سخت بیمار ہوا (اس کے وقت بلقا ہے شام
کی زمین بلقا کے گرم چشمہ پر نہا کر اچھے ہوئے اور وہاں سے ہُبل بت لا کر کعبہ کے گرد کھڑے کر کے پجوانے کا)
(اغاثہ)

تھا مغیرہ نے کیا جسکو بھسم	لات کا بت اصل تھی جسکی ستائش

آیت اَفَرَاَیْتُمُ اللّٰتَ کے ذیل تفاسیر ملفت اغاثۃ اللہفان میں اور قاضی بیضاوی نے اپنی
تفسیر میں یہ روایت نقل کی ہے کَانَ یَلُتُّ لَھُمُ السَّوِیْقَ فَلَمَّا مَاتَ عَکَفُوْا عَلٰی قَبْرِہٖ یعنی لات
جو خادم تھا ود سواع یغوث یعوق نسر اوس زمانہ کے جیتن اولیاء اللہ کا وہ اُنکے لیے ستو گھولا کرتا تھا
پس جب وہ مرگیا تو لوگ اوسکی قبر پر معتکف ہوئے۔ یعنی اوسپر چڑھاوے چڑھانے کے لئے اوسکی قبر کے
مجاور بن بیٹھے۔ چونکہ لات کے معنی ستو گھولنے والے اور گھولنے کے ہیں لہذا اس مناسبت سے اُسے لات کہنے
لگے تھے۔

بقیہ روایت سابقہ کا یہ ہے پھر اُن لوگوں نے لات کو طائف میں بنایا اور یہ بُت منات سے نیا تھا اور ایک مربع
پتھر تھا اوس کے خادم (مجاور پجیری) ثقیف میں سے تھے انہوں نے اوسپر مکان بنایا تھا قریش اور تمام عرب
اوسکی تعظیم کرتے تھے اور اوسی کے نام سے اہل عرب زَیْدُ اللّٰات اور تَیْمُ اللّٰات نام رکھا کرتے تھے اور یہ بت
اُس جگہ تھا جہاں آج مسجد طائف کا بایاں منارہ ہے۔ اور یہ اسی طرح رہا یہانتک کہ ثقیف کے لوگ مسلمان ہوئے
پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مغیرہ بن شعبہ کو بھیجا اونہوں نے اوسکو توڑ کر آگ سے جلا دیا الخ
لات کی قبر کے ساتھ کفار کا وہ معاملہ تھا جسکا ذکر اغاثہ اور بیضاوی کی روایت سے اوپر بیان ہوا اسلئے
نام کے بت کے ساتھ یہ معاملہ تھا۔ یا اوسکی قبر پر ہی یہ پتھر رکھا ہوا اور قبر ہی زیادہ زمانہ گذرنے کے بعد
تھان قرار پائی ہو پھر پتھر رکھکر اوسکا پجوانا شروع ہوگیا ہو۔

یعنی عُزّیٰ جو تھی بیٹھک کی
حکم نبوی سے کٹے تینوں درخت
ضرب واحد میں یا سر اوسکا چیر

ام بکی ہوئی وادی نخلہ پھر
دیکھی جن بال بکھیرے دست حم
کو ملتی وہ ہوگئی ناپاک دم
آنکر ساملا شایا ماجرا

جسکی اوپر تھا بنایا ایک مکان
سلمی تھی وابستہ خادم تھا عقب
قتل جب خادم کو بھی اسکے کیا
ہوئے عزیٰ تھی نہ پھر اسکو عدم

اُس مکان کو بھی توڑ آواز تم
بولا خالد جسکو کب ڈرتے میں ہم
کاٹ ڈالا پھر درخت اسکا ہم

بقیہ اوس بعتہ کا روایت سابقہ کے یہ ہی اغاثہ ہے ۔ بعدہٗ لوگون نے عزّیٰ کو بنایا جو لات کی نسبت کرنا تہا جسکو ظالم بن اسعد نے بنایا تھا ۔ یہ مورت وادی نخلہ مین ذات عرق کے اوپر تھی لوگون نے اوس کا ایک مکان بنایا تہا اور اوس مین سے آواز سنا کرتے تھے ۔ ہشام کہتے ہین کہ میرے باپ نے ابو صالح سے اور اوس نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ عزّیٰ ایک جنّنی تھی بطن نخلہ مین تین درختوں پر رہا کرتی تھی جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ معظمہ کو فتح کیا تو خالد بن ولید کو ارشاد فرمایا کہ بطن نخلہ مین جاؤ تمکو وہان تین درخت ملینگے انمین سے پہلے کو کاٹ ڈالنا اونہون نے جا کر اوسکو کاٹ ڈالا جب خدمت عالی مین حاضر ہوئے آپ نے پوچہا کہ تمنے کچہہ دیکہا عرض کیا کچھہ نہین فرمایا اب دوسرے کو کاٹو اونکو کاٹ کر واپس آئے تو آپ نے پوچہا کہ تمنے کچہہ دیکہا ۔ عرض کیا کہ نہین ۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تیسرے کو کاٹ ڈالو وہ کاٹنے گئے تو دیکہا کہ ایک حبشن بال بکہیرے ہاتہہ مونڈہو پر دانت بجاتی ہے ۔ اور اوس کے پیچہے اوس کا خادم ہے ۔ حضرت خالد نے فرمایا کہ مین تجہکو ماننے والا نہین تو ناپاک ہے ۔ مینے دیکہا کہ خدا تعالے نے تجہکو ذلیل کیا ۔ پھر ایک ضرب ماری اوسکا سر چیر دیا ۔ پھر جو دیکہا تو وہ کوئلہ ہو گئی ۔ پھر درخت کو کاٹا اور خادم کو مار ڈالا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین آکر ماجرا عرض کیا آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ عزّیٰ تھی اُسکے بعد عرب والون کے لئے عزّیٰ نہین (انتہٰی) جیسا کہ اُعل یا ہُبل یعنی بالا ہو تو اسے ہُبل ہُبل کی نسبت ابو سفیان نے کہا تہا ایسا ہی عزّیٰ کی نسبت بھی ابو سفیان کا قول صحیح بخاری کی روایت مین حکایت کیا گیا ہے سو اہب اللدنیہ کی روایت مین سعد بن ظالم غطفانی کا ذکر کا صفا مروہ سے پتہر لیجا قریب طائف اپنے گانوں مین لا رکھنا اور یہ کہنا کہ لو یہ تمہارا صفا مروہ یہان آ گئے ہین ۔ مکہ جانے کی ضرورت نہین ۔ رفتہ رفتہ جاہلون کا اُس کو پوجنا پھر اوس جگہ کا تیرتھہ گاہ بنجانا عرصہ کے بعد عمرو بن لحے کا یہ کشف لوگون سے بیان کرنا کہ آسمان کا خدا موسم گرما مین اس عزّیٰ بت کے پاس رہتا ہے اور جاڑے کے موسم مین مکہ مین للات کے پاس بسر کرتا ہے ۔ اُسی دن سے اُس بت کا نام عزّیٰ یعنی بڑی عزت والا ہو جانا اور وہان بڑی عمارت بنجانا مذکور ہے ۔ سب بڑا اندہا کفار مکہ کے خیال مین یہی بت تہا ۔ ہند ودہرم بھی بر مشو کو سردی گرمی بسر کرانے مین کفار عرب کا ہمخیال ہے ۔ بموقع مناسب اس مضمون کے متعلق وید سے آیندہ نقل کرینگے ۔ سفیان کے قریب سے کسیکو امن نہ ہونا چاہئے ۔ ہمارے شیخ کے مسکن قدیم کے قریب بھی ایک بھلے مانس نے نواب سے رتنا شاہ کی قبر کا ذب بنکر جلوے ماندون کے جہنڈے کی بھرمار سے بجنے لگی ۔ قوالی سے بھی نوانی جالی ہیت سے ۔ ہیلیانے اور بارہ گاؤن تپ تا کی اہل علم وجود ہیت مگر کسی کی غیرت ایمانی حرکت مین نہین آتی جو اُس فتنہ شرکیہ کی قباحت ہی بیان کرین ۔ رہابیت سے

مرحوْن کے تو تڑے نے اُنھیں مرعوب کر رکھا ہے اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

بیٹیان جورو فرشتی بیٹیان
تم کو سلاتین تو اُف ری ستم
بیکلے جب شکی مین آجاتے لعین
جب تباہی بیچ آجاتا جہاز
جی سناتے اپنی معبودونکی ہم
باپ خدا ہے کو کہلاتے ہو ہم

وقال الضحاك اراد بالاناث الملائكة فانهم كانوا يقولون الملائكة بنات الله تعالى قال الله
تعالى وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا (مظہری جلد ۱ منزل ۱ ص ۲۰۷) یعنی
ان یدعون الآیہ کی تفسیر مین فرمایا ضحاک نے ارادہ کیا اللہ سبحانہ نے ساتھ اناث کے فرشتون کا اسلئے کہ
وہ فرشتونکو خدا کی بیٹیان کہتے تھے - فرمایا اللہ تعالے اور ٹھہرایا اُنھوں نے فرشتونکو جو بندے ہین
رحمان کے مادئین - نصاریٰ کی طرح عرب مین سے بنو ملیح وغیرہم بھی فرشتونکو خدا کی بیٹیان اور جنون کے
سردارون کی بیٹیون کو معاذ اللہ تعالی خدا کی جوروان کہتے تھے - مظہری کی تمام ہی عبارت مذکورہ سے ادہر
یہ ہے فرمایا امام بغوی نے نازل ہوا ہے حق مین اہل مکہ کے اللہ تعالے کا یہ قول اِنْ یدعون الایہ
یعنی نہین پکارتے ہین نہین پوجتے ہین مگر مادیون کو - جلالین مطبوع مجتبائی دہلی صفحہ ۲۳۲
مین مرقوم ہے قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ انهم الهة من دونه كالملائكة وعيسى
وعزير فلا يملكون كشف الضر عنكم ولا تحويلا له الى غيركم ترجمہ کہدو اُن
کافرون سے کہ پکارو تم اون کو جن کو گمان کیا ہے تمنے کہ بیشک وہ معبود ہین سوا اللہ تعالے
کے جیسے فرشتے اور عیسیٰ اور عزیر پس وہ مالک نہیں تکلیف اور مصیبت (مرض وغیرہ) کھولنے کے
اور نہ اوسکو تمسے ہٹا کر تمھارے غیر کی طرف پلٹ دینے کے ترجمہ تمام ہوا تفسیر معالم التنزیل مطبوعہ بمبئی کے
صفحہ ۵۲۹ مین دیکھو تو اس آیت کی تفسیر مین لکھا ہے کہ فرمایا حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالے عنہما اور مجاہد نے کہ
مراد اللہ تعالی کی (اس آیت مین) من دونہ سے حضرت عیسیٰ اور اونکی ما اور عزیر اور فرشتے اور سورج اور چاند اور
تارے ہین - اور تفسیر ضیا دی چھاپہ نولکشور کی جلد اول صفحہ ۵۰۰ مین - اور تفسیر مدارک التنزیل مطبوع
حنفی دہلی کے صفحہ ۳۲۶ مین اور تفسیر کبیر مطبوعہ استنبول جلد پنجم کے صفحہ ۱۶۱ مین لکھا کہ مراد اللہ تعالی کی اس
(من دونہ) سے عیسیٰ اور عزیر علیہما السلام ہین اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ اي
ملائكتي وعيسى وعزيرا مِنْ دُوْنِيْۤ اَوْلِيَآءَ اربابا (الى قوله) المعنى افظنوا ان الاتخاذ
المذكور لا يغضبني ولا اعاقبهم عليه كلا اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ هؤلاء وغيرهم
نُزُلًا اي هي معدة لهم (جلالین مجتبائی جزو ۱۷ کہف اخیر صفحہ ۲۵۱) ترجمہ کیا سمجھتے ہین کفار یہ کہ ٹھہراوین میرے بندون کو یعنی میرے فرشتون اور عیسیٰ اور عزیر کو میرے سوا اپنا کارساز
(الی قولہ) معنی اس آیت کے یہ ہین کہ کیا گمان کیا کفار نے یہ کہ ایسا ٹھہرانا جسکا ذکر کیا گیا [illegible]

اور عیسیٰ اور عزیر علیہم السلام کے حمایتی کارساز رب ٹھہرا لینے کی قسم سے) یہ غضبناک نہ کریگا مجکو اور آپ
نہ عذاب کرونگا ہر گز اُن کو ہرگز نہیں ہرگز نہیں ۔ بیشک ہمنے تیار کر رکھی ہے جہنم اونکی اور اونکے غیر کفار
کی مہمانی کیلئے ۔ ترجمہ تمام ہوا تفسیر ابی السعود میں بھی مراد اس من دونی سے فرشتے اور عیسیٰ اور عزیر تبلائے
اور بیضاوی اور مدارک میں فرشتے اور عیسیٰ علیہم السلام جب مذکورہ بالا حاجت روائی مشکل کشائی کا مالک
و اختیار نصوص قرآنیہ ملائکہ عیسیٰ عزیر مریم علیہم السلام سورج چاند تاروں کسیکو نہیں تبلاتے صحابہ کرام
و تابعین کی تفسیر یہ ایسا ہی فرماتے ہیں اور ان امور میں اُن کی کارسازی کے اعتقاد کو کفر اور ایسا اعتقاد
رکھنے والیکو کافر پچھلی آیت تبلاکر اُنکی مہمانی کے لئے دوزخ تیار بتلاتی ہے ۔ اور اس نصرانیت بھرے زہر سے
مسلمانوں کو بچانے کے وہ اہتمام ہورہے ہیں جسکی نورانیت کی جھلک سے نصوص حصر قرآنی مالامال ہیں
جن میں سے قدرے اوپر نقل کرکے ہدیہ ناظرین کرچکا تو اس زہر کو اہل اللہ کی محبت کے شربت میں
گھولکر ہوئے بھولے افراد کو مسلمانوں کی دنیا مشرقی کا ہو یا مغربی کا مسلمانو پر ستم کرنا اور اونکو ہندو وحرم کے
ساتھیا مجوسی آمین نصرانی بپتسما دیا سکھانا ہے اور خسر الدنیا والآخرہ کا مصداق بنانا غیر کہنہ
سے پوچھتے اور ... اچھوں مصیبتوں میں اُن کا برلانا دفع کرنا خواص الوہیت سے ہے ۔ غیر اللہ کو پکارنے
کی ... جب آیات قرآنی کو پیش کیا جاتا ہے ۔ اور اون کے عمومات سے اہل اللہ سے بھی ان معاملو
کے منتفی ہونے پر استدلال کیا جاتا ہے تو ... مبالغہ میں دکھایا جاتا ہے کہ مراد اس سے بت ہیں
انبیا ۔ اولیا ۔ اور فرشتے تو اُن کا ہی حاجت روائی مشکل کشائی میں پکارنا اور اُن کو حاجت روا
اور مشکل کشا ماننا بلالحاظ تفرقہ ہو اساۃ وغیرہ اساۃ سب درست وہ ہر جگہ حاضر ناظر ہیں انکی نذر جنت جو نکی منت نذر کے
حکم میں نہیں اسلئے کہ موقف الامور کی تصریح ہے جب صفات الٰہیہ اور اللہ کے مقبول بندوں کی
... میں صرف ذاتی عطائی کا فرق ہے تو جو کام مثلاً تکوین کا کہ تخلیق اور مارنا جلانا اور تدبیر کرنا
وغیرہ سبکی نوعیں ہیں اللہ سبحانہ کرلیتا ہے وہی کام بعطاء قدرت الٰہی محبوبان خدا بھی کرسکتے ہیں تمام
... سلامیہ سے نرالا یہ ایسا عقیدہ ہے کہ جسکو معنی تکوین ہی کے خود باطل کرتے ہیں اعلام الاذکیا کے
... ابن حجر مکی سے نقل کیا کہ صفات الٰہیہ کے ہمنام جو صفات مخلوق ہیں وہ صفات الٰہیہ کے غیر ہیں
... ی عطائی کا فرق جب کرسی نشین ہو جب صفات مخلوق صفات الٰہیہ کے عین ہوں مثلاً جیسے
اللہ سبحانہ بلا احتیاج محنت مشقت کمائی کے صرف کن یعنی ہو جا فرما کر ہر نا موجود کو موجود کرلیتا ہے
ویسے ہی محبوبان خدا بھی کن یعنی ہو جا کہکر موجود کرلیں مثلاً روح قبض کرنے کے لئے اُن کو آنکڑے
و الکڑ آنکڑے ... ڈوبا ڈوبا کر یا خود ڈوب ڈوب کر جان نکالنے کے لئے محنت مشقت کمائی نہ کرنی

پڑے اور جب ایسا ہوا تو آپ ہی یہ تدبیر یعنی سبب تدبیر تدبیر الٰہی کے نیچے ٹھہری تدبیر الٰہی ایسی کمافی
جانکاہی کی احتیاج سے منزہ ہے وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُہُمَا الآیہ اور وَمَا مَسَّنَا مِن لُّغُوبٍ
الآیہ وغیرہ نصوص قرآنیہ شاہد ہیں اور محبوبان خدا کے دوسرے کا دہ بھی احتیاج مذکور سے خالی نہیں
اور صفت الٰہی کا سایہ لیکے حد وجود میں تصرف فرما کر انبیا کا کام کر جانا ذاتی کام ہے نہ بندہ کا سورۂ آل عمران میں
تیسرے پارہ کے چوتھے ربع کی یہ آیت دیکھیے وَلَا یَأْمُرَكُمْ أَن تَتَّخِذُوا الْمَلَائِكَةَ وَالنَّبِيِّينَ
أَرْبَابًا أَيَأْمُرُكُم بِالْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ ۝ ترجمہ اور نہ حکم کرے وہ بشر جسکو رسالت
و نبوت سے اللہ سبحانہ نے سرفراز فرمایا اور کتاب دی ہے) کہ ٹھہراؤ فرشتوں اور نبیوں کو رب کیا تمکو کفر
سکھلائیگا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو چکے ترجمہ تمام ہوا صریح بعبارۃ النص اس آیت میں مخصوص کہ فرشتوں
اور نبیوں کو رب ٹھہرانا اُن کو کفر سکھلانا ہے اول سے آخر تک قرآن کریم میں دیکھ لو کوئی آیت صفت
مختصہ الٰہیہ ربوبیت کو غیر اللہ کے لئے نہ ذاتی ثابت کرتی ہے نہ عطائی۔ رب یعنی آقا کہنا کیسی دوسری
بات ہے عموماً رب یعنی مختص ٹھہرانے کو فرشتوں اور نبیوں کے جب آیت صدر نے صاف کفر کہدیا
عطائی کی تخریج کہاں سے نکالا تو تفرقہ مذکور طبعی جدت سے ڈھونڈا تحریف معنوی ہو خواص الوہیت
میں عطا کا دخل کیسا اُن کی سمائی کو الوہیت درکار ہے عبودیت میں اسکی سمائی بھی محال ہے کما یأتی
من التفاسیر ہر غیر اللہ کی اُس پکار کو جسکو آیت و حدیث آئندہ نے عبادت فرمایا ہے عباد کو پکارا
جائے یا جماد کو باطل کریگی اور یہاں تو آیات صدر میں من دونہ اور من دونی سے مراد الٰہی صحابہ
و تابعین وغیرہم کی مفسرین ملائکہ و عیسیٰ و عزیر و مریم سورج چاند تارے انکو بتلا چکے آیت آل عمران میں
ملائکہ و انبیا کی تخصیص موجود ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے دعا ہی عبادت ہے
پھر فرمایا (یعنی پڑھا اپنے اس قول کے استشہاد میں) وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ
يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي الآیہ کو روایت کیا اس حدیث کو امام احمد و چاروں سنن والوں نے اس آیت
میں حکم فرمایا اللہ سبحانہ نے دعا کا اور جواب امر میں قبولیت دعا کا وعدہ فرما کر دعا سے تکبر کرنے والوں کو
اپنی عبادت سے تکبر کرنے والا جتلا کر آگاہ کیا کہ ایسی دعا ندا پکار عبادت ہی ہو غیر اللہ سے جسکا

سلہ حضرت امام مجدد رضی اللہ عنہ کے مکتوب شریف سے آئندہ آئیگا کہ اس وقت میں بندہ مظہر صفت الٰہی کے
سایہ کا ہوتا ہے نہ عین صفت الٰہی کا۔ اس لئے کہ صفت الٰہی ذات الٰہی سے منفک یعنی جدا
نہیں ہوتی ۔۔ ۱۲

برتا و نہ چاہیے) دوسری آیت مع تفسیر جلالین یہ ہے فاذا رکبوا فی الفلک دعوا اللہ مخلصین
لہ الدین اے الدعاء اے لا یدعون معہ غیرہ لانہم ولا یکشفہا الا ہو۔ ترجمہ
پس جبکہ سوار ہوتے کشتیوں میں پکارتے اللہ کو اللہ کے لیے خالص دین کرکے یعنی پکارتے اللہ ہی کو
یعنی نہیں پکارتے اللہ کے ساتھ غیر اللہ کو اسلئے کہ وہ اس ایسی سخت مصیبت میں پڑتے جسکو اللہ کے
سوا کوئی کھول نہیں سکتا الخ آگے آیت فاذا نجاھم الی البر اذا ھم یشرکون میں ارشاد ہے لیس
جب نجات دیتا ہے اللہ ان کو (اس مصیبت سے) جنگل اور خشکی میں پہنچا دینے سے (تو) اوسوقت میں
وہ شرک کرتے ہیں جلالین وغیرہ تفسیریں بتلا رہی ہیں کہ وہ اوسوقت میں بجائے اللہ کے غیروں کو پکارنے لگتے
ہیں جن بلاؤں اور مصیبتوں کا دفع کرنا اللہ سبحانہ کے ساتھ مخصوص ہے اور سوا اسکے کی امداد و استمداد کو
اوس میں دخل نہیں ایسی مصیبتوں میں غیر اللہ کے پکارنیکو آیت شرک کرنا بتلا رہی ہے اور مشرکین عرب جب
اسلام لائے ہیں تب اس بلا رہشرکیہ سے اُنکو نجات ملی ہے اور پھر ایک آیت مع تفسیر بیضاوی یہ ہے
وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَدْعُوا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَنْ لَّا یَسْتَجِیْبُ لَہٗ (انکار) ان یکون احد اضل
من المشرکین حیث ترکوا عبادۃ السمیع المجیب القادر الی عبادۃ من لا یستجیب لہم
لو سمع دعائہم فضلا ان یعلم سرائرہم ویراعی مصالحہم الی یوم القیمۃ مادامت
الدنیا وھم عن دعائہم غافلون لانہم اما جمادوا اما عباد مسخرون ومشغولون باحوالہم انتہی
ترجمہ اور کون زیادہ گمراہ ہے اوس سے جو پکارتا ہے اللہ کے سوا اوسکو جو نہ جواب دے اُنکو یعنی مشرکوں سے زیادہ کوئی
گمراہ نہیں جنہوں نے پوجا پکار اللہ پکار کے سننے والے دعا کے قبول کرنے والے قادر کی چھوڑ اُنکی پوجا پکار کی جو اونکو
جواب نہیں دیتے دعا نہیں قبول کرتے اگرسن بھی لیں پکارنا اونکا اور یہ تو زیادہ رہا کہ جانیں اُنکے بھید اور رعایت کریں
اونکی مصلحتوں کی اختتام دنیا تک جب تک دنیا ہے اور وہ اون کی پکار سننے دعا مانگنے سے
غافل ہیں اسلیے کہ وہ جن کو وہ پکارتے ہیں یا تو بے جان ہیں (جیسے بت) یا اللہ کے بندے
(جاندار) مسخر و مشغول ہیں اپنے احوال میں انتہی (جیسے فرشتے جن کو جو مسیح وغیرہ) اہل عرب پوجتے
پکارتے تھے بموجب تفاسیر سلف جن میں سے ضحاک کی تفسیر اِنْ یَّدْعُوْنَ اِلَّآ اِنَاثًا
کی بابت فرشتوں کے پکارنے کی تصریح کی اوپر مظہری سے نقل ہو چکے
اور دوسرے نیک بندوں کو پکارنا آڑی مصیبت میں اون کے پجاریوں کا
جیسے نصاریٰ حضرت عیسی علیہ السلام کو پکارتے اور صلیب سے مدد چاہتے تھے
لڑائیوں وغیرہ میں جسکا کتب سیر و تواریخ میں مذکور ہے۔ دومۃ الجندل والے مشرک ود کو یوں ہیں پکاریں

یا وباطلہ سواع کو ہذیل ومضر پوجیں پکاریں یا یمن کے قبیلے مراد کے یغوث کو مذحج کی قوم اور اون کے ساتھی
پوجیں پکاریں اور صیوان کاوں والے یعوق کو ہمدان اور یہی پوجیں پکاریں یا نسر کو قبیلہ حمیر وغیرہ کا
ہندیں چودہ مشہور مقاموں میں شولنگ کی پوجا گنگا جل دھارن کرکے ہو یا ہزاروں باطل معبودوں کی گنگا
جمنا سرسوتی دیوی رادھا جی کی جے پکاریں کفار ہند یا کوسلا برسب کی پوجا پکار بعمومات نصوص قرانی گہری
گمراہی ۔ اس سے فاضل بدایونی کا وہ شبہہ وعذر مدفوع ہوا کہ یہ آیتیں بتوں کی پوجا پکار کی تقبیح میں نازل
ہوئی ہیں نہ اہل اللہ کی اسلئے کہ غیر اللہ صرف بت ہی نہیں ہیں اور ہم غافلون اور من یعقلہم و منظہر و موصول
صیغے عقلا کے آیت میں مخصوص اور تفسیر میں حماد عباد دونوں مذکور ما دینوں کی پکار کا خود آیت میں صریح
بیان بموجب تفسیر سلف کی جس سے مراد فرشتے اور آیات صدر میں دونہ ومن دونہ سے مراد الٰہی صحابہ
او تابعین وغیرہم کے مفسرین ملائکہ عیسیٰ ۔ عزیر ۔ مریم ۔ سورج ۔ چاند تاروں کو بتلا رہے ہیں کما تر
ود سواع یغوث یعوق نسر اولیا کی حدیثوں اور آیتوں میں تصریح ۔ اور پھر یہ کچھ بھی ہوتا تو بموجب تصریحات
کتب اصول خصوص مورد کا قادح عموم لفظ کا نہیں ہوتا اور یہاں تو عموم بھی تھا اور سے اذہان مذکورین
بابا کی طرف دوڑا دینے والا ہوتے ساتے ان امور کے عذر مذکور کا موقع نہیں بے قابو بات میں پکار بیکار
قابو کی بات میں حد سماعت کے اندر ابواب مواساۃ میں پکار ندبہ اور شوق کی پکار خارج اس سے
برکنار ۔ لہذا یہ عبادتیں نہیں ایسے ہی مراسلت اور مکاتبت کے خطابات معاتبہ پر سب ٹھلانے لگتے ہیں
اور حضور اقدس فداہ ابی وامی وروحی صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تو دنیاوی ڈاکوں سے
نہایت تیز ڈاک فرشتوں کی صلوۃ وسلام پہنچانے پر مامور الصلوۃ السلام علیک یا رسول اللہ
کلام اعتقاد فاسد میں ہے فتاوی بزازیہ میں مرقوم ہے من قال ان ارواح المشائخ حاضرۃ
تعلم یکفر یعنی جو کہے ارواح پیروں کی حاضر ہیں جانتے ہیں کافر ہو جاتا ہے ورتل القرآن ترتیلا
کے ذیل تفسیر فتح العزیز میں مسطور ہے ۔ درین نوع تقرب اللہ کہ دو چیز است باید اول حاضر دلی باذکار قلبیہ
ولسانیہ ذاکرین با وصف تخالف امکنہ و ازمنہ و مدرکہ و استماع ذکر قلبی و لسانی ہر ذاکر را معلوم کند دوم
قوت سرزنش شدن (الی قولہ) و این ہر دو وصف خاصہ ذات پاک او تعالے است ہیچ مخلوق را حاصل

؎۱ جنکی یہ عبارت ہے اونکی نسبت جناب مولانا افضال الحق رامپوری ابن مولانا فضل حق صاحب مدظلہما الہدیہ میں
یوں فرماتے ہیں ۔ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رح چونکہ ایک جامع شریعت وطریقت عالم ہیں اور مقلد وغیر مقلد نایاب
وغیرہ بابی سب کے نزدیک مسلم ہیں صـ۲۵

[illegible] کفرہ در حق بعضے از معبودان خود بسبب بیشان از ربقہ مسلمین در حق پیران خود امر اول را ثابت
[illegible] احتیاج ہمچنین اعتقاد با شبا استقامت مینما یند الخ **ترجمہ** اور اس قسم کے تقرب میں اللہ
[illegible] کے دلی او ر زبانی ذکرون کے ساتھہ یا وصف بانحکلف
[illegible] زبانون کے توکہ ذکر قلبی و زبانی کو ہمراکر کے جاتے دوسرے
[illegible] تو تدلی قرب و نزول کہتے ہین الخ اور یہ دونون صفتین خاصہ
اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے ساتھہ [illegible] حاصل ہونے کی چیز نہین - بان کفار اپنے بعض معبودون کے حق
مین [illegible] فرقہ مسلمانون مین کہ اپنے پیرون کے حق مین امر اول کو ثابت کرتے اور حاجتون کی وقت
[illegible] اعتقاد کے [illegible] دیتے ہیں الخ ترجمہ تمام ہوا حضرت عطار قدس سرہ پندنامہ شریف
مین فرماتے ہین — در بلا یاری مخواہ از ہیچ کس * زانکہ نبود جز خدا فریاد رس * ہر کہ خواند غیر حق را ای پسر
کیست در دنیا از و گمراہ تر * حضرت قاضی حمید الدین ناگوری **توشیح** مین فرماتے ہین ومنھم الذین
یدعون الانبیاء والاولیاء باعتقاد ان ارواحھم حاضرۃ تسمع النداء وتعلم
الحوائج وذلک شرک قبیح وجھل صریح قال اللہ تعالیٰ ومن اضل ممن یدعوا
من دون اللہ الایۃ **ترجمہ** اور منجملہ مشرکین وہ ہین جو پکارتے ہین انبیا علیہم السلام اور اولیا
علیہم الرحمۃ کو باین اعتقاد کہ روحین اونکی حاضر ہین سنتی ہین پکار اور ندا کو اور جانتی ہین حاجتون کو اور یہ
شرک قبیح ہے اور جہل صریح فرمایا اللہ تعالے نے اور کون زیادہ گمراہ اوس سے ہے جو پکارتا ہے غیر اللہ کو
الایۃ اولیاء اللہ قدس اسرارہم کی شان مین جو ہم القاسم مین افادات علماء دیوبند سے یہ دیکھہ چکے ہین
کہ ایک ہی وقت مین ایک ولی کا بہت سے مقامون پر حاضر و موجود ہونا ثابت ہے ہمکو اس کے ماننے مین
عذر نہیں مگر اوس کے معنی وہ ہین جو امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہین نہ وہ جسکو
وہم میں پیر پرستوں نے اپنا اعتقاد خراب کر رکھا ہے ایسا ہی فیض و برکات و تصرفات روحانی اولیاء اللہ
کا [illegible] ہے امام موصوف مکتوبات شریف جلد اول کے ٢١٧ مکتوب بنام میرزا حسام الدین احمد مین فرماتے
ہین - اولیاء را کہ صاحب علم و کشف اند جائز است کہ بر بعضے از خوارق خود اطلاع پیدا کنند بلکہ صور

لہ قولہ [illegible] الخ کالکواکب والنجوم [illegible] قال الملا علی القاری فی المنح الازہر اتفقوا کلھم علی ان من
[illegible] بعض [illegible] او غیرھا ولمنافعھا او حفظھا او السجود لھا والتقرب بما یناسبھا من کمالھا
من [illegible] فانہ کفر انتہی [illegible] والحمد للہ [illegible] کما علموا عند سبحانہ [illegible]

مثالیہ ایشانرا در اماکنہ متعددہ ظاہر سازند و در مسافات بعیدہ کارہاے عجیب ازان صور بظہور آرند

کہ صاحب آن صورا نرا نہا اطلاع نیست ع از ما و شما بہانہ بر ساختہ اند ۔ حضرت مخدومی قبلہ گاہی

قدس سرہ مے فرمودند کہ عزیزی می گفت عجائب کار و بار است ہر چند از احباب و اعزہ آید مے

سیگویند کہ ترا در مکہ معظمہ دیدہ ام و در موسم حج حاضر بودہ اید و باتفاق حج کردہ ایم و بعضے میگویند ترا

در بغداد دیدہ بودیم و اظہار اشتیاق مینمایند و من ہرگز از خانہ خود نہ برآمدہ ام و ہرگز این قسم صورہا

ندیدہ ام چہ تہمتی است کہ بر من میکنند اللہ سبحانہ اعلم بحقایق الامور کلہا زیادہ برابر احباب آں صفحہ ۲۴

اس سے مثل آفتاب نیمروز کھل گیا کہ متعددہ مقامون پر ایک ولی کا ایک ہی وقت مین ظہور وقوع مین آتا

ہے اس مین بجاے خود تو وہ ولی حقیقۃً ہوتے ہین باقی مقامون مین اونکی مثالی صورتین ہوتی ہین ۔

نہ حقیقی ۔ حقیقی صورت کو تو اوسکی خبر بھی نہین ہوتی ۔ آنحضرت نے اپنے والد ماجد کے فرمان سے بھی یہی

ثابت کیا کہ اونکو اونکے عزیز نے سنایا کہ بعض لوگ کہتے ہین کہ تمکو موسم حج میں مکہ معظمہ میں دیکھا اور ساتھ

ہمارے حج کیا ہے ۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ اُسی موسم میں بغداد مین دیکھا ہے اور حال یہ ہے کہ میں اوس وقت

میں گھر سے باہر نہیں گیا نہ ان لوگوں کو میں نے دیکھا ۔ اللہ سبحانہ کی قدرت ان صور مثالی سے عجیب و غریب

کام لیتی ہے مولف کہتا ہے جہاز کو تباہی سے بچانا مظلوموں کو ظالموں کے پنجے سے بچانا اللہ تعالے

جس صورت سے جو چاہے کام لے ۔ صورت مثالی سے یعقوب علیہ السلام کی وہ کام لیا کہ یوسف علیہ السلام

کو مہلکہ سے بچا لیا ۔ جائز ہے کہ ان صور مثالی مین فرشتون کا ظہور کراتے اور بعض موقع اوس ولی کو بھی

اطلاع بخشی اور حضرت شیخ محقق دہلوی کے کلام (و آن شخص مقدس کہ آسودہ وحی است ہمان جا است

و این صورت کہ در متخیلہ او انداختہ اند صورت مثالی است) سے بھی ایسا ہی سمجھا جاتا ہے اگرچہ محل

ظہور صورت مثالی خارجی مقام نہین متخیلہ ہے خیال کرنے والے کا قطعاً ہین ۔ اور اوسی کے ۲۶

مکتوب مین فرماتے ہین ۔ و نور ارشاد و ہدایت او شامل تمام عالم است از محیط عرش تا مرکز فرش

ہر کسے را کہ رشد و ہدایت و ایمان و معرفت حاصل میشود از راہ او مے آید و از و مستفاد میگردد ۔

بلا توسط او ہیچ کس بآن دولت نمے رسد مثلاً نور او در رنگ دریاے محیط تمام عالم را فرا گرفتہ

است و آن دریا گویا منجمد است اصلا حرکت ندارد و شخصیکہ متوجہ آن بزرگ است و با و اخلاص

دارد یا آنکہ آن بزرگ متوجہ حال طالبی شدہ در وقت توجہ گویا روزنی در دل طالب کشادہ میشود

و ازان راہ بقدر توجہ و اخلاص از دریا سیراب میگردد الخ ۳۱۲ قطب عالم کے نور ارشاد و

ہدایت سے تمام عالم بھرا ہوا ہے جس کسیکو رشد و ہدایت و ایمان و معرفت حاصل ہوتی ہے

اوسی راہ سے آتی ہے بیواسطہ اوس کے کوئی اس دولت کو نہین پہنچتا اور یہ نور ارشاد و ہدایت گویا دریاے محیط منجمد ہے جو ہرگز حرکت نہین رکہتا - جو شخص اوس بزرگ کی طرف متوجہ ہوتا ہے یا وہ بزرگ متوجہ حال طالب ہوتا ہے تو توجہ کے وقت گویا ایک روزن طالب کے دل مین کہل جاتا ہے اور اوس روزن کی راہ سے اوس دریاے نور منجمد سے بقدر توجہ و اخلاص کے سیراب ہوتا ہے - بہرحال یہ توجہ اور تصرفات اور فیوض و برکات اوس احاطہ علمی کے ثبوت کو سہارا نہین دے سکتے جسکو عزیزی مین منجملہ خواص الوہیت تبلایا ہے - اور جسکی بنیاد بر توشیح اور فتاوی بزازیہ اور بیندنامہ مین اور دلائل مشایخ ہر جا حاضری اور ہر جگہہ کی بہ جمعیت کے جاننے کے اعتقاد کو کفر و شرک اور گہری گمراہی فرمایا ہے آیت سے استدلال فرماکر علی قاری شیخ ازہر مین فرماتے ہین - کل فقہا متفق ہین اسپر کہ جو کچہہ سات ستارون سیارون وغیرہ سے دعا مانگنے کی جنس سے یا اونکو مخاطب کرنے یا اونکو سجدہ کرنے یا اونکی تقریب مناسب لباس اور انگشترون اور بخور کرنے کی قسم سے اور مثل اسکی ہوتا ہے یہ بلاشبہہ کفر ہے ترجمہ تمام ہوا بلفظہ اوبیان فرمایا ہے جس سے ثابت ہے کہ ہر ایک کام اِمین سے جدا جدا کفر ہے - خواہ کوئی یون دعا مانگے کہ اے سید السادات مریخ میرے فلان دشمن کو قتل کریا اونکو خطاب کرکے پکارے یا وہ سہرا امور مذکورہ کرے کافر ہو جائیگا

بھیڑ بکری اونٹ کی جھڑھتی تیاز	چیل کو ونکو کھلا دیتے تھے مثل مذاہب تحوتیت کی رنگ مین	ساتہ جامی وصیلہ سائبہ حقیقت بدہی بدرتھو نیہ کرنے سے کو ختم	تھی جھپی جھر لے بہایم اور غنم

چونکہ عرب کی ساری جائداد اونٹ بھیڑ بکری کے گلے تھے اسلئے وہی بتون کی نیاز چڑہائے جاتے تھے اور آسمان کی طرف اوچہال اوچہال چیل کوون کو اون کا گوشت کہلایا جاتا تھا - چنانچہ وفد خولان جب مسلمان ہوئے تو اونہون نے جاہلیت کے عم انس کا قصہ اس طرح بیان کیا کہ یارسول اللہ ایک وقت وہ تھا کہ ہم اوس مورت کو جسکو اپنے ہاتہون بناکر عم انس نام رکہا تہا حاجت روا سمجہتے اپنی کھیتون مویشیو مین اوس کا حصہ مقرر کرتے اوسپر چڑہاوے چڑہانے کو برکت اور وسعت کا وسیلہ جانا کرتے تھے - ہمین خوب یاد ہے کہ ایک بار ہماری بستی مین ایسا سخت قحط پڑا کہ ہم مردار اور ہڈیان کہانے پر مجبور ہوگئے - آخر جب بھوک کا بلکنا آنکھون سے نہ دیکہا گیا تو سب نے ملکر سو اونٹ جمع کئے اور عم انس کے پاس آئے کہ انکو قبول کرو ہمسے راضی ہو جاو - ہمارے بے زبان بچون پر ترس کہاو غضب کی نگاہ اوٹھاو مینہ برساو قحط کی مصیبت دور کرو اوس کے بعد ہمنے وہ اونٹ ذبح کرکے ہوائی جانورون چیل کوو نکو کہلائے - یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قسم ہے حق تعالی کی اوسوقت اوس گوشت کے پرندون سے زیادہ حاجتمند تھے - مگر یہ دلون مین پڑی ہوئی شیطانی بات کا اثر تھا کہ خود بھوکے پیٹو پر پتھر باندہے دبلے فاقو نکے مارے ہوے

ناتوان بچون کو بہلا بہلا کر کاندہون پر چڑھائے ہوئے تھے - اور گدہ کو انکو گوشت کہاتا ہوا دیکھکر خوش ہورہے تھے - اب یہ فتنہ عظیم تہا کہ اس حرکت کے بعد بادل اُمنڈ آیا - اللہ نے مینہ برسا دیا جسکو ہم عمرالسن کا کام سمجھے اور یہ عقیدہ لئے ہوئے لوٹے کہ دیوتاؤن کو بڑی قدرت ہے - اور اون کا راضی رکھنا خدا کے راضی رکھنے سے بھی زیادہ ضروری ہے کہ یہ خدائی پیشکار ہین اور پیشکارون کو حاکم کے مزاج مین بہت کچھ دخل ہوتا ہے - غرض دنیا تاریک بنی ہوئی تھی - رسومات نے مذہب کے قایم مقام بنکر لوگون کو اتنا گرویدہ بنالیا تہا کہ اون رسومات کی برائی اور مذمت سننے کی اونکو سہار نہ تھی - ین گھڑت رسمین جنپر عقلا کو ہنسی آتی ہے اونکے عقیدے بنے ہوئے تھے - بے در بے دس بچے جننے والی اونٹنی سائبہ کہلاتی آزاد کردہ سجاتی - اوسپر چڑہنا اوس کو ذبح کرنا حرام - مہمان کے سوا دوسرے لوگو اوسکا دودہ پینا ممنوع تھا اوس سے جو بچہ ہوتا وہ بھی اوسی کی طرح سانڈ بنا کان کاٹکر چھوڑدیا جاتا بحیرہ کہلاتا (ایسے جانورشہ ہنود کے سانڈون بجاریون کے جھٹے بہرا کرتے تھے) پاک ناپاک حلال حرام مین کوئی امتیاز نہ تھی خدا کا مارا ہوا کو اپنا مارا بتلا کر ذبیحہ سے مردار کو اولے سمجھتے - زندے اونٹ کے کوہان زندے دنبہ کی چکتی کاٹکر کہا جاتے - جانورون کی درد مصیبت مین مبتلا ہونیکا ترس نہ کرتے - اسی طرح جس نر اونٹ سے دس بارہ بچے پیدا ہو جاتے وہ بھی سانڈ بنا چھوڑدیا جاتا - اوس کی اون نہ کترتے - حام اوس کا نام رکھتے - اسیطرح بتونکے نام کی اونٹنی کعبہ کے مجاورون کے حوالہ ہوتی - محتاج اور مسافر کے سوا کوئی اوس کا دودھ نہ پیتا اور جو اونٹ اپنے بچہ کا بچہ دیکھلے متبرک سمجھکر آزاد کیا جاتا - سفر دراز سے واپس آنے والا اپنی سواری کے اونٹ کی کمر چیر ایک مہرہ یا ہڈی نکال لیتا گویا منت پوری کردی سواری باربرداری سے ایسا اونٹ بھی حام نام رکھکر محفوظ ہوجاتا چھ مرتبہ دو دو بہیان دیکر ساتوین مرتبہ بچھیا پیدا دینے والی بکری کی پچھلی بچی یا وصیلہ کہلاتی - دو بکرے درمیانی بیاہتون کے بتونکی بھینٹ چڑہائے جاتے زان مردہ رسومات کفار نے قدرے روپ بدلکر جاہل مجاورون کی کرپا سے اسلام کا نام بدنام کرکے کئی یون چیخم لیا ہے - بعض مٹھائیبر دیلی بہیلی - چہیری - بعض پر مرغ - بعض پر نقد - شیرینی وغیرہ چڑہائی جاتی ہے - ایصال ثواب کا مشروع طور چھوڑ حضرت بو علی شاہ قلندر قدس سرہ کے نام کی جریا اہوڑیا ٹہرا کہہت اونکے نام پر ٹانا سالو کی تیاہیر بہیلی - قلندر کی سنی - یہ ان کی گڑاہی حتی کہ بو ... روت بہا دو ملی زبین کو ظاہر ہوا ان سہدولی سوالیان گرج ڈورے وغیرہ جو کچھ نو مسلمو نبر مروج ہین اور ... یا جہومتی ہالی ہین - یہ سب یادگار جاہلیت کی اونہیں رسمونکی عین جنکو دیکھ کر عرب کی زمین ... نہوا) سوا اونٹ والا ہرسال ایک اونٹ بتون کے نام پر ذبح کرتا - اس قربانی کا نام فرع تہا - ...

جب سال پورا ہوتا تو کسی جانور یا پرند کے کسی حصہ بدن سے اپنی شرمگاہ رگڑ کر سوگ کی کال کوٹھری سے نکل آتی ۔ مینگنیاں جھولی میں ڈال گلی کوچہ لوگوں کے مارتی پھرتی تب وہ جانتے کہ اسکی عدت تمام ہوئی تب لوگ اوس سے نکاح کی خواہش کرتے تو وہ جس سے چاہتی نکاح کرتی ۔ اس مضمون کو اس رسم جاہلیت کی حدیث میں جتنی بیان کیا ہے جسکو چھو ون اماموں نے روایت کیا ہے ۔ حمید بن زنجویہ نے تلخیص الصحاح جلد ۴ باب الحیاد والاستبراء کی فصل ۲ کی پہلی حدیث لکھو (یہ ماخوذ ہے ہمارے شیخ کی کتاب **المواعظ** اور **الرشاد** وغیرہ سے) یہ سب کچھ تھا مگر شریف عورتوں میں زنا جب بھی لپیٹنے کی بات مانا جاتا تھا کہا بیاتی

تھی شراب پاک تاکہ جب تہا جوا حلت میں جزو لی تھی اک میار	ٹونکے ٹوٹنے شگون بد وسہم ذوق سے مُردار کو کرتے ہضم	سود خواری بچپنی میں لوگ کہات شاعروں کی باتوں میں صلح و جنگ	کاہن اور جِنّی کا کہنا تھا دہرم بیچ و الفت شاعری کرتے ہم

اہل جاہلیت کے معاملات اسدرجہ بگڑے ہوئے تھے کہ بیع حصاة اور بیع ملامسۃ میں بائع مشتری کی رضامندی اور اختیار کوئی چیز نہ تھے ۔ دکاندار خریدار سے کہتا کنکری پھینک جس تھان پر گرے گی وہ ایک درہم میں تیرا ہو چکا بیع ملامسۃ اندھیرے میں تھان وغیرہ چھونے سے ہو جاتی ۔ عکاظ بر مذہبی میلا میں روز رہتا ۔ قیدی کی سیلیہ میں بکتے جنکا کوئی رشتہ دار فدیہ دیکر چھڑا لیتا ۔ اسی بازار میں اقرع بن حابس وغیرہ سالکان حکومت کو فرمان اور حکمنامے حوالہ کرکے قوم اور قبیلہ کا سردار مقرر کرتے تھے ۔ ایک بیع حَبَلُ الحَبَلَہ اونٹنی کے بچہ ہونے پھر اوس بچے کے بچہ ہونے کے وعدہ پر ہوتی تھی ۔ سود کھلم کھلا لیا جاتا تھا ۔ جوا کھیلنا کمالات انسانی میں شمار کیا جاتا تھا جو نہ کھیلتا انکو بخیل کہا جاتا تھا بہت قسم کے جوئے مروج تھے ۔ دس پانسوں کا جوا بڑی شان رکھتا تھا ۔ مال ہر جاتا لی بچے داؤ پر لگ تے جاتے ۔ جیتنے والا انکو لونڈی غلام بناتا ۔ شراب پلانے والی عورتیں خوبصورت ہوتی تھیں جو دور شراب میں ناچتی رہتی تھیں ۔ پھر مستی اور بیہوشی میں جو کچھ بھی ہو اوسکو دیکھنے والا کون ۔ ناقل کہتا ہے کہ شراب خوری کے عیوب چھپانے اوسکی دُہریت پینے میں اوس کے پینے والے جو دولت کی لیتے ہیں ۔

صحیح بخاری کے باب من استحل الخمر ولسمیہ بغیر اسمہ کی ایک حدیث میں خمری شراب کا نام ام الفرح

---

۹ بعض شاہان عقارے کا جوئے میں ہار جانا [illegible] بنا ہو دنیا اور حبشہ [illegible] سے شادی کرنا کیسا تہ جو آگے جانا [illegible] اور یاد رہ کہ جوئے کی عادت بور ڈوال وغیرہ بجوئے کا بیان اور جونی کا اعا ہندوستان ہونا اور دنیا کی [illegible] بعض تاریخ جوانا وغیرہ دسہرہ پیشکوں وتواریخ سے بنے دینے محل پہ آئندہ آ بتیں ۔ ہ ناچ گانا سارنگیا و اقرار رقص سیکھنے کی نوبت [illegible] کے بیان سے آئندہ آئیگی ۔

یعنی خوشبوؤں اور شادیوں کی بات رکھنا کفار کا حکایت کیا گیا ہے۔ بھنگ کا نام روحِ الحلم کو بہشت کا پھول
کہنا بھی قریب قریب اسی کے ہے انتہیٰ کلامہ) جانور کا گھونٹا ہوا ہو یا پہاڑ پر سے گر کر مرا ہو یا درندہ کا پس خوردہ
سب برابر۔ خیال پرستی اسقدر بڑھی تھی کہ ہتھیلی میں باندھ لگا کر انسان لگا لیتے حکم کا نکلنا تو کام کرتے
منع کا نکلنا تو کام رک جاتے تھے فیصلے پانسے کعبہ کے متولی کے پاس تھے۔ کاہن اور نجومی تو گویا اونکے خدا تھے
کہ اونکی زبان سے نکلی ہوئی بات ملتی ہی نہیں سکتی۔۔ اتنا نہیں سوچتے کہ جب آئندہ کے برے بھلے دن انکو
معلوم ہوتے تو انکے گھر میں وہ مصیبتیں کیوں نازل ہوتیں جنکے دفعیہ کا ان سے بندوبست کرایا جاتا
عمرو بن لحی جسنے عرب کو شرک کی گندگی میں سانا ہے وہ کاہن تھا) تھا کہانت ہی کی بدولت اوسکو عرب نے
پیغمبروں کی طرح مانا یہ بدنصیب ہے جسنے ملک و قوم کو دین و دنیا دونوں میں تباہ کیا ہے۔ اللہ کا متولی اس درجہ فیاض
تھا کہ موسم حج میں ہمیشہ دس ہزار اونٹوں کی قربانی سے دعوت عام کرتا۔ دس ہزار جوڑے کپڑے
پہناتا۔ اسی لالچ ہماسکی جلائی ہوئی بت پرستی پھیلتی رہی۔ یہاں تک کہ علاوہ مذکورہ بالا بتوں کے مکہ کے اندر
ہر گھر میں ایک بت تھا جسکو وہ سونے سے جاگنے کے وقت سفر سے آنے کے وقتوں میں پوجا کرتے تھے
ریگستان کے سفر کو جاتے چار پتھر ساتھ لیجاتے۔ تین کا چولہا بناتے چوتھے کو پوجتے۔ نہ لیجاتے تو جو پتھر
سفید اور خوبصورت پاتے اسی کو پوجتے۔ پتھر نہ ملتا تو ریت کا ٹیلا پوجتے۔ ٹیلا نہ ملتا تو ریت کا ٹیلا بنا کر
اور بکری یا اونٹنی کا دودھ دوہکر تر کر کے ٹیلا بنا اوسکو پوجتے۔ کچھ نہ ملتا ستو کا بت بنا کر اوسی کو پوجتے
سادہ پتھر بے مورت کے انصاب کہلاتے اونپر بھی قربانیاں کرتے حلوے مانڈے کے طباق چڑھاتے
پھولوں کے ہار پہناتے۔ شتر مرغ کے انڈے چڑھاتے منتیں مانتے۔ جو شخص ان بتوں کے میلوں میں شریک
ہوتا برا بد نصیب سمجھا جاتا۔ جو شریک ہو کر شوالے کے مہنت اور مجاوروں میں رسوخ پاتا پیشوا قوم بنجاتا۔
بتوں کی پوجا کے طریق بھی مختلف تھے۔ کسی کی پوجا سجدہ سے کیجاتی اوسکے گرد گھومنے طواف کرنے سے
کسی کی چھونے اور بوسہ دینے سے کسی بت پر قربانی کرنے سے۔ کسی پر دودھ مکھن۔ حلوہ مالیدہ چڑھانے سے
اونکی پوجا کرتے تھے چھونا بوسہ دینا گھومنا۔ اگرچہ افعال عبادت میں محصور نہیں۔ بچوں کا بوسہ لینا چھونا
پیار کے طور پر گرد گھومنا محبت کے مقتضا پر جیسے مور مورنی کے اور مرغ مرغی کے گرد گھومتا کبوتر کبوتری کا
بوسہ لیتا ہے۔ بزرگوں کی پیشانی و ہاتھوں اور دوستوں کو چومتے بوسہ دیتے ہیں جیسے حجر اسود کے درمیان
چونکہ اقرارنامہ درباره توحید لکھا ہوا حضرت آدم علیہ السلام کا محفوظ کر کے رکھا ہوا ہے جسکو اللہ کی کبریائی
اور بڑائی بولکر عہد الست پورا کرنے کے لیے چوما جاتا ہے۔ نہ اوس پتھر کی جے بولکر۔ لہذا یہ افعال عبادت
نہیں۔ اور بتوں پر چونکہ یہ افعال عبادت کی نیت سے کیے جاتے ہیں اسلیے اونکو طریق عبادت کے سلسلہ میں

بیان کیا ہے ورنہ دراصل یہ کام عبادت کے نہین)
بار ہا ایسا ہوا ہے کہ باہر سے کتے نے آنکر بتون کے سامنے رکھے ہوئے دودہ مکھن کے چڑہاوے کو
کہا پی لیا مگر اون کے اس عقیدہ مین کمی نہین آئی کہ یہ خدائی ہیں ۔ ہمارے حاجت روا ہین مینہ برساتے
عورتون کے رحم مین بچے ڈالتے حمل کی لڑکیون کو لڑکون سے بدلدیتے مصیبتین ٹالتے ہین ۔ تخیلات
وہمیات کا اتنا غلبہ تہا کہ کوئی کام شگون ٹونے ٹوٹکے سے خالی نہ تہا ۔ جب سفر کا ارادہ کرتے پرندا اوڑتے
داہنے بازو کی طرف کو اوڑ جاتا سفر کرتے بائین جانب کو اوڑتا ترک جاتے کوے کے گہر میان بولنے کو
جدائی کی اطلاع سمجہکر منحوس ٹہراتے ۔ بیماری کو اوڑ کر لگنے کو حق سمجہتے ۔ چیچک وغیرہ کے مریضون سے الگ
ہوجاتے ۔ سہیل کے طلوع سے چوپایون مین مری پہیلنے کا اعتقاد رکہتے ۔ مہمان کے پیچہے برتن پہوڑ دیتا اوس کے
پہر نہ آنیکا ٹوٹکا تہا ۔ مسافر مڑکر پیچہے کو دیکہتا تو کہتے اسے راستہ سے لوٹنا پڑیگا ۔ بڑے شخص کی موت سے
سورج گہن یا چاند گہن ہونا مانتے ۔ کال پڑتا تو سلع اور عشر کی لکڑیون کا گٹہا گاے کی پونچ مین باندہ
آگ دیکر پہاڑ پر چڑہادیتے ۔ پہر مینہ کی دعائین مانگتے ہوے اوسکے پیچہے ہو لیتے ۔ گویا گاے خدا کی درگاہ مین
اونکی شفیع تہی ۔ طرح طرح کے جنتر منتر تنتر بہی اون مین رایج تہے ۔ جن مین سوا سورج جن ۔ بہوت ارواح
خبیثہ سے مدد مانگتے تہے ۔ جنات اور ارواح خبیثہ کے چہٹ جانے کا علاج گلے مین حیض کے چہیتڑے
یا مردہ کی پرانی ہڈیان ڈالنا تہا ۔ سانپ یربوع قنفذ کے مارنے سے جن کا اثر ہوجانا اعتقاد کرتے
دوا سے آرام نہ ہوتا تو جنات کی بہینٹ چڑہاتے ۔ اور مارے ہوے سانپ کی دیت دیتے ۔ مٹی کے اونٹ
پر گیہون لادکر سانپ کے سوراخ مین پہنچاتے ۔ اونکا اعتقاد تہا کہ جبراً جماع کرنے سے اولاد قوی بہادر
ذکی پیدا ہوتی ہے ۔ رتوندے کا علاج اونٹ کی کوہان اور کلیجہ کا کہانا تہا [۹] ۔ اونکی پلک پر انگشت شہادت
پہیر کر منتر پڑہکر دم کرنے ۔ خاوند کے پاؤن تلے کی مٹی اٹہا رکہنا خاوند کے جلد واپس آنے کا عمل تہا محبت
ہمیشہ قایم رہنے کے لئے مرد عورت کا برقع پہاڑ دیتا عورت مرد کی چادر پہاڑ دیتی ۔ خاوند سفر کو جاتا تو
ایک ڈورا کسی درخت کی کسی شاخ مین باندہ جاتا واپسی پر اوسکو ویسا ہی پاتا تو بیبی بی کو پاکدامن خیال
کرتا اور ڈورا کہلا یا ڈہیلا پاتا تو کہتا میری بی بی اپنی عصمت کہو بیٹہی دوسرون سے دل لگا کر میرے عقد سے
نکل گئی اس واہی خیال کی بدولت پاکدامنین فاحشہ کہلاتین ۔ اور بدکار چالاک عورتین پاکدامن قرار پاتین

---

۹ اتوار سنیچر سات بوٹیان کلیجی کی کہلانا رتوندے والے کو یہ بہی کفار کی تقلید ہے ۔ طبیب حاذق دیتا
کہانا جاے اسکو بدون تعین یوم بتاے تو کچہہ مضایقہ نہین ۔

مقلات مرت بیانی عورت جسکی اولاد نہ جیتی وہ اولاد جیتنے کے عمل مین کسی شریف مقتول کی لاش اپنے
پاؤن سے روندتی جس لڑکے کا دانت ٹوٹتا وہ سورج کو دانت دکہا کر اوس سے اچہا مانگتا جسکی خبر
نہ ملتی اوسکو کنوئین مین جہانک کر پکارتے کنوئین کی گونج سنکر کہتے زندہ ہے وہ جواب دے رہا ہے
کسیکا پاؤن سو جاتا تو وہ اپنے پیارے کو پکارتا[1] خیال تہا دیر لگنی اسنے مین جو اوتر جاتی نام پیارے کے
نام پکارنیکا ہوتا جس فریق مین لڑنے کی طاقت نہوتی اپنی عورتون سے طرفین کی صفوف قتال کے درمیان
پیشاب کرواتا اسکو لڑائی کی آگ بجہنے کا ٹوٹکا سمجہتے ناچار صلح ہو جاتی - ہونہار گہوڑے پر سوار خود
گہوڑے کو پسینہ آجاتا تو یہ خیال کرتے کہ سوار کی عورت غیر مرد سے ضرور ہمبستر ہو جائیگی عورت سے بدگمان
ہوکر جدا ہو جانے سے اوس کو بدکاری کا موقع دیتا پہر اپنی شناخت کے اعتقاد مین پختہ ہو جاتا - وبا
اور جنات کے اثر سے بچاؤ کے لئے گدہے کی آواز بولتے - مجرا و برگول تودہ بناتا اونٹنی کا پاؤن باندہکر
دو خط کہینچتا حصار تہا - اونٹنی کے کان مین اوسکی مان کا نام لینا بدکنے کا علاج تہا - مارے گہوتے
ہوئے آنکہہ پہنسیان تو تکلیف کسی اونٹ کے اور داغ دیا جانے دوبارا تندرست - ہزار اونٹ والا
نظر لگ جانے کے بچاؤ کے لئے ایک اونٹ کی ایک آنکہہ پہوڑ دیتا دو ہزار ہو جاتے تو دوسری بہی
پہوڑ دیتا - سانپ کے کاٹے ہوئے کے گلے مین عورت کا زیور ڈالتے جہانجہہ بجاتے - کلمات کفریہ لکہہ
دہاگون مین گرہ لگاتے - سانپ اور نظر بد سے بچانے کو بچہ کے گلے مین خرگوش کے ٹخنے کی ہڈی - لومڑی
بلی کے دانت ڈالتے - زچہ اور بچہ کی حفاظت کے لئے سرخ گوند کے نقطے پیشانی پر اور سیاہی کی لکیر
بچہ کے منہ پر لگاتے - مختلف قسم کے منکے گلون مین پہنتے - اونکی مختلف تاثیرین مانتے - حب بعض
منگنی نکاح تسخیر قلوب کے شرکیہ منتر پڑہے جاتے - ساری بڑائی اور مفاخرت کا مدار شعرون پر تہا
شعرا اپنی جادو بیانی سے برسون کے بگڑے ہوئے دلونکو بہائی بہائی بنا دیتے - دو الفت والے قبیلون مین
ایسی جنگ برپا کراتے کہ ہزارون بچونکو یتیم سیکڑون عورتونکو بیوہ بناکر چہوڑتے - جب کوئی نو آموز عمدہ شعر
کہنے لگتا تو اوس قبیلہ کے تمام آدمی جمع ہوکر عید مناتے - عورتین ناچتی گاتین تماشے دکہاتین دوسرے
قبیلون کے لوگ مبارکباد دیتے - عمدہ کہانے پکا کر کہلائے جاتے - کسی کی ہجو کا ارادہ کرنیوالا شاعر
آدہے سر مین تیل لگا ایک پاؤن مین جوتا پہنتا ایک ننگا رکہتا - چونکہ عرب مدح اور خود سرائی کے دلدادہ تہے
ہجو سے پریشان ہوتے - جب کوئی شاعر قید مین آتا تو اوسکی زبان ڈورے یا تسمہ سے باندہتے -

---

[1] حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا یا محمداہ کہنا پاؤن سو جانے مین پیارے کے نام لینے مین من کا خیال بٹانے کو
تہا نہ بخیال اہل جاہلیت ۱۲ منہ

شکار کی دوڑ مین سبقت لیکر نکل جانے والے گھوڑے کا سبب سے شہر کے خون سے رنگتے - کمزور قبیلہ
دوسرون سے داب کھانے کی نسبت مرجانا بہتر سمجھتا - دیت پر مشکل سے راضی ہوتے - ناچاری مین
بھی آسمان کی طرف تیر پھینکتے - خون لگا واپس آنے کا حیلہ لگا کر خون بہا پر راضی ہوتے - باندی کی اولاد
اگرچہ باپ سے پیدا ہوتی باندی غلام بنائے بغیر نہ چھوڑتے - اون مین سے لائق کو آزاد کرکے بیٹا بنا لیتے
ناراض ہوکر بیٹے کو بیٹا ہونے سے خارج کرنے کا اعلان میلہ یا ہنہم کے بھرے مجمع مین دیتے قتل خطا کی
دیت کا مطالبہ اس کا اوس سے اوس کا اس سے اُٹھ جاتا - آزاد کئے ہوئے غلام کو پھر بیچ لیتے
اذن لیکر کسی کے گھر مین داخل ہونا پردہ کرنا کوئی چیز نہ تھا - صرف بعض شرفا کی عورتین پردہ نشین تھین
باقی سب بے پردہ - پردہ دو رہنے والی عورت اور اوس کا خاندان نظر حقارت سے دیکھا جاتا - مال دولت
عالی نفس سخاوت - شجاعت - حلم - عفو - شرافت نسبی وغیرہ مین بڑائی مارتے - مردون تک کو گنا دیتے
قید مین آتے ذی رتبہ کی پیشانی کے بال کاٹ کر چھوڑتے - ان بالون کو مجمعون مین دکھلاتے کہ یہ
فلان رئیس کے ہین جسکو شجاعت سے قید کیا تھا - اور سخاوت سے چھوڑ دیا - عرب مین دو عیدین سالی
ہوتین - عمدہ لباس پہنکر نکلتے - سلام کے ساتھ پھول ایک دوسرے کی نذر کرتے - جاہلیت کا سلام دوپہر تک
کا اور رہتا اور شام تک کا اور رات کا اور دن کا اوجیسے انگریزی سلام وقت وقت کا جدا ہے - عورتون
مین کھال گندھوانے کا عام دستور تھا - سو چینے سے بال اوکھیڑ کر بھوین کو باریک کرتین - وہین سے
دانت گھسوا کر سونے کی میخین لگواتین - رجب ذیقعد - ذی الحجہ - محرم کے مہینون کی تعظیم کرتے -
ان چار ماہ مین لوٹ مار جدال قتال بند رہتا - خود غرضی ان مہینون کو دوسرے مہینون سے بدلکر
قتال وغیرہ کا موقع بھی نکال لیتے - اسکا نام نسی تھا جسکو پہلے پہل نکالنے والا حذیفہ قلمس تھا حج کی رسم
اونمین رسم قدیم سے تھی - مگر اوسمین بیشمار بدعتین پیچیدہ و شرکیہ اضافہ کر لی تھین جنکی تفصیل منقول سند مین
موجود ہے - یہ نمونہ ہے زمانہ جاہلیت کے اُن عقاید و اعمال عبادات و عادات و معاملات وہمیات و
تخیلات کا جنمین عام باشندگان عرب ڈوبے ہوئے تھے - جن کا اثر چارون طرف پہیلا کر دوسرون کو اپنی شوریدہ
طوفان مین غرق کئے جا رہا تھا - اس بگڑی ہوئی قوم کی بدحالی و بد اعتقادی کا نقشہ تھوڑا سا کھینچکر
دکھا دیا جس سے اوسکی تصویر قوت خیالیہ مین آسکے - پس اب ذرا توجہ کے ساتھ سوچو کہ ایک بڑا ملک ہے
جسمین دو قسم کے آدمی آباد ہین - عہدہ دار - مالدار سلاطین اونکی حالت تو یہانتک گر گئی ہے کہ اون کو
شمار کی صورتون سے وحشت ہے اونکو علما کی باتون پر ہنسی آتی ہے - مال و سلطنت کا نشہ اونکو ظالم جفا شعار
بنائے ہوئے ہے - رعایا کی پاسبانی اُنکے نزدیک اسی کا نام ہے کہ رعایا کو اپنا غلام مملوکہ بندہ سمجھین اور اپنے آپکو

سکا مخدوم بلکہ خدا اونکے نزدیک بجز اسکے کوئی چیز نہیں نہ آنے والی زندگی کوئی شے ہے جسکا فکر ہو نہ دوزخ کا
وجود ہی جو ڈریں نہ جنت واقعی ہے کہ طمع کریں نیک وبد افعال کی امتیاز فضول ہے اور ترقی دنیات سب توہم کا
دکھاوا کم ہمتی و دناءت ہے نبوت کوئی چیز نہیں جو مانی جاوے اور نہ اصحاب آخرت کی پکار کوئی قابل سماعت جو
جسپر کان دھرا جاوے ۔ دوسری قسم وہ جو مذہبی کہلاتی ہے جنکو علما درویش احبار قسیسین رہبان کہا جاتا ہے
یہ لوگ، مذہب والے مجاور متولی خانہ خدا سمجھے جاتے تھے ۔ انکی حالت یہانتک گری ہوئی تھی کہ شرک و کفر انکے
یہاں اعتقاد توحید اور وحدانیت کی جگہ ہو گیا تھا۔ بدعات و رسومات اہل ہند کے دلدادہ ہوگئے تھے ۔ چونکہ
عوام اتباع کو اونپر اعتقاد اور اعتماد تھا اسلئے کفر و شرک، و بدعات اونکی تحسین میں اونکے داؤ گھات
سب دین کی صورت میں مقبول تھے ۔ انھوں نے محبت جاہ و خود غرضی سے اپنی بڑائی اور کارروائی کبھی اُسپر
اپنے تابعین کو دیا یا ان توہم پرستوں ۔ خواہشات نفسانی کے بندوں کا یہی دین تھا جسکا کچھ ذکر ہم کر چکے
اب بتاؤ اون کا کونسا پہلو تندرست تھا جسپر نظر رکھکر ہماری طبیعت کو ان کی سمت ہو ۔ ان کے کان
آنکھ دل سب کچھ تھا مگر حق کو دیکھ کر سنکر حقیقت حق ادراک کرنے کا جوہر قلبی جہالت کی تاریکی میں کھو چکے تھے
کفر و ہوا پرستی کی ظلمت کے ایسے گہرے سمندر میں ڈوبے ہوئے تھے جس سے نجات دشوار تھی ۔ ایسے قوم
کے اندر پیدا ہو کر انھیں میں نشو و نما پایا ہو الا وہ یتیم بچہ بتاؤ کس عقیدہ اور کس خیال کا ہونا چاہیے جسکی تربیت
کے لئے باپ کا سایہ بھی سر پر نہ ہو اور ملک بھی ایسا کہ جہاں علوم کا چرچا نہ ہو کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ اوسکی حالت اپنی
قوم سے ممتاز اور جدا ہوگی ۔ کیا یہ توہمات جن کو آنکھ کھولتے ہی اپنے کنبہ اور خاندان کی عورتوں ۔ سمجھدار بچوں
جوان بوڑھوں میں یکساں دیکھتا اُس کے نفس سے دلپر قبضہ نہ کرینگے ۔ کیا اوس کو اپنی جان عزیز پیاری نہ ہوگی
کیا لوگوں کی موافقت کرکے اون کا مخدوم بننا اوس کو اچھا معلوم نہ ہوگا ۔ کیا کوئی ایسا شخص ہے جو اوسکو ان
باطل عقائد و خیالات سے ہٹاتے جبکہ اوس کے ملک نے پرورش پائی اور یہ بچہ بھی اونھیں میں پیدا ہوا اور انھا
پھولا پھلا ہوا اور اوس کو ان عقائد و خیالات کی خرابی سمجھانے والا بھی اس زمانے میں کوئی نہ ملا ہو ۔ باوجود
اُن کے عقائد و اعمال و توہمات و تخیلات سے خلقۃً بیزار پیدا ہوا ہو ۔ اور بیزار ہی نہیں بلکہ سب کا مصلح
و ہادی بنکر کھڑا ہو گیا ہو ۔ اونکی ایک ایک توہم پرستی کو چن چن کر مٹا دیا ہو اور برائی کو کھول دکھایا ۔ اونکی عبادات
[illegible] مالی کی ظلمت کو شانوسی بدلنا سکھایا ۔ اونکی معاملات میں ترمیم کی اونکی بدعات عملی و اعتقادی شادی و غمی
کی رسومات سراپا بربادی کی مضرتیں اور برائیاں ظاہر کیں بجائے اونکے سہل دین دنیا اور آخرت دونوں میں
نفع دینے والا ہر شخص کی حیثیت کے موافق قابل برداشت و شر برکات طریقہ سکھایا اور ان کے بدلنے
اور رواج ہمیشہ کے نقصانات سمجھائے اونکے عقائد کی غلطیاں نکالیں ۔ انکے روحانی امراض مزمنہ کے

آثار و علامات کو کتاب کے اوراق کی طرح کھولکر علاج کے لئے مزاج مشفقانہ طور پر تیار ہو گیا اور انکے دلوں سے
برسوں کی گندگیوں کو دھو دیا۔ بدعات و رسومات قومی و ملکی جیون تیاگی ہوئی میراث کو ایک سخت بغض و نفرت سے
بدنکر ملیا میٹ کیا۔ انکی آنکھیں کھولکر انمیں نور بھر دیا۔ کانوں میں حق نیوشی کا مادہ ڈالدیا۔ ہاتھ پاؤں کی رگوں
میں حمیت حق کا خون دوڑا دیا اور انکو متحرک قابل گرفت و رفتار الٰہی بنا دیا۔ دلوں میں پاکیزہ حیات کی روح پھونککر
زندہ دل بنا دیا۔ عقل و فہم و ہوش و حواس کو ایسا منور کر دیا کہ چالاک سے چالاک بھی انکو دھوکا نہ دے سکا
کیا اس شخص اعجاز مجسم کو کوئی نبی فرشتہ تھا اور اس کے کارنامہ کو اعجاز نامہ کہہ سکتے۔ دنیا کا رنگ دیکھو۔ خود نہ دیکھو
تجربہ کاروں سے واقعات پر نظر ڈالنے والوں سے پوچھو۔ چھوٹی سی برادری میں پڑی ہوئی بد رسم سردار مانے ہوئے
بڑے بوڑھے کے مٹائے نہیں مٹتی۔ ایک نوجوان بچہ یہ کہکر مخالف ہو جاتا ہے کہ جو بات بڑوں سے چلی
آئی ہے اس کو کیوں چھوڑ دیں تو اس کی مخالفت کا کیا اثر ہوتا ہے۔ اور بچہ تو بڑے میاں تو [illegible]
اپنی ڈاڑھی کو دھوپ میں سفید نہیں کیا تھا اپنی خیر خواہانہ اصلاح میں کتنے الجھے بیشک [illegible]
کامیابی ہوتی ہے یا نہیں۔ [illegible] ایک اکیلا تنہا اصلاح عرب اور اشاعت اسلام کے اس ابتدائی
محل کی تعمیر کو قیاس کرو جسکا معمار وہ پاک نفس معجزہ مجسم تھا جسنے عیسوی سال کی چھٹی صدی کے آخیر میں آنکھیں
پیدا ہو کر ابھی تو ہم پرست ملک میں پرورش پائی جسکی کایا پلٹنی اور انکو دنیا کا استاد بنانے کے لئے دنیا میں آیا تھا
اور صرف تریسٹھ سال زندہ رہکر ساتویں صدی کے وسط میں اپنی سوانح کو ایک سچا اور پائیدار معجزہ بنا ہوا چھوڑ کر
مظفر و منصور رخصت ہو گیا۔ والله اکبر الله کا شکر امت محمدیہ کا حامی و مددگار ہوتا تو یہ پیغمبر روحی فداہ زیادہ
مستحق تھا کہ اگر عزیر و عیسی علیہم السلام اپنی امت کی زبان سے ابن الله کہلائے گئے تو یہ حیرت خیز کارگذار
اپنی امت کے نزدیک خدا قرار پاتا لیکن ایسا ہوتا تو اس کمال میں نقص ہوتا جسکا ہم ثبوت دے رہے ہیں پس
باایں کمال و عظمت سب کو اقرار ہے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ
رسومات مذکورہ کے بیان کرنے سے یہی نفع ہے کہ مسلمانوں کو معلوم ہو جاوے کہ آج زمانہ کی مروجہ رسومات
زمانہ جاہلیت عرب و ہند کے اندھیر کا کتنا رنگ اور اندھیرے رکھتے ہیں۔ [illegible] زیادہ [illegible]
[illegible] عبرتناک واقعہ بھی ہوا۔ کہ حق تعالی نے [illegible] بادشاہ کے پنجہ سے مکہ کو بیت الله
[illegible] بادشاہ جسکے صوبہ دار ابرہہ نے جو عیسائی تھا خانہ کعبہ کو مرجع خلائق دیکھکر
[illegible] شہر صنعا میں ایک عالیشان گرجا تیار کرا کے لوگوں کو [illegible]
[illegible] ابرہہ کو کامیابی ہوئی۔ گو صوبہ کے عام باشندے اس کا [illegible] اور احترام
[illegible] قریب قافلہ [illegible] کو قافلہ کی آگ [illegible]

جلا دیا۔ جسنے ابرہہ کے دل میں اشتعال پیدا کیا۔ اور جب تک مکہ کے مقدس گھر کی اینٹ سے اینٹ
نہ بجا دونگا آرام سے نہ بیٹھونگا۔ ابرہہ تیرہ ہاتھی اور لشکر جرار لیکر مکہ پر چڑھ آیا۔ باشندگان شہر کو لوٹا کئی مال غنیمت
نذر شاہی میں لیا۔ باشندگان شہر مکہ شہر چھوڑ پہاڑوں۔ غاروں جنگل کے وادیوں میں جا چھپے۔ جب صبح نمودار
ہوئی ابرہہ نے فوج کو مکہ میں داخل ہونے کا حکم دیا۔ اور جنگی ہاتھی جنسے مضبوط مکان منہدم کرائے جاتے
تھے آگے بڑہائے گئے۔ سب میں زبردست ہاتھی محمود نام چند قدم چلکر بیٹھ گیا۔ فیلبان نے مارکر اوٹھایا مگر
اوسنے مکہ کی طرف چلنے کا نام نہ لیا۔ یہاں اس پریشانی میں سب مبتلا تھے کہ دفعتہً جدہ کی طرف سے چڑیوں کا
غول نمودار ہوا۔ جن کے چونچوں اور پنجوں میں سنگریزے اور کنکریاں تھیں۔ اوس غول نے سروں پر پہنچکر اونپر
کنکریاں پھینکنی شروع کیں۔ ان عذاب الہی کی کنکریوں نے بندوق کی گولیوں کا کام دیا۔ جس سوار کے سر پر
پڑیں پھیپھڑے انتڑیاں کاٹتی ہوئی گھوڑے کے پیٹ سے گذرتی ہوئیں زمین پر گریں ہزاروں سپاہی اسیطرح
ہلاک ہوئے باقیماندہ بھاگ نکلے۔ پہلا عذاب ختم ہوا تھا کہ دوسرا عذاب آیا۔ سمندر کی طرف سے طوفان نمودار
ہوا اور سیلاب عظیم نے بھاگتے ہوؤں کو خس و خاشاک کی مانند بہاکر سمندر میں پھینک ڈالا مفرور سپاہیوں کے
پانوں میں دیکر ابرہہ کا عضو عضو چور چور ہو گیا۔ آخر اسی حالت بے بال و پر پرند کی طرح کاندھے پر ڈالے صنعا پہنچے
ابرہہ نے چند روز میں تڑپ تڑپ کر جان دی۔ دفن کے بعد اوس کا بیٹا یکسوم گدی پر بٹھا دیا گیا۔ چونکہ
یہ ایک عظیم الشان واقعہ تھا جو آج چودہ سو برس تک تاریخی صفحات کا جزو بنا ہوا ہے اسلئے اہل عرب نے
اسکو سال کا مبدا قرار دیا اور آئندہ واقعات کی تاریخ کا حساب اسی سے شروع کیا یہ سال عام الفیل کہلایا
اور اسی سے سنہ ایک دو آخر تک گنتے جانے لگے۔ یہاں عبدالمطلب نے پہاڑی سے اوتر کر لاشوں
کو دو گڑھوں میں دفن کیا۔ چاندی سونے جواہرات کے ڈھیر جمع کرکے بحصہ رسدی سب لوگوں پر تقسیم کر دی
عبدالمطلب کے حصہ کا مال اسقدر تھا کہ عمر بھر مالدار بنکر تمام خاندان کی زندگی بسر کرنے کو کافی ہوا
اصحاب فیل کی اس بربادی و ناکامی کو سورۃ الفیل میں بیان فرما کر قریش پر احسان جتایا ہے مقتضائے
شکر گذاری اس کا یہ تھا کہ وہ رحمت الہی کے احسان مند بنکر کعبہ کی بھی عظمت برقرار رکھتے جسکے احترام
کی بدولت ان کو جانی آفات سے نجات ملی اور خاشع خاضع بنکر عبادت الہی میں ترقی کرتے۔ مگر افسوس
بجائے اسکے ان میں تکبر نخوت غرور پیدا ہوا تعلی کے ساتھ کہنے لگے۔ ہم ایسے باعزت لوگ ہیں
جنکی حفاظت بیت کی جانب سے ہوئی لشکر جرار رکھنے والے اصحاب فیل نگونسار ہوئے۔ اسکے سبب
اون میں اور بھی ایسی خرافات رسمیں اور بھی پیدا ہوئیں جنکو عام اہل حجاز یہ کہکر تسلیم کرتے گئے کہ قریش
کا ہر ایک کام سچ ہے خدا کو پیارا ہے۔ جب قریش کی عزت و عظمت نے اہل ملک کے دلوں پر قبضہ کر لیا اور

اور اونکی ہر بُری سے بُری ادا بھی خوبی کے ساتھ دیکھی جانے لگی تو جو کچھ بھی ظاہر ہو وہ تھوڑا ہے۔ چنانچہ اس باب میں جو کچھ رسومات و توہمات پرستی کا نمونہ دکھایا گیا ہے وہ فتنہ مشرکیہ و بدعیہ داہیہ کو جگہہ دینے والی اسی حالت کا ایک شعبہ تھا اور انھیں کی اصلاح کے لئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعجاز مجسم دنیا میں تشریف لائے تاکہ سب سے پہلے اونکے قلوب کی گندگیاں اور مفاسد صوری و معنوی اُنکے دور کرکے نورانیت سے منور کریں اور جب اونکی طرف سے اطمینان ہو تو الاقرب فالاقرب اطراف عالم کے جاہلوں کو صراط مستقیم دکھا کر معرفت الٰہی کے مراتب طے کرائیں۔ ناقل کہتا ہے طیراً ابابیل کی سنگریزہ بازی سے اونکی ہلاکی پر جو استبعاد کیا جاتا ہے کہ یہ محال عادی ہے اس عناد اور فلسفیت کی ٹھوکر کھانیوالی افتادگی ہجیاں الواسم جابرہ نمبر ۲ وغیرہ میں پورے طور سے اوڑادی ہیں۔ افسوس انسان کا سکھایا ہوا پیلا کنوئیں میں کوڑی پیسا پھینکا ہوا گرتے ہوئے کو راستہ میں سے بچا لاوے۔ طوطا توپ میں بتی لگا توپ چھوڑے۔ مجلس میں پان بانٹے۔ اور اس کے سوا اور بہت سے اعجوبہ تماشے تماشا گاہوں میں جو بھی ہوئی آنکھیں دیکھ چکیں اونکو تو استبعاد نہ ہو انسان کے سکھائے ہوئے پرندوں کے یہ کرتب سب ممکن اور واقع استبعاد ہو تو کسب اللہ کے سکھائے ہوئے پرندوں نے بھلا کیسے تاک کر سر پر کنکریاں چھوڑیں اور اون کنکریوں نے کیسے گولی کا کام دیا۔ حال کا تجربہ جنگ کا ہون کیا ایسے کرم خوردہ دماغوں کو آنکھیں ملنے سے ابھی فارغ نہیں کر چکا۔

تھیں باتیں شادی غم کی جتنی	کرتی تھیں جسے بی دام و درم	ہوتی جب مجلس تو کرتے لوٹ مار	خرچ کرتی پھر تھا نہ سر تھم

خوشی کی تقریبوں میں پندرہ کھانے کئے جاتے تھے پہلا کھانا ولیمۃ الخرس دردزہ کی نجات پانے کی خوشی میں ہوتا۔ دوسرا عقیقہ بچہ پیدا ہونے کے ساتویں دن۔ تیسرا کھانا اعذار نام ختنہ کی دعوت میں دیا جاتا۔ چوتھا کھانا ذو الحذاق نام عام برادری مختلف قبیلوں کو دعوت و فن شناوری۔ تیراندازی۔ شاعری وغیرہ میں کمال حاصل کرنے پر دیا جاتا۔ پانچواں کھانا ولیمۃ الاملاک نام منگنی کی تقریب میں دیا جاتا۔ چھٹا کھانا میاں بی بی کے یکجا جمع ہونے پر ولیمۃ العرس کے نام سے دیا جاتا۔ ساتواں وکیرہ مکان بنانے کی خوشی میں کھلایا جاتا۔ آٹھواں کھانا شندخ کھوئی ہوئی چیز ملنے پر دیا جاتا۔ نواں کھانا تحفہ در مستعمل ملاقاتیوں کو کھلایا جاتا۔ دسواں کھانا سفر سے بخیریت واپس آنے کی خوشی میں ہوتا اور نقیعہ کہلاتا۔ گیارہواں کھانا قری مہمان کا حق تھا۔ بارہواں وضیمہ فیاضی کے طور پر کھلایا جاتا۔ تیرہواں کھانا عتیرہ ہر سال رجب کا چاند دیکھنے کی خوشی میں ہوتا۔ چودھواں کھانا نقری جسکے لئے خاص خاص لوگ بلائے جاتے تھے۔ پندرہواں کھانا مأدبہ دوست دشمن سب کو کھلایا جاتا۔ مردے کے کفنانے دفنانے کا بھی رواج تھا۔ نوحہ کرنے والی مزدور رکھی جاتیں وہ مردے کی خوبیاں شجاعت سخاوت فیاضی۔ شرافت کو اشعار یا مقفیٰ عبارت میں

بیان کرتی بناوٹی رونا روتیں رُلاتیں - کنبہ کی تمام عورتیں اپنے سر کے بال کھول کر اور سر منہ کھول
کھڑی ہو کر میت کا نام لے لے کر چیختیں چلاتیں پچھاڑیں کھاتیں - چھاتیاں کوٹتیں بال کھسوٹتیں - گریبان پھاڑتیں
مونہہ نوچتیں رخسار پیٹتیں - جنازہ کے ساتھ کنبہ ننگے پاؤں ہوتا جب جنازہ قبر پر پہونچ جاتا تو اوس کا
ولی امام کی طرح اوس کے سامنے کھڑا ہو کر اوسکی تعریفوں کنبہ کے صدمہ کا رونا روتا - جو لوگ دفنا کر آتے سب
میت والے گھر میت کے رشتہ داروں کی لائی ہوئی بھتی کھاتے اس بھتی کا نام وضیمہ تھا بعد اس کے رونا تم
صبح کے وقت اور جب کوئی ماتم پرسی کو آتا تو بھاڑے پر نوحہ کرنے والی پیچھے دار غم کے گیت گا گا کر محلہ کو سر پر
اوٹھا لیتیں - اس بھتی کے علاوہ غمی کی تقریب میں چھ ضیافتیں اور بھی کی جاتی تھیں - تیسرے - نویں
بندرہویں - چالیسویں دن چھٹے مہینے اور برسی جن کو اہل محلہ دوست آشنا برادری کے لوگ میت والے کے
گھر جمع ہو کر کھاتے تھے اور ان تقریبوں کو تیجہ نویں - بندرہویں چالیسویں - چھماہی برسی کے نام سے پکارتے
تھے - عرب میں رئیس اور بڑے شخص کی موت کا اعلان دیا جاتا - اوسکی قبر کے پاس گڑھا کھود اونٹنی گردن مروڑ کر
اوس میں ڈالدیجاتی بلیۃ اوس کا نام ہوتا کہتے قیامت کو مردہ اوٹھکر اس پر سوار ہوگا - اور بہتیرے لوگ قیامت
حشر نشر جزا سزا کے منکر تھے کہتے بوسیدہ ہڈیوں میں پھر جان نہ آئیگی - قبر پر صدقہ اور خیرات کو خصوصیت
کے ساتھ نافع سمجھتے قبروں پر قربانیاں کی جاتیں اُن کے خون سے قبر تر کی جاتی - مُردے کے جسم اور دل
ٹھنڈا کرنے کو شراب اوس کی قبر پر چھڑکی جاتی - کہتے مقتول کی کھوپڑی گل کر اوس سے ہامہ اور صدی اُلو
کی شکل کا پرند پیدا ہو کر روتا چیختا پھرتا ہے - قاتل سے بدلا ملنے پر اُسکی پیاس بجھتی ہے - یہ اوپر کی عبارت
قبلہ کی نقلوں کے ذیل مسطور ہے ماخوذ ہے الرشاد جلد ا نمبر ایک تا ۷ سے اور احسن المواعظ اور ہمارے
شیخ کی کتاب المواعظ کے چند اجزا سے -

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المتباریان لا یجابان
ولا یوکل طعامھما قال الامام احمد یعنی المتعارضین بالضیافۃ فخرا ورباء رواہ البیہقی
فی شعب الایمان ص۲۷۰ مشکوۃ لا تقبلوا دعوۃ المتباریین بصیغہ نہی بھی صحیح حدیث
میں وارد ہے **ترجمہ** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہا فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فخر کرتے دکھانے کو ایک دوسرے پر بڑھ چلنے کو دعوت کرنے والوں کی
دعوت نہ قبول کیجاوے اور نہ کھایا جاوے کھانا اون کا - فرمایا امام احمد نے (متباریان) کے معنی یہ ہیں
کہ فخر اور ریا کی راہ سے ضیافت کے ساتھ دو باہم معارضہ کرنے والوں کی ضیافت نہ قبول کی جاوے
روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان میں (مشکوۃ)

خوشی کی تقریبوں میں بندرہ کھانے اور ضیافتیں اور سات بھتیاں اور ضیافتیں غمی کی تقریب میں
بیچ زمانہ جاہلیت کے جو ہوا کرتی تھیں جنکی تفصیل معتبر تواریخ اوپر گذری انکی اور زمانہ کفر و جاہلیت کے
دوسرے آن کاموں اور رسموں کی نسبت جن کا جاہلیت سے ہی تعلق تھا ملت ابراہیمی و اجازت شریعت
مصطفویہ سے کیا حکم رہا - اسپر بطور ضابطہ تو یہی کہ ہوڑا ہوڑی ایک دوسرے پر بڑھ جانے کی نیت
فخر و ریا کے طور پر جو دعوتیں ہوتی ہیں اون کو قبول ہی مت کرو جیسا کہ حدیث سے گذرا دوسرے حدیث
صحیح مرفوع متصل قولی رسومات جاہلیت کے عموماً مٹانے کے بیچ پیش ہے جسکو روایت کیا ہے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعثنی بمحق المعازف والمزامیر
والصلیب وامر الجاھلیہ جب اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کی بعثت کی علت معازف اور مزامیر اور صلیب اور جاہلیت کے زمانہ کے رسمی کاموں کا مٹانا ہی
ہے تو ان باتوں ضیافتوں - بھتیوں اور اونکی خصوصیات اور تعینات میں سے جتنے سے وہی بچیگا
جسکی شرع محمدی اجازت دے - اور یہ اجازت دینا بنقل صحیح وقابل اخذ ثابت ہو جاوے جیسے عقیقہ
بتعیین (ساتویں) مقیم روز از ولادت اور طعام ولیمہ اور شکریہ کا کھانا کھلانا اکرام کے ساتھ اور پہلے
دن اہل میت کو کھانا بھیجنا نہ کہ خود اونکا کھانا اور صلہ رحم صدقات خیرات جود و سخا لوجہ اللہ تعالے
اور کوئی مانع شرعی ہو تو دعوت کا قبول کرنا ان امور کی ترغیب اور مشروعیت کے ثبوت میں حدیثوں سے
کتب احادیث کے ابواب بھرے ہیں - تصریحات فقہیہ موجود ہیں - امام محمد کا عقیقہ کو مکروہ کہنا کسی کو نہ کھٹکے جبکہ
رسومات جاہلیت سے عقیقہ بھی ٹھہرا - اور رسومات جاہلیت کا مٹانا بھی اہم مقاصد شارع ہوا تو وہ خلاف
محق نبوی سے جبھی بچیگا جب اس کی اجازت کی نص ہمیلہ نصوص محق امور جاہلیت ہوگی پس یا تو نظر
امام عالی مقام میں ایسا ہے نہیں یا اطلاق عقیقہ میں کراہیۃ لفظی کی وجہ سے کلام ہے اسکو نہ یہ
کہنا چاہیے اور زیادہ بسط اس مسئلہ میں دیکھنی منظور ہو تو کتب مبسوطہ فقہیہ و شروح موطا و صحیحین وغیرہ خصوصاً التعلیق
الممجد دیکھو بصیر کو اس سے سبق ملتا ہے کہ جب عقیقہ جسکے ثبوت میں حدیثیں موجود ہیں امام محمد کا کلام
ہو تو ولیمہ انحرس دردزہ سے نجات پانے کی خوشی کا کھانا اور ولیمۃ المساک نام منگنی کی تقریب کا کھانا
اور عقیرہ نام ہر سال رجب کا چاند دیکھنے کی خوشی کا کھانا اور وضیمہ یعنی اہل میت کے گھر پہلے دن کی
بھی کھانا اور تیجے اور نویں اور دسویں اور چالیسویں دن اور ششماہی اور برسی کی بھتیاں ضیافتیں
کھانا وغیرہ جنکی بابت زمانہ جاہلیت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مٹاچکے صحابہ کرام اور اصحاب قرون
ثلثہ نے اونکو طریقہ مسلوکہ فی الدین نہیں ٹھہرایا اور ان پر بہت کسیکا شاذ و نادر جو عملی ہو رہی تو فوراً

اوس پر رد و انکار شروع ہوا جیسا کہ ختنہ کے بلاوے میں چنانچہ امام احمد نے حسن سے روایت کی ہے
کہ حضرت عثمان بن ابو العاص کو کسی نے ختنہ میں بلایا آپ نے جانے سے انکار کیا۔ آپ سے اوسکی وجہ پوچھی
گئی تو آپ نے جواب دیا کہ ہم لوگ عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں ختنہ میں کبھی جاتے تھے اور
نہ اسکے لئے بلائے جاتے تھے (اصلاح الرسوم) حضرت سید الاولیاء محبوب سبحانی سیدنا الشیخ
عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ غنیۃ الطالبین شریف میں فرماتے ہیں **دَعْوَۃُ الْخِتَانِ دُنَاءَۃٌ** یعنی
ختنہ کی دعوت کمینہ پن اور ردی چیز ہے انتہی۔ میت کے بارہ میں رسم زمان نبوت کا مجد الدین فیروزآبادی
شافعی نے سفر السعادۃ میں اور حضرت شیخ عبد الحق محقق دہلوی حنفی نے اوسکی شرح میں ایسا بیان کیا ہے
اور عادت نہ تھی میت کے لئے غیر وقت نماز (جنازہ) میں جمع ہو کر قرآن پڑھنے اور ختم کرنے کی نہ قبر پر
اور نہ دوسری جگہ اور یہ مجموع بدعت ہے اور مکروہ ہاں ماتم پرسی اہل بیت کی اور تسلی دینا اور صبر کرنے کو فرمانا
سنت و مستحب ہے لیکن یہ اجتماع (لوگوں کا) تیجے میں اور دوسرے تکلفات اور خرچ کرنا مال کا بے وصیت
یتیموں کے حق میں تو بدعت ہے اور حرام ہے اور میت کی تعزیت (یعنی ماتم پرسی) کی حد تین روز تک ہے اور تین
روز کے بعد تعزیت مکروہ ہے۔ اور بعض نے سات روز تک تجویز کی ہے۔ اور تعزیت ایک بار سے زیادہ
نہ کرنا چاہئے جو ایکبار ماتم پرسی اہل بیت کی کر چکا دوسری بار نہ کرے ایسا ہی مروی ہے ہمارے امام
ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور تعزیت کے لئے بیٹھنا دروازہ اور راہ پر سخت مکروہ ہے جاہلیت کی رسم
ہونے کی وجہ سے اور گھر یا مسجد میں بیٹھے تو اسکی رخصت ہے۔ اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جعفر
اور زید اور عبد اللہ بن رواحہ کی شہادت کے بعد مسجد میں محزون بیٹھے تھے اور لوگ آئے تھے لیکن سابقہ اسکی
کیفیت نہ کہ اب دستور ہے اور ایام متعددہ معین کرتے ہیں (جیسا کہ بعد تیجہ کے دسویں بیسویں چالیسویں
چھماہی برسی میں کرتے ہیں) نہ تھا اور بعد ختم قرآن پڑھنے میں (قاری کو کچھ دینے میں) اختلاف ہے۔ اور جو کچھ
زیارت کرنے کے وقت پڑھا جاوے بالاتفاق جائز ہے الخ ترجمہ تمام ہوا جب عزا کے لئے دروازہ
اور راہ پر بیٹھنا جاہلیت کی رسم ہونے کی وجہ سے مکروہ ہوا تو تیجہ۔ دسویں۔ بیسویں۔ چالیسواں
چھماہی۔ برسی۔ عرب کے زمانہ کفر وجاہلیت کی رسم ہونے کیوجہ سے۔ اور تیجہ دسواں۔ بیسواں
تیرہیں۔ ستر ہویں۔ چالیسواں۔ چھماہی۔ برسی ہنود کی رسم سے متشکل ہونے کی وجہ سے نیز سخت مکروہ
ہونی چاہئے۔ اسی واسطے جب سے یہ رسم مٹنے کے بعد زندہ ہو کر چل پڑی ہے اوسوقت سے ان پر
رد و انکار ائمہ و فقہا و محدثین کا ہوتا رہا ہے۔ اور جاہلیت کی رسم اگرچہ مشروع چیز کے ساتھ ملکر
ظہور میں آئی ہے اسپر بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سخت انکار ہوا ہے۔ بلکہ انپر بددعا

کرنے کا صورتیں مسخ ہوجانے کی قصد ظاہر فرمایا ہے۔ دیکھو مشکوٰۃ کے باب البکاء علی المیت کی فصل ثالث میں یہ حدیث وعن عمران ابن حصین وابی برزۃ قالا خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فی جنازۃ فرأی قوما قد طرحوا اردیتہم یمشون فی قمص فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم أ بفعل الجاھلیۃ تأخذون او بصنیع الجاھلیۃ تشبھون لقد ھممت ان ادعو علیکم دعوۃ ترجعون فی غیر صورکم قال فاخذوا اردیتہم ولم یعودوا لذالک رواہ ابن ماجۃ **ترجمہ** عمران ابن حصین اور ابو ہریرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نکلے ہم ساتھ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ایک جنازہ (کی اتباع) میں پس دیکھا حضرت نے ایک قوم کو کہ چادریں اوتار آئے ہے (اور صرف) کرتوں میں چلتی ہے۔ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا جاہلیت کے فعل پر عمل کرتے ہو یا جاہلیت کے کام کے ساتھ مشابہت کرتے ہو البتہ البتہ قصد کیا میں نے اس کا کہ تم پر ایسی بددعا کروں کہ پلٹ کر ہو جاؤ تم اپنی صورتوں کے غیر صورتوں پر۔ کہا پس لے لیا انھوں نے اپنی چادروں کو اور آئندہ ایسا نہ کیا۔ روایت کیا اس حدیث کو ابن ماجہ نے صرف جاہلیت کی رسموں میں سے اتنا ہی کیا تھا کہ چادریں اوتارے تھے جس پر حضور نے بددعا سے مذکور سے ڈرایا ان لوگوں نے فوراً چادریں لاکر اوڑھ لیں اور پھر ایسا نہ کیا تو پھر دوسری رسمیں جاہلیت کی شائع ہوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ترک فرمائی ہوئی صحابہ کرام اور تابعین اور ائمہ مجتہدین کی آج کیونکر زندہ کرنی حلال ہو جائینگی۔ کہاں تو تیجہ وضیمہ۔ نویں۔ بیندرہویں۔ چالیسویں۔ تیجا ... برسی کی ساتھ بھتیاں زمانہ جاہلیت میں غمی کی بڑی آن بان کے ساتھ مروّج تھیں اور کہاں ایسی تھیں کہ بجز تعزیت اور اہل میت کو پہلے دن کھانا دینے کے اہل میت کے پاس جمع ہونے اور اہل میت کو کھانا تیار کرنے کو صحابہ کرام نوحہ جاہلیت میں شمار فرمانے لگے امام ابن الہمام فتح القدیر میں فرماتے ہیں ویکرہ اتخاذ الضیافۃ من الطعام من اھل البیت لانہ شرع فی السرور لا فی الشرور وھی بدعۃ قبیحۃ روی احمد وابن ماجہ باسناد صحیح عن جریر ابن عبد اللہ قال کنا نعد الاجتماع الی اھل المیت وصنعہم الطعام من النیاحۃ **ترجمہ** اور اہل میت سے کھانے کی ضیافت لینا اور ان کا ضیافت تیار کرنا مکروہ ہے اسلئے کہ وہ مشروع ہے شادیوں میں نہ غموں میں۔ اور یہ بری بدعت ہے بدلیل اس حدیث کے جسکو روایت کیا ہے امام احمد اور ابن ماجہ نے ساتھ صحیح اسناد کے جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے کہا انھوں نے شمار کیا کرتے تھے ہم (اصحاب رسول اللہ) اکٹھے ہونے کو اہل میت کے پاس اور ان کے کھانا تیار کرنے کو نوحہ سے ترجمہ

تمام ہوا جاہلیت کی رسومات کے مٹانے میں آپ کا یہ ارشاد کہ میں انکے مٹانے کو مبعوث ہوا ہر رسم جاہلیت
اتباع جنازہ میں چادریں اوتارنے پر مسخ صورت کی بددعا کی دہمکی وہی میت کے کھانے پینے منع کرنے میں
وہ اہتمام جو حدیث کے الفاظ صحاح ستہ سے عنقریب آتا ہے جسپر عمل صحابہ کی یہ شان کہ صحابہ کرام نے
نماز جنازہ کے غیر وقت میں اہل میت کے پاس جمع ہونے اونکے کھانا پینے کو نوحہ کی مد میں شمار کر رکھا تھا صرف
تعزیت کو جاتے اور چلتے ہوتے۔ اونکے پاس بجز تعاقب امر اجتماع نکرتے تھے۔ قرون ثلاثہ میں جو ایصال
ثواب الی المیت ہوا وہ پابندی ایام و طرز جاہلیت کے تقصد تشبیہ نہیں ہوا اگرچہ کنوان کھدوا کر اوسکا
پانی فی سبیل اللہ کر دیا اور میت کو اوس کا ثواب بخشدیا۔ مگر یہ تھا کہ اوس طرح پر تھا کہ کہاں سے کھا ہو اونکے
چشم انتظار اور نہ کی خواہش کسی دستور معین کی وجہ سے اوس کھانے کی طرف سے لگے ہوں۔ البتہ زیارت
قبور کے وقت جتنا چاہا قرآن شریف پڑھکر ثواب بخشدیا اس کام کیلئے وہ کسی مقبرہ میں نہ پابندی تاریخ اکھٹے
ہوتے نہ مسجد میں نہ اہل میت کے گھر اہل میت پر نہ اونھوں نے اپنی خوردونوش آؤبھگت دیکھنا کا بار رکھا
اور نہ اہل میت نے خوشی یا کسی دباؤ اور دستور کی وجہ سے نقد یا کھانا شیرینی وغیرہ اونکو دیا تو قرون ثلاثہ
اور مجتہدین آئمہ اربعہ زمانوں کے بعد بھی تخصیص ایام وغیرہ کی پابندیاں منافی ہوکر شرع کیسے مشروع
ہو جاینگی۔ اور وہ جو عاصم بن کلیب کی روایت کو سنن ابی داؤد و امام احمد سے پیش کیا جاتا ہے کہ ایک موقع پر
اہل میت کے یہاں کا پہلا تیار شدہ کھانا آپ نے بھی کھالیا ہے گو بمع دیگر لقمہ اٹکلیا ہے۔ یہ حجت
ساتھ بھتیوں میں سے ایک بھتی وضیمہ کے جواز کی نہیں ہوسکتا اسلئے کہ اس موقع کے بعد پھر کبھی آپکو
وضیمہ کھانے کھلانے کھلوانے جاری رکھنے اجازت دینے محقق سے استثنا فرمانے کا اتفاق نہیں ہوا
ممکن ہے کہ جیسے اہل میت کو طعام بھیجنا مکارم اخلاق سے ہے اسی آپنے اپنے آپ کو
اور اپنے ساتھیونکو منجملہ اہل میت شمار فرمایا ہو یا میت والے اور بیمار دار کے یہانکے کھانیکو بیماری
اور موت لگجانے کے خوف سے جو بعض کفار نہیں کھاتے ہیں اوس کے ابطال کا اسمیں قصد فرمایا ہو
اسلئے کہ کھانا پہلا تیار شدہ اوس میت والے کے گھر کا ہی تھا باہر سے نہیں آیا تھا۔ اسیواسطے فقہائے
اسکو منہی عنہ اور محقق سے مستثنے نہیں کیا اور پھر پہلے دنکی بھتی بھی تو دوسرے کسی صحابی کے یہاں نہیں ہوئی
چہ جائیکہ دستور ہوجاتی۔ شیخ علی متقی صاحب کنز الاعمال کے رسالہ ردبدعات التعزیہ میں مرقوم ہے
الاول الاجتماع للقراءة بالقرآن على الميت بالتخصيص في المقبرة او المسجد او
البيت بدعة مذمومة لانه لم ينقل من الصحابة رضي الله عنهم شيئا
ترجمہ اول اکٹھا ہونا قرآن پڑھنے کے لئے میت پر ساتھ تخصیص کے مقبرہ یا مسجد

یا گھر میں بدعت مذمومہ ہے اس لئے کہ اس میں سے کچھ بھی ثابت منقول نہیں **جامع الرموز** میں ہے
تتخذ القراء عنه ولا يعطى لهم شئ كما في المنية ويكره اتخاذ الضيافة في هذه
الايام وكذا اكلها كما في خيرة الفتاوى **ترجمہ** اور منع کیے جاویں قرآن پڑھنے والے
اور نہ دیجاوے انکو کوئی چیز جیسا کہ منیہ میں ہے اور مکروہ ہے تیار کرنا ضیافت کا ان دنوں میں اور ایسے ہی
مکروہ ہے کھانا اسکا جیسا کہ خیرۃ الفتاوی میں ہے اور فتاوی بزازیہ میں ہے کہ مکروہ ہے تیار کرنا (اہل میت کا)
کھانے کو (لوگوں کو کھلانے کے لئے) پہلے دن اور تیسرے دن اور بعد ہفتوں کے اور لے جانا کھانا
طرف قبر کے موسموں میں مکروہ ہے۔ اور مکروہ ہے مقرر کرنا دعوت کا بدلے قرأت قرآن کے اور جمع کرنا
صلحا اور فقرا کا ختم کے لئے یا سورہ انعام یا سورہ اخلاص کی قرأت کے لئے انتہی۔ پتا لگا جب بعض میں دیاہی
یا کوئی تیوہار ہوتا ہے تو بعض جگہ کھانا تیار کرکے قبر کی طرف لے جاتے ہیں وہاں قبرستان کے خدمتگاروں کو
دیدیتے ہیں یا حاضرین کو بانٹ دیتے ہیں یہ مکروہ ہے اور بنظر تقرب اگر قبر پر چڑھایا جائے تو چڑھانا فعل
فاعل کا اور چڑھاوا دونوں جدا جدا حرام ہیں انتہی یہ مولانا محمد ارشاد حسین الرامپوری وغیرہ من تلامذہ
(علمائے بلدہ) **جامع الروایات** میں مسطور ہے فی شرح المنهاج للامام النووی الاجتماع
على المقبرة في اليوم الثالث وتقسيم الورد والعود واطعام الطعام في الايام
المخصوصة كالثالث والخامس والتاسع والعاشر والعشرين والاربعين
والشهر السادس والسنة بدعة (مذمومة) ممنوعة **ترجمہ**
امام نووی رح کی شرح منہاج میں ہے جمع ہونا قبر پر تیسرے دن اور بانٹنا گلاب کے پھول اور اگر کی
بتیاں اور کھانا کھلانا ایام مخصوصہ میں جیسے تیجہ پانچواں نواں دسواں بیسواں چالیسواں دن چھماہی
برسی بدعت ممنوعہ ہے۔ ترجمہ تمام ہوا۔ یہ دو مسئلے ہیں ایک قبر پر تیسرے دن جمع ہوکر پھول اور اگر کی
بتیاں بانٹنا جس پر دوہری لکیر ہے۔ دوسرا مسئلہ کھانا کھلانا ایام مخصوصہ میں جیسے تیجہ تا برسی جس پر تہری
لکیر ہے ان دونوں کا حکم بتلایا کہ بدعت ممنوعہ ہیں۔ پس مولف انوار ساطعہ مرحوم کا پچھلے مسئلہ کو بھی
قبر پر کھینچ لیجانا کہ وہاں جاکر ان ایام مخصوصہ میں تیجہ پانچویں۔ نویں۔ دسویں۔ بیسویں۔ چالیسویں
چھماہی۔ برسی کے کھانے کھلانے کو قبر پر پہنچانے کی وجہ سے بدعت ممنوعہ یعنی مکروہ فرمایا ہے نہ ایام
مخصوصہ کی وجہ سے یہ کوری تحریف ہے دونوں مسئلوں کو واو عاطفہ سے جدا جدا بیان کیا ہے۔ قبر پر کا
تیجہ جدا اور گھر پر کا تیجہ تا برسی کے کھانے جدا ہے اور اگر یہ ایک ہی مسئلہ تھا تو دو تیجے کیسے اور پھر
ہمارے فقہا حنفیہ کی تصریحات صریحہ کے ہوتے ہوئے ایسی دھاندلی کب چل سکتی ہے

ایصال ثواب عبادت بدنی و مالی ہر دو اموات کو مشروع طور پر ہونا چاہئے نہ جاہلیت کی رسموں و ایام مخصوصہ کے علاوہ میں ان کے مٹانے والے کو افسوس ہم کہا کہ دکھانے جبکہ ہم ان دونوں کو منا سکتے مشروع طور پر قربانی کردیا تلاوت ختم کردیا عمدہ کھانا کھلاؤ یا دوسری قربت سب کا ثواب پہونچتا ہے جیسا کہ کتب فقہیہ میں شرح ہے ان الحکمۃ فان تبرع عنہ اسے عن المیت

له الاکل لانه یقع علی ملک الذابح والثواب للمیت (للشامی ردالمحتار) یعنی اور اگر بطور تبرع اپنے مال سے قربانی کی میت کو جانب سے جائز ہے واسطے اسکے کھانا اوس قربانی میں سے اسلئے کہ وہ ملک ذابح پر واقع ہوتی ہے اور ثواب پہونچتا ہے میت کے لئے ۔ ترجمہ تمام ہوا ۔ اور اگر قربانی میت کی وصیت پر میت کے ترکہ سے تو اوس کو صدقہ کرے خود نہ کھائے ۔

قال فی ردالمحتار والمختار انه ان بامر المیت لایاکل منها والا یاکل انتهی

اور اگر میت نے وصیت نہیں کی تو ترکہ میں سے خرچ کرنا سوا تجہیز تکفین کے درست نہیں اور اگر ورثا نابالغ ہوں تو اونکی اجازت معتبر نہیں سدی کو ان کے مال سے خرچ کرنا اس امر میں حلال نہیں ۔ بالغ اپنے مال سے کریں درست ہے ۔ اور وہ جو بعض کتب فقہیہ میں نقل کیا ہے کہ میت کا کھانا دل کو مردہ کرتا ہے اور حدیث بخاری میں آیا ہے کہ صدقے میں کچل میں صدقہ دینے والے) لوگوں کے اور صحاح ستہ کی حدیثوں میں جو میت کے کھانے سے نہی وارد ہوئی ہے ۔ اس کی توجیہ میں فرمایا حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فتاوی عزیزی میں ۔ مراد از طعام میت طعامی است کہ تا چہل روز میخورانند و جہ ان قلب آنست کہ پیشتر از ہنگام موت میت وہم بعد از ان خیال سرانجام طعام و تقسیم آن میان الاقربا یا ساکنان مساجد دامنگیر خاطر میشود کسانیکہ این طعام با آنہا میرسد از وقت موت میت روع و تشمیم دو ختہ بدین طعام میباشند مقصود شرع آنست کہ از موت میت عبرت گیرند و پند پذیرند و در تفکر کثرت مشغول شوند و از غفلت ہوشیار شوند و این مقصود از پس صورت بالکلیہ مفقود میگردد و آنچہ در حدیث صحیح آمدہ است و در صحاح ستہ موجود است نہی قد نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن طعام المیت جلد ۲ صفحہ ۱۰۵

ترجمہ مراد میت کے کھانے سے وہ کھانا ہے کہ چالیس روز تک کھلاتے ہیں اور (اوسکو کھانے سے) دل کو مارنے کی وجہ یہ ہے کہ میت کے موت کے ساتھ کے وقت و پیشتر و بعد میں اوس کو خیال سرانجام طعام اور اوس کھانے کے بانٹنے کا اقربا یا مسجدوں کے باشندوں کے دامنگیر خاطر رہتا ہے ۔ جن لوگوں کو یہ کھانا پہنچتا ہے وہ میت کی موت کے وقت سے چشم دل لگائے ہوتے طرف اوس کھانے کی

ہوتے ہیں (اور) مقصود شرع یہی ہے کہ میت کی موت سے عبرت پکڑیں نصیحت پائیں تفکرات آخرت میں مشغول ہو کر غفلت سے ہوشیار ہوویں۔ اور یہ مقصود صورت مذکورہ میں بالکل نیست و نابود ہو جاتا ہے اور جو کچھ حدیث صحیح میں آیا ہے اور صحاح ستہ (یعنی بخاری و مسلم و ابو داود و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ) میں موجود ہے یہی ہے کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میت کے کھانے سے ترجمہ تمام ہوا یعنی میت کے کھانے منہی عنہ سے اسی قسم کے کھانے مراد ہیں اور یہی وجہ زمانہ جاہلیت کی غمی کی ساتوں کھیتوں کے مثانے کی ہوئی ورنہ ایصال ثواب طعام و دیگر عبادات مالی کا جو باتفاق ائمہ اربعہ میت کو پہنچتا اور احسان محض ہے اور شرعاً ثابت ہے اوسکی نہی نہیں ہے خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبادت مالی کا اتنا بڑا اہتمام کہ کنواں کھدوا کر ام سعد کو ثواب پہنچانے کے لئے وقف کروا دیا اور جو نکہ ام سعد کے ترکہ سے اونکی وصیت سے بنا تھا البتہ اوس کا پانی واقف اور غنی و فقیر سب کو روا ہوا اور پیچھے قرض بنانے کے کام کا نہ رہا پس جو کھانا اپنے مال سے کوئی میت کو ثواب پہنچانے کے لئے تیار کراوے اوس کو با ہنا و تارنے میں کھانے ہوتے کے معاوضہ میں کھانا حلال نہیں پس اوس کنوئیں کی طرف نہ پہلے سے کسی کی خواہش قلبی و چشم انتظار لگی ہوئی تھی اور نہ کوئی دستور اس کا امیدوار بنا رہا تھا کہ ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا انتقال فرمائیں اور کنواں بنے۔ اور نہ اوس کنوئیں کے تیار کرانے پر بدلے اور معاوضہ کا ڈھنڈورا پھر رہا تھا جیسا کہ غمی کی کھیتوں جیسا فتوں پر ہوتا ہے اور بنا کھایا ہوا بنایا جاتا ہے۔ جیسے شادی و نادر تجہیز و تکفین کی شرکت اتباع جنازہ ماتم پرسی کی اجرت المعروف کالمشروط میں جیسے سلوک منہ بنایا کیا جاتا ہے۔ ہمارے نفس امارہ نے یہ کام بھی خالص لوجہ اللہ کرنے گوارا نہ کئے زمانہ جاہلیت عرب و عجم کی طرح کچھ نہ کچھ ثواب کھانے کا ضرور لگا لیا۔ اور ان کھانوں کے لاگو اور اونکی اعوان ہے جو ایذا رسانی پسماندگان کو پہنچتی ہے اہل بصیرت سے پوشیدہ نہیں۔

ہمارے شیخ مظہر ؒ فرماتے ہیں

تفسیر مظہری میں یعنی حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ فرماتے ہیں وَاَیْضًا لَایَجُوْزُ مَا یَفْعَلُہُ الْجُہَّالُ بِقُبُوْرِ الْاَوْلِیَاءِ وَالشُّہَدَاءِ مِنَ السُّجُوْدِ وَالطَّوَافِ حَوْلَہَا وَاتِّخَاذِ السُّرُجِ وَالْمَسَاجِدِ عَلَیْہَا وَمِنَ الْاِجْتِمَاعِ بَعْدَ الْحَوْلِ کَالْاَعْیَادِ وَیُسَمُّوْنَہٗ عُرْسًا **ترجمہ** اور ایسے ہی جائز نہیں وہ جو کہ کرتے ہیں جہال اولیا اور شہیدوں کی قبروں کے ساتھ سجدہ کرنے اور اون قبروں کے گرد گھومنے۔ طواف کرنے بطریق ہوئے اور ان قبروں پر چراغان کرنے اور اون قبروں پر مسجدیں بنانے کی قسم سے اور اکٹھے ہونے سے بعد سال کے مثل عیدوں کے۔ اور نام رکھتے ہیں اوس اجتماع کا

عرس - ترجمہ تمام ہوا ملا علی قاری مکی شرح مناسک میں فرماتے ہیں لا یطوف اے لا یدور حول البقعۃ الشریفۃ لان الطوف من مختصات الکعبۃ المنیفۃ فیحرم والعلماء **ترجمہ** نہ طواف کرے یعنی گھومے نہیں گرد اگرد بقعہ شریفہ (مزار اقدس مبارک نبوی) کے اسلئے کہ طواف ان امور میں سے ہے جو کعبہ منیفہ کے ساتھ خاص کئے گئے ہیں تو اسی لئے) حرام ہوگا گھومنا گرد اگرد مقبور انبیاء و اولیاء کے اور کچھ اعتبار نہیں اوسکا جو کرتے ہیں عوام جہلا اور اگرچہ ہوویں وہ مشائخ اور علماء کی صورت میں ترجمہ تمام ہوا طواف کی ممانعت میں - مولوی احمد رضا خانصاحب بریلوی بھی موافق علامہ علی قاری کے ہیں دیکھو اون کا فتوے دیا ہوا بجواب استفتاء حافظ کریم بخش صاحب مراد آبادی سلمہ (بعد اس عبارت کے چند کتب فقہیہ سے ایساہی نقل فرماکر اور تیز یہ کہ موجب لکھکر بعض کتب فقہیہ کی اگر سواے خانہ کعبہ کے کسی دوسری مسجد کا بھی طواف کریگا تو اوسپر خوف ہے کفر کا لکھا) **منہج مستقیم** میں پانچ اقسام مبتدعین کے مرقوم ہیں ومنھم من دارت علیھم المشیخۃ (الی قولہ) سموہ یوم العرس ولیلۃ لیلۃ بارعام یضربون الخیام ویطبخون الطعام والاینا (نون) بانواع الاثام انتہی **ترجمہ** اور منجملہ مبتدعین وہ ہیں جنپر گھوم رہی ہے پیری (یعنی بزرگوں کی اولاد میں گنے جاتے ہیں یا بزرگوں کے جانشین ہیں) (الی قولہ) اور نام رکھتے ہیں (سال تمام ہوئے پر جو ان کی وفات کا دن آتا اور یوم وصال کہلاتا ہے) اوس دن کا دن عرس کا (دولہن کے وصال کے دن کے محاورہ سے لیکر) اور اس دن کی رات کا شب بارعام نام رکھتے خیمے کھڑے کرتے ہیں اور کھانے پکاتے ہیں اور کچھ پرواہ نہیں کرتے چند قسم کے گناہ کرنے کی ترجمہ تمام ہوا ناقل کہتاہے ؎

تیرے نقش قدم نے کردیا گلشن بیابان کو بنایا نقشہ فلو بریں کلیسے میدان کو

ایک مشہور رشدی کی زبان سے جسنے اوسی یوم عرس اور لیلۃ بارعام کے ایام میں سنا ہوگا اور سب فقہا کی تصریحات مودعہ ضمن کتابات میں مخفی نہ رہیگی ہر چند کہ یہ فتنے اوہام ہیں لا علاج ہیں اور دفع ہونے کی حقیقت بنا مگر دیندار کے لئے بدعتوں سے اپنے دین کو بچانا کچھ دشوار نہیں حق و باطل کی امتیاز کے اسباب بفضلہ تعالیٰ اٹھ ان سے اوٹھ نہیں گئے)

بعض رسائل میں **تلویح المرام** سے نقل کیا قال الشیخ الامام الاجل ابو حامد محمد [illegible] الشیرازی مایقع فی بلاد العجم من بسط الفرش وضرب الخیام عند مقبرۃ الاولیاء والکرام فالعوام یستمدون بھم ویخشعون ویتضرعون الیھم فرض مکروہ واما [illegible]

ترجمہ فرمایا شیخ امام اجل ابو صالح محمد بن ابراہیم سندھی نے جو عجم کے شہروں میں
فرش بچھانے اور خیمے کھڑے کرنے کا اولیاء کرام کے مقبرہ کے پاس رواج ہے اور عوام لوگ مانگتے ہیں
(اللہ سے) بوسیلہ انکے اور عاجزی کرتے گڑگڑاتے ہیں طرف انکی یہ سب مکروہ ہیں اور مکروہ بھی کونسا جو
قریب بہ زیادہ ہے طرف حرام کے ترجمہ تمام ہوا چونکہ یہ خود لینے مانگنا ان سے ہرگز نہیں جو شخص بالبداہت ہیں
بس بوسیلہ انکی مانگنا ہو یہ مختلف فیہ در متاخرین ہیں ان سب فرش بچھانا خیمہ مقابر کے پاس اسکی
کراہت میں کسیکو کلام نہیں۔ اگر کسی مہربان کو خلجان ہو کہ یہ صرف مجتہدین کے اجتہادی خیالات کا خاکہ
ہے جیسا کہ تقلیدیت کھٹا کھانے والونکو ہوا کرتا ہے تو ہم انکی مہمانی کے واسطے طبق نفیس سنت نبوی
اونکی روحی غذا کے لئے پیشکش کرتے ہیں عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللہِ صلی اللہ
علیہ وسلم لا تجعلوا بیوتکم قبورا ولا تجعلوا قبری عیدا وصلوا علیّ فانّ صلوتکم
تبلغنی حیث کنتم رواہ النسائی وفی منتہی المقال ومعنی تجعلوا قبری عیدا امام
سبکی گفتہ کہ مراد ازان تخصیص وتعیین وقت است برائے زیارت چنانکہ مر عید را بود بلکہ تمام سال
وقت زیارت است ویا مراد تشبیہ باعیاد است در اظہار زینت وکثرت واجتماع چنانکہ
در عید با مرسوم است۔ بلکہ باید کہ بزیارت در دعا وسلام اقتصار کند انتہی قال الامام الخطیب الحافظ
ابو بکر البغدادی لما کان یوم الفطر والنحر یعود کل سنۃ والناس یعودون الیہ اجتماعا
واجتماعا من الآفاق یسمی عید العود مرۃ بعد اخری فنہی النبی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم اُمّتہ عن الاجتماع علی قبرہ الکریم کاجتماعہم لاقامۃ مراسم العید
کفعل اہل الکتاب ودیدنہم بقبور انبیائہم والمعنی لا تجعلوا قبری کالعید

ل٥ مولانا عیسی بن قاسم سندھی نے تنبیہ المرام میں لکھا لا یجوز الاستعانۃ باہل القبور علیہم
یعنی استعانت جائز نہیں اہل قبور کے وسیلہ سے اور یہی مذہب جمہور کا اور غرائب فی تحقیق المذاہب کی عبارت
رای الامام ابو حنیفۃ من یاتی القبور لاہل الصلاح فیسلم ویخاطب ویتکلم
ویقول یا اہل القبور ہل لکم من خبر (الی قولہ) فسمع ابو حنیفۃ یقول ویخاطب بہم فقال
ہل اجابوک قال لا فقال لہ سحقا لک وتربت یداک کیف تکلم اجسادا لا یستطیعون
جوابا ولا یملکون شیئا ولا یسمعون صوتا وقرء وما انت بمسمع من فی القبور انتہی

تَزَيُّنًا وَاجْتِمَاعًا انتهى **ترجمہ** حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہی کہتے ہیں کہ سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (یہ فرماتے ہوئے) نہ ٹھیراؤ اپنے گھروں کو قبریں[1] اور نہ ٹھیراؤ میری قبر کو عید۔ اور درود بھیجو مجھپر پس درود تمھارا پہنچتا مجھکو جہاں کہیں کہ ہوگے تم (ویاللہ) روایت کیا اس حدیث کو امام نسائی نے اور منتہی المقال میں ہی معنی لَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا کے امام سبکی نے ایسے فرمائے ہیں کہ مراد اوس (قبر مکرم) کو شید ہونے کے خاص کرنا اور معین کرنا وقت کا ہے زیارت (شریف) کے لئے جیسا کہ خاص کر عید کے لئے ہوتا ہے بلکہ تمام سال وقت بے وقت زیادت کا ہے اور یا مراد مشابہ ہو جانا ہے ساتھ عیدوں کے زینت اور تجمل اور اکھٹے ہونے کے اظہار میں جیسا کہ عیدوں میں دستور ہے۔ بلکہ چاہئے کہ زیارت اور دعا اور سلام ہی اقتصار کریں انتہی (اور زیارت کرکے چلتے ہوویں عیدوں کا سا ایک وقتی جھمگٹ قبر مقدس پر نکریں)

فرمایا امام خطیب حافظ ابو بکر بغدادی نے یہ کہ عید کا دن عید الفطر اور عید قربانی کا ہر سال رجوع[2] کر کے لوٹتا ہے یعنی آتا ہے اور لوگ بھی چاروں طرف سے اسکی طرف لوٹتے ہیں متفق اور اکھٹے ہو کر[3] اسلئے نام رکھا گیا ان عیدوں کے دنوں کا عید اس دن کے لوٹ آنیکی وجہ سے ایکبار بعد دوسری بار کے تو منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امّت کو اپنی قبر بزرگ پر اکھٹے ہونے سے مثل اکھٹے ہونے اونکے کے واسطے قایم کرنے مراسم عید کے مثل فعل و عادت اہل کتاب کی اپنے انبیا کی قبروں کے ساتھ اور معنی لا تجعلوا قبری عیدا کے یہ ہیں کہ نہ ٹھیراؤ میری قبر کو مانند عید کی زینت دینے اور بناؤ کرنے اور اکھٹے ہونے کی راہ سے

ترجمہ تمام ہوا ہر دو امام کے بتلانے سے ہوتے ہر دو معنی پر حدیث کے سالانہ اجتماع کی قبروں میں برائی معلوم ہو چکی ہوتے ہوتے جس بات کے سالیانہ ہمیں عرس اولیا کی قبور پر جائز نہیں ہو سکتی ہیں اور یہ امام ابو بکر اور امام سبکی ایسے نہیں ہیں۔ کہ تم صحیح و صریح حدیث کے کھلے ہوتے یہ معنی بیان کر دینے میں جنکے قول کو وہابیت کی تہمت لگا کر ٹالدیا جاوے وہابیت سے ازبس ناراض مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی جنکی شان میں ہی ہے اپنی کتاب الامن والعلی کے یہ ارقام فرماتے ہیں امام علامہ سید سبکی

---

[1] یعنی اپنے گھروں کو برکت نماز سے محروم نرکہو نفل وغیرہ انمیں بھی پڑھ لیا کرو وہ گھر قبر نہیں ہے جو اوس میں نفل فرض کوئی نماز نہ پڑھنی چاہئے ۱۲

[2] جیسے عید الفطر کے لئے پہلی تاریخ شوال کی وقت چاشت کے اور عید الضحی یوم نحر دسویں شوال کی وقت چاشت کے ۱۲

[3] یعنی لوگ عید کے دن عیدگاہ میں غول کے غول آتے جاتے ہیں اور اکھٹے ہو کر فرض منصبی عید کے دن کا ادا کر کے ایک ساتھ ہی چلے جاتے ہیں اپنے اپنے گھروں کو +

نہیں یہانتک کہ میان نذیر حسین صاحب نے بھی مصدق فتوے میں انھیں بالاتفاق مجتہد مانا ہے اور مصداق اونکے مقابلہ میں وہ روایت جس میں سال کے سرے پر شہدا کی قبور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زیارت کے لئے تشریف لیجانا مذکور ہے جس روایت کی جرح سے تین طبقے اوپر کے خالی رہے اور جو تمہ نیچے ہیں وہ روایت آن بیچاری کیسے قابل صغا ہو سکتی ہے خصوصاً اوس صورت میں کہ حدیث لاتتخذوا قبری عیدا اور اس معنی کی اور دوسری طرق سے دوسری حدیثیں جن میں سے قدرے آئندہ بیان کرینگے ایمہ حدیث سلف وخلف میں محکم غیر منسوخ معمول بہا ٹھہر چکیں تو اون کو طریقہ بالعکس منہ دکھانے والی وہ روایت کیسے مخصص کر سکتی ہے جسپر یہ ایراد وارد ہے قال الامام ابن الھمام فی التحریر وبحر العلوم فی شرحہ اذا انفرد واحد بخبر قد شارکہ خلق کثیر بالاحساس وھو مما یتوفر الدواعی علی نقلہ ممن معہ فی احساسہ حتی یقطع بکذب الخبر قطعا خلافا للشیعۃ انتہی ترجمہ فرمایا امام ابن الہمام نے تحریر میں اور بحر العلوم نے شرح تحریر میں جبکہ اکیلا ہو جاوے کوئی ایسی خبر دینے میں جسکے دریافت کرنے میں باہم شریک ہوئی ہو خلق کثیر اور وہ خبر ایسی قسم کی ہو جسکی نقل پر دواعی بسیار ہوں اون میں سے جو اوس خبر دہندہ کے ساتھ تھے اوس خبر کے دریافت کرنے میں تو غایت ایسی خبر کی یہ ہے کہ بہت قطعا یعنی یقینا) ایسی خبر جھوٹی ہے اور اوس خبر کا دینے والا جھوٹا ہے خلاف ہے اسمیں شیعہ کا ترجمہ تمام ہوا۔ اب انصاف کیجئے اور سمجھ بوجھ سے کام لیجئے کہ شہدا کی قبور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تشریف لے جانے کی خبر دے ایک شخص جو تھے طبقہ کا اوپر کے راویوں کا نام لیکر جس خبر کے جرح سے تین طبقے اوپر کے خالی اور نہ اہل قرون ثلاثہ کا تسبور تعارف ہی اس پر عمل ثابت اور نہ بطور روایت۔ اور وہ خبر بھی ایسی نہیں جسکو پردہ واستتار سے متعلق ہونے وہونے کی عید قبور شہدا پر تو صحابہ ایسی سنت کے تارک کیونکر ہو سکتے ہیں اور ہر شہید کی مختلف تاریخوں میں شہادت پانے والے کے شہید ہونے کے دن سے سال مراد ہو تب تو کیسے بعد دیگرے بہت سی عیدیں قبور شہدا کی جن کو آج عرس کہا جاتا ہے وقوع میں آئیں جنکو خلق کثیر دیکھتی حالانکہ اس خبر میں پہلے طبقہ کا صحابی تو کیا اس خبر ہی میں شریک ہو سکتا چوتھے طبقہ کا بھی کوئی شریک نہیں تو یہ خبر اور اس خبر کا دینے والا بھلا کیسے ہوئے اوپہکی عبارت سے تو جھوٹ اور یہاں تو خلاف شیعہ کا بھی کام نہیں آ سکتا اسلئے کہ یہ خبر ایسی نہیں جسکو تقیہ سے تعلق ہو اور کہدیا جاوے کہ بخوف خلفاء ثلاثہ اس کا اظہار نہ کر سکے اسلئے یہ روایت مخلصین شیر خدا کرم اللہ وجہہ کے

سینہ بسینہ ہی چلی آتی رہی چوتھے طبقہ میں موقع پاکر اس کا ظہور ہوا - اور جبکہ بستان المحدثین میں خود حضرت
مولینا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رضی اللہ عنہ تصریح فرما چکے کہ چوتھے طبقہ کی حدیث نہ عملیات میں
لی جائیگی اور نہ معتقدات میں تو سال کے سرے پر شہدا کی قبور پر تشریف لانے کے تذکرہ والی سے وہی چوتھے
طبقہ کی حدیث سے احتجاج کیسے فرمائینگے صرف ذکر کردینے سے احتجاج ہوجائیگا اور لاتجعلوا بیوتکم
قبورا ولاتجعلوا قبری عیدا الحدیث جیسی نسائی سے اوپر منقول ہے ایسے ہی ابو داود نے [ص۱ ج۲] باسناد حسن
اور ابویعلی موصلی کی مسند کی دوسری اسناد کے ساتھ جس اسناد میں امام جعفر صادق کی اولاد میں سے جعفر ابن ابراہیم
امام زین العابدین سے روایت فرماتے ہیں اسطرح کہ آپنے دیکھا ایک شخص کو کہ وہ ایک شگاف کی طرف سے جو قبر
مطہر کے پاس تھا آتا ہے - اور اوس کے اندر جاکر دعا مانگتا ہے - آپ نے اوسکو منع فرمایا اور کہا سنو میں
تمسے وہ حدیث بیان کرتا ہوں جو مینے اپنے باپ سے اور اونھوں نے دادا سے اور اونھوں نے رسول مقبول صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے کہ فرمایا کہ میری قبر کو عید مت بناؤ اور اپنے گھروں کو قبریں اسواسطے کہ تمہارا سلام
جہاں میں ہو تم مجھے پہنچیگا [ص۲۱۹] - اسکو ابو عبداللہ محمد بن عبد الواحد مقدسی نے روایت کیا ہے اور سعید بن
منصور نے سنن میں اپنی دوسری اسناد کے ساتھ ایسا ہی روایت کیا ہے مگر اوس میں سلام کی جگہہ درود ہے
اور پھر دوسری اسناد کے ساتھ .... کے آنیکے ذکر کو ویسا ہی روایت کیا
ہے جیسا اخیر حدیث کے یہ زیادہ ہے لعنت کرے اللہ یہود اور نصاری پر کہ ٹھہرالیں انھوں نے اپنے انبیا
کی قبریں مسجدیں اور درود بھیجو مجھپر کہ تمہارا درود مجھکو پہونچیگا تم اور اندلس کے لوگ برابر ہی ہو تو یہ دونوں مرسل
حدیثیں ان دو مختلف صورتوں سے اصل حدیث کے ثبوت پر دلالت کرتی ہیں خصوصاً اوس صورت میں
کہ جسنے اوسکو مرسل کیا ہے وہی اوسکو اپنی حجت ٹھہراتا ہے - اس سے لازم آتا ہے کہ اوسکے نزدیک [ص۲۲۲]
حدیث ثابت ہے - اور یہ جب ہی کہ ان دو حدیثوں کے سوا کوئی اور روایت سند ہو بس یہاں دوسری حدیثیں
بھی انھیں الفاظ اور متقارب الفاظ کے ساتھ سندوار بھی بیان ہوچکیں تو پھر ثبوت کیسے نہوگا شیخ الاسلام
کہتے ہیں کہ دلالت حدیث کی وجہ یہ ہے کہ قبر شریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روے زمین کی
قبروں سے افضل ہے جب اوسی کو عید بنانے سے منع فرمادیا تو اوروں کی قبروں کو عید بنانا بدرجہ اولے
ممنوع ہوگا - یہ ماخوذ ہے ترجمہ اغاثہ سے مولانا [illegible] استادوں کے رہین دیکھئے - پس جبکہ
زمانہ پیکی اور اوسکی مد مقابل امام ابن قیم اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ سے ثابت بالاحادیث قبروں کی عید
عرس میلہ کی نہی سنوا چکے تو اونکے مخالفت آپکا [illegible] لائق نہیں - چہ جائیکہ عمل کرنیکے
لائق ہو -

باب قراءة القرآن للميت
مشروع طریق میت کے لئے قرآن خوانی اور قل و فاتحہ خوانی کا بیان

عن عبد الرحمن بن العلاء بن اللجلاج عن ابيه قال قال لي ابي اللجلاج ابو خالد يا بني
اذا انا مت فالحدني فاذا وضعتني في لحدي فقل بسم الله وعلى ملة رسول الله ثم سن
علي التراب سنا ثم اقرأ عند رأسي بفاتحة البقرة وخاتمتها فاني سمعت
رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول ذلك رواه الطبراني في المعجم الكبير و
اسناده صحيح **آثار السنن** حلبي ۲ قوله رواه الطبراني في الكبير قال حدثنا
الحسين بن اسحاق التستري قال حدثنا علي بن حجر ثنا مبشر بن اسماعيل حدثني
عبد الرحمن بن العلاء بن اللجلاج عن ابيه فذكره قال الهيثمي في مجمع
الزوائد رجاله موثقون قلت وله شاهد من حديث عبد الله بن عمر قال سمعت النبي
صلى الله عليه وآله وسلم يقول اذا مات احدكم فلا تحبسوه واسرعوا به الى قبره وليقرأ
عند رأسه بفاتحة البقرة وعند رجليه بخاتمة البقرة رواه البيهقي في شعب الايمان
وقال والصحيح انه موقوف عليه قلت وفي الباب روايات اخر قال السيوطي
في شرح الصدور واخرج الخلال في الجامع عن الشعبي قال كانت الانصار اذا مات
لهم الميت اختلفوا الى قبره يقرؤون له القرآن واخرج ابو محمد السمرقندي في فضائل
قل هو الله احد عن علي من مر على المقابر وقرأ قل هو الله احد احدى عشرة مرة ثم
وهب اجره للاموات اعطي من الاجر بعدد الاموات واخرج ابو القاسم سعد بن علي
الزنجاني في فوائده عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
من دخل المقابر ثم قرأ فاتحة الكتاب وقل هو الله احد والهاكم التكاثر ثم قال
اللهم اني جعلت ما قرأت من كلامك لاهل المقابر من المؤمنين والمؤمنات كانوا
شفعاء له الى الله تعالى واخرج القاضي ابو بكر بن عبد الباقي الانصاري في مشيخته
عن سلمة بن عبيد قال قال حماد المكي خرجت ليلة الى مقابر مكة فوضعت رأسي على
قبر فنمت فرأيت اهل المقابر حلقة حلقة فقلت قامت القيامة قالوا لا ولكن رجل
من اخواننا قرأ قل هو الله احد وجعل ثوابها لنا فنحن نقتسمه منذ سنة واخرج
عبد العزيز صاحب الخلال بسنده عن انس ان رسول الله صلى الله
عليه وآله وسلم قال من دخل المقابر فقرأ يس خفف الله عنهم وكان

لہ شواہد من فیہا حسان قال السیوطی ہذہ ان کانت ضعیفۃ لکن مجموعہا یدل
ان لذلک اصلا ۔ التعلیق الحسن صفحہ ۲۶ ، بحث اسانید ترجمہ روایات الباب کا یہ ہے
فرمایا ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے اے میرے بیٹو جب میں مرجاؤں تو بغلی قبر کھودنا میری پس جب
رکھنے مجھکو میری قبر میں تو کہنا بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۔ پھر مجھپر مٹی چڑھا دینا پھر پڑھنا
میرے سر کے پاس فاتحۃ البقرۃ (یعنی الٓمّٓ سے مفلحون تک) اور خاتمہ اوس کا (یعنی
آمن الرسول سے ختم سورہ تک) پس بیشبہ سنا ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتا
اسکو روایت کیا اس حدیث کو طبرانی نے معجم کبیر میں ۔ اور اسناد اس حدیث کی صحیح ہے نیموی دوسری
اسناد نقل [illegible] بعد ذکر کرکے اس حدیث کا کہتے ہیں کہا حافظ ہیثمی نے مجمع الزوائد میں رجال
اس اسناد کے ثقہ کہے گئے ہیں اور واسطے اوس کے شاہد ہے حدیث عبداللہ بن عمر (رضی اللہ تعالے
عنہما) سے ابن عمر فرماتے ہیں سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتے تھے جب مرے کوئی
تمھارا تو نہ روکو اوس کو اور جلد لیجاؤ اوسکو اوسکی قبر کی طرف اور چاہئے کہ پڑھے پاس سر میت کے فاتحۃ
البقر اور اوس کے پاؤں کے پاس خاتمہ بقر کا ۔ روایت کیا اس حدیث کو بیہقی نے شعب الایمان میں
اور کہا صحیح یہ ہے کہ حدیث موقوف ہے[سلہ] ابن عمر پر اور کہا ہونیں (دیکھو) اس باب میں روایتیں اور بھی ہیں ۔
فرمایا سیوطی نے شرح الصدور میں روایت کی خلال نے جامع میں شعبی سے ۔ کہا جب ہو جاتی انصار
میں کوئی میت مختلف ہو جاتے اوسکی قبر کے (چاروں طرف) اور پڑھتے اوس میت کے لئے قرآن اور روایت
کیا ابو محمد سمرقندی نے قل ہو اللہ احد کے فضائل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مرفوعا روایت
جو گذرے قبرستان میں پڑھے قل ہو اللہ احد ۰ گیارہ مرتبہ پھر بخشے ثواب اُس کا مردوں کو دیا جاتا
اجر بشمار مُردوں کے اور روایت کی ابو القاسم سعد بن علی زنجانی نے اپنے فوائد میں ابو ہریرۃ سے
کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو داخل ہووے قبرستان میں پھر پڑھے فاتحۃ الکتاب
(یعنی الحمد شریف) اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۰ اور اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ پھر کہے اے میرے اللہ
بخشا میں نے ثواب اوس کا جو پڑھا تیرا کلام قبرستان والے مومن مردوں عورتوں کو وہ شفیع ہوں گے اُسکے
اللہ کے پاس اور روایت کی قاضی ابو بکر بن عبد الباقی نے اپنی مشیخت میں سلمہ بن عبید سے
کہا حماد مکی نے نکلا میں ایک رات مکہ کے قبرستان کی طرف تو ایک قبر پر سر رکھکر سو گیا تو دیکھا میں نے

سلہ اور اس باب میں موقوف کو بھی حکم مرفوع کا ہے ۔ اور یہ مرفوع و موقوف دونوں طرح روایت کی گئی ہے ۱۲

(خواب) میں مردوں کو حلقے باندھے ہوئے پس کہا میں نے کیا قیامت قایم ہوگئی بولے نہیں ولیکن ایک مرد ہمارے بھائیوں میں سے قل ہو اللہ پڑھکر ثواب بخشگیا تھا ہمکو پس ہم بانٹ رہے ہیں اوس کو ایک سال سے - اور روایت کی عبدالعزیز صاحب خلال نے اپنی سند کے ساتھ انس رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو داخل ہووے قبرستان میں پس پڑھے یٰسٓ ہلکا کردیگا اللہ اونسے اور ملینگی اوسکو بشمار اونکی جو قبروں میں ہیں نیکیاں فرمایا سیوطی نے یہ روایتیں اگرچہ ضعیف ہیں لیکن مجموعہ اون کا دلالت کرتا ہے اسپر کہ اسکی کچھ اصل ہے - ترجمہ تمام ہوا فرمان نبوی سے فاتحہ خوانی کی یہ ہیئت ثابت ہوئی کہ اوقت زیارت جدا واسطے وظیفہ مسنونہ سلام) سورہ فاتحہ اور قل ہو اللہ احد اور الہکم التکاثر پڑھے - پھر انکے پڑھنے کے بعد دعا مانگے کہ اے اللہ میرے بخشا میں نے ثواب اسکا قبرستان والے مومن مردوں عورتوں کو) اب آپ کی بتلائی اس صورت کو جو یوں متغیر کرے کہ قل فاتحہ کو بھی دعا کی ہیئت میں ہی داخل کر لے تو وہ تعلیم نبوی میں اصلاح کرتا ہے اور جو محل آپ نے قل و فاتحہ خوانی کا بلا انعقاد مجلس فاتحہ خوانی تعلیم علی صنعت الروایہ فرمایا ہے اوسکو بے محل اور متغیر الہیئۃ کیئے دیتا ہو - غرض کی بھیتوں اور اموات کی فاتحہ خوانی کی نسبت جو ہمارے زمانہ کے علما میں اختلاف اور نزاع ہے بعض مجوزین نے اوہن عوام کو اذہب پر لگا چھوڑا ہے کہ یہ لوگ اموات کی خیرخواہی میں کوتاہی کراتے ہیں - پس ہر مصنف ہذا ترسل جو اپنے دین کو عذر یہودیت و نصرانیت سے بچانے میں اپنے دین کی خیر سمجھتا ہے امور ذیل میں وہ غور کرکے حق خالص اور طریق صواب کو قبول کرے - مثلاً مانعین بدعت مردوں کی قل و فاتحہ خوانی و قرآن خوانی کا وہ طریق بتلاتے ہیں جو آثار السنن وغیرہ کی حدیثوں سے اضار صحابہ کے برتاؤ سے ثابت ہے - پس جو لوگ بہ محل قرآن خوانی فاتحہ خوانی مشروع طور پر بتلاتے ہیں پیمبر کی تابعداری غلامی پر لگاتے ہیں اُسکو تو اس خیرخواہی اور امداد اموات کا منکر بنایا جاوے - اور جو نئے طریق اپنی ایجاد کی اس فاتحہ خوانی قرآن خوانی میں وا ہی کرین صحابہ کے خلاف اماموں کے خلاف گو یا بزبان حال یہ کہیں کہ پیمبر کے سیکڑوں طریقے اور دستور جاری ہیں تو دو چار ہمارے بھی سہی وہ دینی وضع کے متغیر کرنیوالے خیرخواہ اموات بن بیٹھیں ایسے ہی میت کی بھیتیاں جو زمان جاہلیت میں پابندی تواریخ بطور دستور مروج تھیں - عرب اور عجم کے کفار و مشرکین میں اور شارع نے اونکو مٹا کر کسی دوسری جا سیکھو نہیں اون بھیتوں کو تبدیل نہیں کیا تھا بلکہ ایصال ثواب عبادت بدنی و مالی میں کسی تاریخ کا مقید نہیں کیا بلکہ ان پابندیوں کی وجہ سے میت کے کھانے کی طرف کھانے والوں کی چشم انتظار و بند اسف دلی

لگے رہنے کو مقصود شرع کے خلاف سمجھکر ایسے کھانوں اور اغتیوں سے میت کی منع فرمایا تو اتنی وہی تعینات
بہ پابندی تواریخ مروج کرنا حضور کے سنائے ہوئے کو زندہ کرکے پیمبر کا مقابلہ کرنا اور اماموں اور
پیشواؤں سے نرالی چال چلنا ہے اور کھائی ہوئی بھاجیوں کا بیچارے مردوں کے بہانہ بدلا دینا
مُردوں کو دھوکا دینا ہے اور اس کا نام مُردوں کی خیر خواہی رکھنا ایسا ہے جیسا کوئی بیحیا کا نام
حیادار اور بیوفا کا نام وفادار رکھے - افسوس جن نا مشروع پابندیوں میں یتیموں کے حق تلف ہوں
اون کے مال وجھوں میں بھرے جائیں وہ دینی وضع بتلائی جائیں - قل ہو اللہ کا ثواب تہائی قرآن
کی برابر الحمد للہ افضل الدعا بموجب حدیث ترمذی مُردوں زندوں سب کو نافع اسکی ایسی ضرورت
کہ اوس بغیر کوئی رکعت نہو دونوں کے فضائل کے بیان میں بہت سی حدیثیں وارد ہیں وہ کونسا مسلمان ہے
جس کو انسے انکار ہو کلام بے محل پڑھنے میں ہے نہ بر محل میں یہ لوگ قرآن و حدیث کے معنی اپنے من
ماتور کے مکلف پیشواؤں کے مقابلہ میں احادیث معجزات سے آزادانہ استدلال کرتے ہیں جیسے یہ لوگ
خود رائی سے نرالا مقصد ثابت کرنے لگتے ہیں ہم اونسے کم ہی مثال کے طور پر آپ کو دکھاتے ہیں موجب
حدیث مذکور جب الحمد شریف افضل دعا ہوئی اور بموجب حدیث صحیح اکثروا الدعاء فی السجود
فقمن ان یستجاب لکم کثرت سے سجدہ میں دعا کرنیکا حکم اور مقبولیت کا وعدہ ہے پس اس سے تو
فاتحہ خوانی سجدہ میں بلا تکلف ثابت ہوئی مگر تمام سلف اور خلف سے نرالی رہی لہذا کوئی اسکا قائل
عامل نہیں پس طعام اموات پر دعا کرنیکی حدیثوں کو لے دوڑنا وہ خرابی لائیگا جسکا ذکر آتا ہے
ہمارے زمانہ کے بعض فضلاء بدایوں نے رسم فاتحہ کی مجموعی ہیئت کو ایک طریقہ رقیہ
کا ٹھہراکر جواز کی طرف اشارت یا صراحت فرمائی تھی - اور فی الواقع اگر اس میں کوئی دوسرا مانع ہو تو
رقیہ میں تجربہ بحجت ہی لامحالہ جسکو اس عمل سے نفع ہوسکا اوس کو جائز اور مباح ہوگا مگر یہ بات بنتی نہیں
اسلیے کہ جب کھانے اور اس قل و فاتحہ وغیرہ کی تلاوت کا احیا اور اموات کو ثواب پہنچایا جاتا ہے تب تو
یہ تلاوت وغیرہ عبادت بدنی اور مالی کی معجون مرکب ہوئی اور اصل عبادت خصوصاً بدنیہ میں بموجب
تصریح امام غزالی و علماء حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ بدعت حسنہ نہیں ہوتی مگر سیئہ اور بموجب عبارت مجموعہ
فتاوی لکھنوی وغیرہ ایسی سے تو وہی مشروع ہوگا جسکو شرع مشروع رکھے اسکو براءت
و اباحت اصلیہ سے مشروع نہیں بتا سکتے اور اصل عادات میں یہ ہے کہ اون میں سے کوئی چیز ممنوع
نہ ٹھہریگی جب تک کہ شرع منع نہ فرمائے تفصیل ادلہ شرع اور بسط کے ساتھ اس مسئلہ کو ہمارے
شیخ نے اپنی کتاب انقاذ الحیرات عن رائحۃ البدعات اور تنزیہ المعجزات عن طبقۃ المحدثات

مین بیان فرمادیا ہے ۔ اور کتب مبسوط فقہیہ و اصولیہ مین ہمارے فقہاء اور اصولیون نے اسکو کہولکر مبرہن و مدلل کردیا ہے ۔ حال کی تالیفات مین صحیحین وغیرہا کی احادیث کے یہ پشتر الفاظ نقل کرکے دلیل جواز و استحباب فاتحہ مرسومہ مین پیش کئے جاتے ہین وضع یدہ علی تلک الحیسۃ و تکلم بما شاء اللہ الحدیث اور اخرجت لہ عجینا فبصق فیہ وبارک ثم عاد الی برمتنا فبصق فیہ وبارک الحدیث و امثال ذلک یہ حدیثین ابواب معجزات کی ہین جنکا مختص نبوت ہونا ایسا امر نہین جو مسلمانون کے عوام او رخواص پر پوشیدہ ہو اور منشاء اعتراض یہ کہ اگر ما لیدہ پر دست مبارک رکہکر جو اللہ تعالے نے چاہا پڑہنا حضور اقدس صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کا گندہے آٹے مین آب دہن مبارک ڈالکر دعاء برکت فرمانا پھر ہانڈی کی طرف متوجہ ہوکر گوشت مین بھی آب دہن مبارک ڈالکر برکت کی دعا فرمانا اگر آپ سے خصوصیت نہین رکھتا بلکہ یہ طرز طریقہ مسلوکہ فی الدین بنانے امت کے برتنے کو تھا تب تو ان خصوص صریحہ پر صحابہ کرام اور اہل سنت عظام کے دلدادگان وائمہ مجتہدین نے ضرور اسپر عمل کیا ہوتا بلکہ اسکو دستور العمل ٹھہرایا ہوتا سب جانتے ہین کہ اس مین سطے ہوتے ہین ۔ مجوزین فاتحہ مرسومہ اسکو نقل فرمائین اور اسمین کوئی نص صحیح و ضعیف ملیگی نہین تو اسباب معجزات کی نقالی پر جمیع خیر ابد ہا کو آمادہ نہ فرمائین اب معجزات رسالت پناہی کوئی رفیع الشان چیز ہے اور پھر اسمین خود ہی رافع نزاع موجود ہے اول حدیث کے اخیر مین ثم یدعو لعشرۃ عشرۃ وقال اذکروا اسم اللہ فیاکل کل رجل مما یلیہ موجود ہے جسکا کھلا ہوا ترجمہ یہ ہے پھر آپ دس دس (صحابہ) کو بلاکر فرماتے رہے کہ بسم اللہ کرکے کھاتے ہر فرد اوس طرف سے جو اسکے متصل ہے ۔ ترجمہ تمام ہوا اپنے لائق کام آپنے کیا صحابہ کے لایق جو کام تھا صحابہ نے کیا اللہ سبحانہ کے سزاوار جو کام تھا وہ اللہ نے کیا کہ ایک پیالہ بھر مالیدہ سے تین سو صحابہ نے شکم سیر ہوکر کھایا اور بچ رہا وہ بھی اتنا تھا جتنا حضرت انس لاتے تھے بلکہ اور زیادہ ہوجانے کا گمان ہوتا تھا ۔ یہ خود اسی حدیث کا بیان ہے نہ کسی کی اپنی تاویل اگر مالیدہ پر ہاتھ رکھکر کچھ پڑھنا آٹے اور گوشت مین تھوک کر دعاء برکت کرنا وغیرہ کی غرض سے ہوتا تو سب سے پہلے صحابہ پھر تابعین پھر تبع تابعین ائمہ مجتہدین ایسی سنت کو کیسے ترک کرسکتے اور جب مجتہدین شان ما نگر کسی نے بھی اسکی نقالی نہ ہاتھ رکھکر مالیدہ پر کچھ نہین پڑھا نہ کھانے مین تھوک کر کسی نے دعاء برکت کرنا طریقہ مسلوکہ فی الدین ٹھہرایا تو انکے بعد پیدا ہوا دین کب باصل ہوسکتا ہے بعض فضلاے مرادآباد نے جو یہ فرمایا کہ اگر اس حدیث کے بموجب دعاء برکت کرنا سنت ٹھہریگا تو کھانے مین تھوکنا اوس سے پہلے سنت ہوگا اسلئے کہ دعاے برکت سے پہلے

حدیث مذکور میں تھوکنے کا ذکر ہی اسپر صاحب عقیقیان نے نہایت سختی سے کام لیا اور تھوکنے کے طاق
کوئی ہیں بلکہ نفس تھوکنے پر انکار فرما کر لکھا کہ تھوکنے کا ذکر نہیں بلکہ آپ دہن مبارک ڈالنے کا ذکر ہے
اسپر ظاہر حق کی عبارت پیش کی مگر سب ہیچ حضور کی طرف نسبت کرتے ہیں آب دہن تفل ہمارے
پر اکتفا کرنا نہایت ادب کے لیے ہے اوسکا ترجمہ اگر ہندی میں کیا جاوے تو تھوکنا ہی کیا جاتا ہے حضرت نے
مرقوم ہے البصاق والبزاق واحد اور مولف الوارسا طعہ مجوز رسم فاتحہ مولوی عبدالسمیع کی حمد بار ثنا
ہے پھوک کو کہتے بزاق اور ریق رال ہو ہے تو کار آروغ سے منہ کا اچھال ؛ اس سے وہی ثابت ہوا
جو صاحب اتباع السنتہ نے فرمایا تھا۔ اعتراض مذکور کی جان نکال دی بر سنے دین کی بڑے بغیر سکے
خلاصہ کلام یہ کہ فاتحہ خوانی قل اور سورہ تکاثر کی ثواب رسانی کا طریقہ وہی جو آثار السنن اور اسکی
شرح کی روایتوں سے گذرا نہ وہ جو اپنے اوپر ہے

کو سے جاناں سے خاک لائینگے ہم اپنا کعبہ جدا بنا ئینگے

کما الزام پر ہنسے مرد کے انتہی۔ مختصراً ملتقطا والبسط فی الکتابین المذکورین ۔چونکہ عادت بنا
ہوتے صحابہ کرام کے برتے ہوتے طریقہ اہل قبور کی ثواب رسانی کے لیے قل و فاتحہ خوانی میں
محض لوجہ اللہ ہی شان ہے اسکے معاوضہ میں کھانا دن ماومت کا ڈول نہیں لہذا نفس نے کوشش
کوبھی نے اس فاتحہ خوانی کو رو رکھا جبکہ آنحضرت سلوک کرنے کی فاتحہ خوانی کا ڈھب نکالا یا کھانا
شیر برنج شیرنی وغیرہ لذیذ کھانے سامنے رکھوا کر دل خوش کر لی فاتحہ خوانی مشروع کی صورت ہی
بدل لی سامنے کھانا رکھا ہوا ہے۔ اور ہاتھ کھانے پر اٹھاتے ہوتے فاتحہ خوانی ہو رہی ہے
کل کا ادھار نہیں بلکہ لمحہ بھر دیر کرنے کے لیے قرار نہیں اکثر تو بصورت المعروف کا مشروط ہی ہے
شاید کسی نیک بخت کی اور کچھ نیک نیتی ہو واللہ اعلم

	کر گئے قوموں قبیلوں کو ہضم	جنگ داحس بکر و تغلب کی قتال	

جنگ جاہلیت تھی اسم باسمے تھی بکر و تغلب دو قبیلوں میں بیالیس برس جنگ برپا رہی طرفین کے
ستر ہزار آدمی تیر کی انی اور تلوار کی دھار کے پار اوتر گئے سبب اس کا یہ تھا کہ اونٹ نے کھیت کھا لیا تھا
کھیت والی عورت نے اوس اونٹ کو مارا۔ اونٹ والے نے اوس عورت کی پستان کاٹ ڈالی
جسپر طرفین کے قبیلے لڑ مرے ایسے ہی گھوڑا بدکانے پر لڑائی شروع ہو کر طرفین کے قبیلوں میں
ساٹھ برس جنگ برپا رہی قبیلے کے قبیلے ختم کر گئی۔ جب اسلام نے عرب کی زمین پر قدم رکھا
تب اس جنگ کی آتش بجھی۔ سیر و تواریخ میں یہ اور اس قسم کے اور بہت سے قتال عرب کے

مذکور ہین جنکی بنا محض جہالت پر تھی۔

بت پرستی کا سبب ہے اور بھی	بت کی آواز سے شیطان رجیم	بولتا ہی بتایں احمق بت کا بول	اونکی دانا کہوین ہے روحانی دم
	آسمانکی ہاتف سے ربح جاوید کا	جبلی ہی تاثیر سے خلقت کا دم	

عزیٰ کی جھنڈیہ کے سامنے دانت بجلانے کی حدیث اوپر گذری اور دلایل ابونعیم کی روایت سے سواع بت کے اندر سے آواز آنا کہ ایک نبی اولاد عبدالمطلب سے اس جہان میں تشریف لائے ہیں اور اسپر ایک شخص ظالم نام کا مسلمان ہونا پھر اون کا نام راشد رکھا جانا اوپر منقول ہوا باقی کتب سیر و تواریخ سے چند روایتین امام ابن القیم نے اغاثہ مین نقل کی ہیں جنسے بعض بتون اور آتشکدہون کے اندر سے شیطان کی آواز کا آنا ثابت ہوتا ہے۔ اور حضرت حلیمہ سعدیہ کی روایت سے ہبل کے اندر سے ایسی بلا کی آواز آنا حصہ دویم میں آئیگا انشاء اللہ تعالیٰ اغاثہ میں یہ بھی مذکور ہی کہ کواکب پرستون میں کے سمجھدار لوگ تو یہ خیال کرتے ہیں کہ ارواح کواکب کی ان کو بتون میں بول رہی ہے اور ان کے ناسمجھون کا یہ خیال ہی کہ بت ہی بول رہے ہیں۔

مندر وسنی جسکی تھا عالم سیاہ	تھی مکان اونکی بت ہا اونکی خدم	جنمین سے تھا اصفہان میں مکان	تین صنعا مین جنمین تھے صنم
جنکی ہر رو میں تصویر تھی	حضرت عثمان نے وہ توڑی صنم	شہر فرغانہ مین عجب روپ کا	معتصم بالله نے توڑا صنم
جو بنایا تھا شہ قابوس نے	سب سے بڑھکر ہمیں ہے سندھ دہرم	کچھ بھر ہی خاص اندہیارا نہ تھا	کفر نے کالا کیا تھا کل عجم

یہ مضمون اغاثۃ اللہفان اور چند کتب سیر و تواریخ کی روایتوں کا ہی۔ اصفہان ملک فارس میں نہایت آباد شہر ہے عمارتیں اوسکی عجیب آب وہوا نہایت عمدہ اور صنعا تخت گاہ ہے ملک یمن کا ابرہہ بادشاہ صوبہ حبش کا یہیں گذرا ہے۔ اصفہان کے ایک بتخانہ میں اور صنعا کے تین مندروں میں زہرہ ناچنے گانے والی کی نہایت خوبصورت تصویریں تھیں جن مندروں اور اون مندروں کے اندر کی مورتوں کا توڑنا ماشاء اللہ سبحانہ نے حضرت سیدنا عثمان خلیفہ سویم کے دم قدم کی برکت سے آسان کیا اس شہر فرغانہ مین سورج کی مورت بنی تھی جسکے ہاتھ میں ایک جواہر آگ کی مانند روشن و تابان تھا جسکو معتصم باللہ نے مٹایا۔

سندھ کے گنج سے بھی زیادہ	ہر حصہ مین ہو کھوے گئے ہم	سب سے تھا مندر کا بت ہے بڑا	تھا ہیولی اس کل کا جسمین صنم
ڈہالی سونی کی تھی زنجیریں	بیچ رہا تھا جسمین تھا وسدہم	بوشنا محمود نے توڑا تھے	آئینہ میں دیکھ لو ایسا رقم
بیچ سے اوسکی تھی لادہ ہزار	بڑی ایک صندوق تھی یہ رقم	دمامنہ مین تہلیل ایستادہ	بخت عیسی کی پڑا ہے درہم

چمکتی سونے کی زنجیر اور گھنٹے کا ذکر تقویم میں خواہش مذمت تاریخ آئینہ نما نے کیا ہے باقی

مضمون اغاثہ کی روایتوں کا ہی - آریہ گزٹ ہندو فارس دبائل وغیرہ تجھ کا سب ایک صفت بعض
امور عملی واعتقادی مجھ مختلف ہیں پس سیدنا خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تبشیر [illegible]
میں آنا ضرور نہیں تجھ الہیہ کا مزدود اور مزدور پیغمبر پورا کردیا گویا سب پہلو آکر دیا ہے

ویدیا صحیح کا ہو [illegible]	تین سو سے زیادہ فرقے ہیں ہنود	

پرچہ ہماسبھا جارجیرة الہ آباد میں یہ عذر پیش کرتا کہ وید کے رشیوں کو تجربہ سے معلوم تھا کہ سب لوگ ایک دستور کے پابند نہیں ہوسکتی - اس لئے جیسا جس فرقہ کا اعتقاد اور دستور تھا اوس پر صادر کردیا تاکہ اپنے اپنے خیال پر ہر گروہ منزل مقصود کو پہنچے - اسی واسطے ویدوں میں برنا دو خیالات، واعتقادات متضادہ کا بیان پایا جاتا ہے انتہی محصلاً عقلا کے نزدیک یہ عذر بتر از گناہ ہے جسمانی و روحانی امراض میں ہماری تلو شخص بے ہار کردیا دیدہ و دانستہ اونکو ہلاکت میں ڈالنا ہے واضع قانون جو چور کو چوری زانی کو زنا کی قاتل کو قتل کی تعلیم دیکر خود مرتکب اشتمام ذات کا ٹھہریگا -

پر متفق ہوتے اور اپنے مخالفوں پر غالب تھے - بادشاہ نے انگوٹھی تلوار - چھری دیکر سلطنت
پر اونکو اختیار دیا - فرائض اور قربانی کی تکمیل اس قرار پر قرار پائی کہ ایمان لاتے ہیں
ہم اللہ اکیلے باپ پر جو ہر چیز کا مالک ہے اور جو چیز ہم دیکھتے ہیں اور نہیں دیکھتے اوس کا بنانیوالا
ہے اور اکیلے رب یسوع خدا کے اکلوتے بیٹے سب خلق کے پہلوٹھے پر جو تمام جہانوں سے
پیشتر اپنے باپ سے پیدا ہوا اور مخلوق نہیں معبود برحق ہے - معبود برحق سے اپنے باپ کے

جو ہے جسکے ہاتھ مین تمام جہان درست کیئے گئے اور ہر چیز کو پیدا کیا اور جو کہ ہم آدمیون کے گروہ
کی خاطر اور ہماری رہائی کے لئے آسمان سے اوترا اور روح القدس سے جسم لیکر انسان بنگیا اور حمل
مین رہا پہر مریم بتول سے پیدا ہوا اور دکہ دیا گیا اور مارا گیا اور سولی (صلیب) دیا گیا اور دفن کیا گیا اور تیسرے
دن اوٹھکر آسمان پر چڑہ گیا اور اپنے باپ کے داہنے جانب بیٹھا اور دوسری دفعہ آئیگا مستعد
ہے کہ زندون اور مردون مین فیصلہ کرے اور ایمان لاتے ہین روح القدس پر کہ یہی روح
برحق کی محبت کی روح اوس کے باپ سے پیدا ہوتی ہے اور ایک معمودیت پر خطاؤن کی بخشش
کے واسطے اور ایک جماعت جاثلیقیہ پر اور اپنے مردون کی قیامت پر اور دوسری زندگی
پر جو ابد الاباد تک ہے جب اریوس کا قول لوگون پر غالب ہوگیا تو مجمع اول سے اوٹہاون برس کے
بعد قسطنطنیہ مین بحکم بادشاہ ڈیڑہ سو پادریون کا مجمع ہوا اور اریوس روح القدس کو مخلوق کہتا تھا
اور اسکندریہ کا بطریق خدا کی روح بتلا کر اوسکی مخلوق کہنے سے خدا کی زندگی کو مخلوق کہنا لازم
آتا بتلا کر یہ نکالتا تھا کہ اوس کے مخلوق کہنے سے لازم آیگا کہ خدا بھی زندہ نہین - اور اس مجمع
کے اکیاون برس بعد جو تہا مجمع نسطورس کے سامنے ہوا اوسکا مذہب یہ تھا کہ مریم خدا کی والدہ
حقیقت مین نہین مگر یہان دو ہین ایک وہ معبود جو باپ سے موجود ہے اور دوسرا وہ انسان جو مریم
سے موجود ہے اور یہ انسان جسکو ہم مسیح کہتے ہین خدا کے بیٹے کے ساتھ متحد ہے اور خدا کا
بیٹا حقیقت مین بیٹا نہین بلکہ برسبیل بزرگی اور دونون کے ایک ہونے کی وجہ سے
(الی قولہ) جب اونکے پہلون کا یہ حال ہو جن کا زمانہ حضرت عیسیٰ سے قریب تہا اور جماعت
بھی اون کے پاس تھی تو اب پچھلو پر کیا گمان کرتے ہو - اور یہ اُمت دو بڑی خرابیون کی
مرتکب ہوئی جنسے کوئی عقل والا راضی نہین ہوگا - ایک تو مخلوق کے باب مین اتنا مبالغہ کرنا
کہ اوسکو شریک خالق ٹھہرا کر اوس کا ٹکڑا اور دوسرا معبود اوس کے ساتھ ٹھہرانا دوسرے
خالق کو گھٹانا گالی دینا بڑی باتونکی اوسکو تہمت لگانی کہتے ہین کہ وہ عرش سے اُتر کر
ایک عورت کے حمل مین نو ماہ ٹھہرا پہر جو وہ بیٹا پیدا ہوا - اور یہودیون کی اوسے صلیب دینے

جان دی اون کا اصل عقیدہ یہ ہے کہ پیغمبرون کی روحین حضرت آدم علیہ السلام کی
خطا کے باعث اوس وقت سے عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک دوزخ مین ابلیس کے قیدخانہ مین
تہین اور یہ دستور رہتا کہ جب کوئی آدم زاد مرتا تہا تو ابلیس اوس کے گناہ کی عوض اوسکو پکڑ کے
دوزخ مین قید کرتا تہا جب اللہ نے اونکو چہڑانا چاہا تو ابلیس پر یہ بہانہ کیا کہ اپنی عظمت کی کرسی سے
ابن مریم کے پیٹ مین گیا سو پیدا ہوکر آدمی نکلا ہے اور یہودیوں کو قادر کیا تہی کہ اوسکو بہی
صلیب پر چڑہا کر مار ڈالا تب اوس نے اپنے پیغمبرون کو چہڑایا۔ اور اوسے چہڑا کے آپ کو فدا کیا۔
جو شخص اوس کے صلیب سے جانے کا منکر ہوا اور اس سے اللہ تعالے کو برتر کہے منکر ہوئے
وہ ابلیس کے قیدخانہ مین عذاب دیا جائیگا۔ جب تک خدا کے سولی پانے کا اقرار نہ کرے گا
نہ چہوٹیگا ان باتون سے انہون نے رب کو عاجز اور قدرت کو بیکار خیال کیا کہ ابلیس کو نہ چہڑا سکا
اور اوسکی طرف ظلم کو منسوب کیا کہ باپ کے گناہ کی عوض انبیا کو قید کرایا اور بدون فدیہ ہوئے
شیطان سے نہ چہڑا سکا اور دوزخ مین شیطان کا تصرف اور اوس کا قیدخانہ ارادہ الہی بغیر
مانا اور اوسکی طرف وہ باتین منسوب کین کہ جو مخلوق مین سے بہی کسی ذی عقل ذی اختیار کے شایان نہین
انتہی ملخصاً ناقل کہتا ہے کہ صفات الہیہ کی مصداق ذات الہیہ ہے تو صفات کے مفہومات
انتزاعیہ ہین ذات حق ہون تو صفات کے قدیم اور غیر مخلوق ہونے سے صفات موثرہ
کی قبول کرنے والی مخلوقات قدیم ہو جاینگی بسبب روح یعنی امر حق کے قدیم قایم بذاتہ تعالے
ذات باری پر صادق آنے والی ہو لینے سے وہ روح اور جسم مخلوق جسنے خالق وامر انواع
تحت تکوین کی تاثیر کو قبول کیا ہے قدیم اور غیر مخلوق ہو جاینگے۔ اور اوسکی حیات خدا کی
حیات معاذ اللہ کیسے ہو جائیگی۔

متی باب ۴ درس ۸ پہر شیطان اوسے ایک بڑے اونچے پہاڑ پر لے گیا اور دنیا کی
ساری بادشاہتین اور اونکی شان وشوکت اوسے دکہائین ۹۔ اور اوس سے کہا تو گر کے مجہے
سجدہ کرے تو یہ سب کچہ تجہے دونگا۔ ۱۰ تب یسوع نے اوسے کہا اے شیطان دور ہو

کیونکہ لکھا ہے کہ تو خدا وند اپنے خدا کو سجدہ کر اور اس اکیلے کی بندگی کر حتیٰ جب اس انجیل سے
شیطان کا ایسا زور ثابت ہوتا ہے کہ مسیح کو پہاڑ پر لے گیا تو اس سے لازم آیا عیسائیون
کے اعتقاد پر کہ شیطان خدا اور بندہ دونونکو پکڑ لیگیا اور خدا اور بندہ دونون سے کہا کہ
مجھے سجدہ کرو اسلیے کہ عیسائی مسیح کی روحکو خدا اور جسم مسیح کو بندہ مانتے ہین اور شیطان
روح جسم دونون کے مجموعہ ہی کو پہاڑ پر لیگیا تہا - مجوسیون کے خیال کی تائید اس سے کہی
جا سکتی ہے - اس سے ارواح انبیاء کو ابلیس کے قیدخانہ مین ابلیس کے پکڑ کر قید کرنیسے
معتقد رہنے کو گرہ لینا آپ ہی آسان ہوگیا پھر ایسے زبردست سے ارواح انبیا کا چہڑانا یوت کو
فدیہ مین دئے بغیر کیسے ہو سکتا قرآن کریم شیطان کا ایسا زور بند و نیز چلیا نہین بتلاتا
اللہ سبحانہ کی دوزخ مین وہ اپنا قیدخانہ کیسے قایم کریگا - سورہ ابراہیم مین ہے وَقَالَ
الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ
وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ إِلَّا أَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِي فَلَا تَلُومُونِي
وَلُومُوا أَنْفُسَكُمْ مَا أَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَا أَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ الآیۃ **ترجمہ** اور کہیگا
شیطان جبکہ فیصل ہو چکیگا کام بیشک اللہ نے وعدہ دیا تہا تمکو وعدہ سچا اور مینے وعدہ دیا
تمکو پس وعدہ خلافی کی مینے تم سے اور میری تمپر حکومت نہ تہی مگر مینے بلایا تمکو پس تمنے
مان لیا میرا وسوسہ کے طور پر کہا ہوا سو الزام نہ دو مجھکو (ملامت نہ کرو مجھکو) اور الزام دو اور
ملامت کرو) اپنے آپ کو نہین تمہاری فریاد پر پہنچون اور نہ تم میری فریاد پر پہنچو الآیۃ فائدہ
شیطان کا زور نہیں انسان پر وہ مشورہ دیتا ہے بری بات مان لیعنی اپنا ہی گناہ ہی ۴۳۹
یعنی وسوسہ

کچھ یہودی بولے بیٹا ہے عزیر	حق تعالےٰ کا کیا شرک و ستم
نام دم از آرام نہ تا عرش پر	شان مین حق کی گرا آف رے ستم

بعض فرق یہود کے عزیر کو خدا کا بیٹا کہتے تہے نصاری کی نسبت اور اولوہیت کے اعتقاد گرگئے

مجبور کیا اور عرش پر آرام کرنیکا کفریہ عقیدہ یہود کا جو ذات تنزیہ توریت کے خلاف ہے قرآن کریم نے اسکا پورا ابطال کر دیا جیسا کہ گذرا اور منجملہ عقائد کفریہ یہود کے یہ ہی کہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالے آدم کے پیدا کرنے پر نادم ہوا اور طوفان برپا کر دیا کہ انکے دہ تھلی ہوگئی فرشتوں نے اوسکی عیادت کی اور اوس نے اپنی اونگلیاں دانتوں سے کاٹ کر خون بہا لیا (شرح اغاثہ صفحہ ۱۳۵) آگہی کو پیدا کر کے آگہی کے پرمیشور پر دو حملے کرنے جیسے کف افسوس ملکر پرمیشور سہا تہا ہوں سے دبار ہدہ وہ نکالکر چڑہا کر اوس پر اوس کو وقع کرتا دہرم پستکوں میں رچا ہوا ہے ہنود کے ایسے ہی یہود کے یہ اختراعی خیالات ہیں ادہر ادہر سے لیکر ملائے ہوئے پیدائش

نسخہ ۱۸۲۵ء اب یہوداہ آدمی کے زمین پر پیدا کرنے سے پچھتایا اور دلگیر ہوا نسخہ عربیا نوسیہ عربیہ ۱۶۲۵ء یوں ہے فندم علی عملہ الانسان علی الارض فتاسف بقلبہ داخلا نسخہ فارسیہ ۱۸۳۹ء سب ہم زبان ہیں نسخہ ۱۸۱۴ء

فرنشیون باب اول اول ورس ۲۹ خدا کا احمقانہ کام آدمیوں سے عاقل تر اور خدا کا ضعیفانہ کام آدمیوں سے قوی تر نسخہ عربیہ ۱۸۱۱ء و ۱۸۱۶ء بھی ہم معنی اسی کے ہے

یہ دعواں بعض فلاسفہ کی مسلک کا علم باری کے بارہ میں جو اونہوں نے شہوکر کہا تی ہے حبت اہل کتاب کے خیال کو بگاڑ چکا تہا وہ اللہ سبحانہ کے لئے علم جزئیات کا وجود اشیا سے پہلے علم اشیاء کا نہ مانتے تھے تو انجام نہ جاننے کی وجہ سے انجام بگڑ جانے پر پچھتانا دلگیر ہونا ترجمہ اور تفسیر کرنے میں ملکر جو کتاب کے سر تہوپ دیا تھوڑا ہے۔

داستان گرجہ کی سن لو دوستاں ۔ لوگ ہوتے شب کو جب اوسمیں بہم
پادری انجیل پڑہتے شور سے ۔ خود بخود ہوتا او جالا پڑہتے دم
پادری کہتے کرشمہ دیکھ لو ۔ باپ نے دی روشنی بیٹے کے دم
حکم سے حاکم کے جب دیکھا گیا ۔ چہت سے قندیل نکلا تار ضخم
روغنی لوبان کا تہا جسپر ضماد ۔ آگ شلاتا تھا چہت پر سے ستم

کرتی روشن شمع کو چنگاری آ		کہتے نور آیا فلک سے ہو بہم	

اغاثہ میں مرقوم ہے ایک حیلا ان عیسائیون کا یہ ہے جسکو وہ عید النور مین بیچ بیت المقدس کے جمع ہوکر ایک گھر میں کرتے ہیں یعنی قندیل لٹکی ہوئی ہوتی ہے اونکی عالم علیحدہ آواز سے انجیل پڑھتے ہوے دعائیں کر گڑاتے ہین یکایک گھر کی چھت مین سے ایک آگ کی چنگاری دوڑکر بتی پر گرتی ہے جس سے بتی چمک کر جل اٹھتی ہے اوسوقت وہ یکبارگی چیختے روتے چلاتے لگتے ہین اور اوس روشنی کو آسمان سے آئی ہوئی ظاہر کرتے ہین (اور اس سبب سے لوگون کو اپنا معتقد بناتے اور عیاری کا انبکا داؤ لگاتے ہین) طرطوسی کہتے ہین کہ پھر مین اسکندریہ مین ابو محمد بن اقدم سے ملا اوس سے مینے جیسے بیان کیا کہ یہ لوگ تانبے کا بہت باریک تار چھت کے برج سے قندیل کی بتی کے سر تک کھینچ دیتے ہین جسپر لوبان کا تیل ملا ہوا ہوتا ہے اور پھر کاشتمس تار سری پر تھوڑی رال کی آگ ڈالدیتا ہے وہ لوگ لوبان کے تیل کے ساتھ آکر بتی کو آگ کر روشن کردیتی ہے منتہٰی ۱۰۶ و ۱۰۶ ملخصاً

دودہ چھاتی سے بہا تا روم میں · عید کے دن ایک گرجے کا صنم
کہتے حق نے کی ہے قربانی قبول · یہ علامت اوسکی ہے کامل اتم
علم سے حاکم کے جب دیکھا گیا · تھی نلی پیچھے سے تا مورت بہم
ماردی گردن فریبی کی وہین · مال دھوکے سے جو تا تھا بہم

روم کی ولایت میں متوکل کے عہد مین ایک گرجا تھا جب اوسکی عید کا دن ہوتا تو لوگ اوسکی زیارت کو آتے اور اوس مین ایک بت یا مورت تھا اوس بت کے پاس جمع ہوکر دیکھتے کہ اوس روز اوس بت کی چھاتی سے دودہ نکلتا ہے اوس روز خادم کے پاس بہت سا مال جمع ہو جایا کرتا تھا بادشاہ نے اوسکی تحقیقات کی تو حقیقت حال اس طرح ظاہر ہوئی کہ متولی نے ایک سوراخ دیوار کے پیچھے سے اوس بت کی چھاتی تک کرکے اوس مین رانگ کی نلی رکھکر اینٹون سے اوس کو درست کردیا تھا تاکہ اصل حال (اوس حیلا کی اور فریب کا) مخفی رہے اور لوگ جانیں کہ یہ علامت اون کی قربانی کے قبول ہونے کی خداتعالےٰ کی طرف سے ہے۔ جب متوکل بادشاہ کو حقیقت حال کھلی

تو خادم کی گردن مارنے اور گرجاؤن کی مورتون کے مٹانیکا حکم دیا (ترجمہ اغاثہ ملخصًا)
ہر زمانہ فساد مین بیدین لوگ دین کے پردہ مین ایسی ہی دہوکے دہڑیان کرتے رہے ہین اگرچہ
میران کی زنجیر کسی اسلامی عہد اور قربت کے یہان نہین بنی ہین تاہم بڑی ہوکے بازی ہی جو دنیا کسبونے
کے لئے مجاور وہان کرتے ہین - ہندو دہرم عورتین اور اونکی ہیجتال نام کی مسلمان عورتین اوس زنجیر تک
امروہہ جاتی ہین - وہان کے مجاور جب تک اپنی دچھنا پوری نہین کرلیتے تب تک زنجیر نہین چہونے
دیتے بہت پرے زنجیر اوپر کہینچ لیتے ہین ہر چند ان بیچارون کو اوپر کو اوچکایا جاتا ہے مگر
زنجیر تک ہاتھ نہین پہنچتا - جہان پہر دچھنا پوری کی فورًا زنجیر ہاتھ آجاتی ہے - چشمۂ عافیت سا
پاشا افریقیہ مین ایک عالم مالکی کا حافظ ابو شامہ سے نقل کرنا امام نووی کا کہ خواب مین دیکہکر بعض
فتنہ کے مبتلا کسی بزرگ کے نام کا چبوترہ بنا اوسپر چراغ روشن کرتے ہین اور نہایت قبیح
بدعتین وہان کرتے ہین اسکو اغاثہ مین دیکھو -

عید تب مصری نصارٰی کرتے تھے	تھا وہ شہر اسکندریہ مین صنم
اوسکو یک بطریق نے ترک دیا	عید میکائیل اوسکی کی ہم
نام پر میکال کے ستر باتیان	دہوم سے ہونے لگیں اسکا بہم
مصر و اسکندریہ گردا گرد مین	جبل بہت سے تھے کردے ہتو دی رقم

اوسی اغاثہ مین ہے اور شیطان کی بازی سے اون مین عیدین ہین کہ سب کی سب جعلی اور اونکی
تقویم ان سے نبی ایجاد کی ہوئی ہین ایک اون مین سے عید میکائیل ہے اوسکا سبب یہ ہوا کہ اسکندریہ
مین ایک بت تھا سب مصر و اسکندریہ والے اوسکی بڑی عید کیا کرتے تھے - ایک بطریق نے
اوس کو توڑنا چاہا لوگون نے نہ مانا اوس نے تب یہ بہانہ کیا کہ یہ بت ایسا ہے جس سے نہ
نفع کی توقع اور نہ اس سے ضرر رسانی کا خوف اگر تم یہ عید اور قربانیان میکائیل ملک کے
فرشتہ کے واسطے کرو تو وہ تمہاری سفارش خدا کے پاس کرے لوگون نے اوس کی بات مان لی اور بت
بت توڑنے کو مان لیا - غرضکہ اوسنے ایک کفر سے دوسرے کفر کی طرف پہیر دیا انتہی ملخصًا

نفس سرکش سے شرعی عیدوں سے جو مشتمل ہین دینی بہائیون کے اجتماع مسرت خیز اور
بدنی اور مالی عبادت کی ادائگی پر لطف سیر نہیں ہوتے بدون دھوم دھڑکے اور ہوا پرستی کے
ان کو [illegible] ماننا نصاریٰ میں اسقدر عیدین بہت ہین چونکہ حضور اقدس صلی اللہ
علیہ وسلم خبر دے چکے ہین کہ میری امت مین سے کچھہ لوگ یہود ونصاریٰ کی سی باتوں اور
بدعتوں مین مبتلا ہون گے اگر ان مین سے کسی نے اپنی مان سے زنا کیا ہوگا تو ان مین سے بھی
کوئی [illegible] ایسا ضرور کرے گا چونکہ خبر نبوی کا صدق ضروری ہے اس مضمون کی حدیث
[illegible] سے گذر چکی - لہذا اس امت نے بھی جو اختراعی عیدین بنا یادگارین بنا رکھی ہین
[illegible] اور [illegible] کا [illegible] مشہور ہین بسنت ہولی وغیرہ کے میلے تیرو کی عیدین کیا یہہ
[illegible] اور [illegible] کے نشانات [illegible] قربانیان چڑہاوے ویلی پہلی چھپری شیر
[illegible] بہت جگہہ فتنہ برپا کر رہی ہین - ہر چند علماء منع کرتے ہین مگر
[illegible] باز نہین آتے - بیچاروں کو [illegible] کر ہاے بعضے کچھہ علماء مرعوب ہوکر
اس مین [illegible] اور بعضے [illegible] بڑگیا ہے اس مین پھیر پھار بھی کر دیتے ہین
افسوس [illegible] کے ہاتھوں عیسوی دین کی بیخ کنی اور انہوں نے سور تک حلال
کر دیا مگر بتوں کے چڑہاووں کو حرام ہی رکھا افسوس ہے اور نیز جنہوں نے قبروں کو بت
بنا لیا اور ان کا چڑہاوا شیر مادر مان لیا - بے شمار شکر ہے اللہ سبحانہ کا کہ اس نے
دین اسلام کی حفاظت کے [illegible] اور تعین نمبر دین کے بلنے اور [illegible]
ہونے کا موقع نہ رکھا -

ست کی [illegible] اور تھی
[illegible] تھے ادہر کالی صنم
مائل حسن پوجتے اسکو ہنود
[illegible] ہوتے حیران جب دیکھا صنم
زور مین توحید کے توڑی [illegible]
دیکھا تو تڑپا ہوا تھا وہ صنم
دوسری دیوار ٹوٹ کر پڑی
[illegible] کی مورت کھل گیا [illegible]

چاروں دیواروں میں چھت میں تھا نصب	سنگ مقناطیس لگاتے صنم
وہ زمین پر اسلیے گرتے نہ تھے	تھی کشش پانچوں طرف سے ایک سم
بت شکن پایا جزا اللہ سے	کعبہ کا دم توڑ کے ہیں تپتا کا چشم

ہند کے بعض بتخانوں میں کالی کی مورت کھڑی رہے کی بے بندھی ادھر لٹکی ہوئی تھی مسلمان کو جس سے جس مننی ماتا الن کر ہند کے مجوسی پرست ہندو پوجتے تھے اور بازو خواص و عوام ہندو تھا کہ ماتا اپنے جس سے ادھر کھڑی ہیں جب شاہ اسلام نے اوس بتخانہ کی دیوار توڑی تو وہ ترچھی ہوئی دوسری توڑنے چھت گرنے سے فورا گر پڑی پھر جو دیکھا تو چاروں طرف دیواروں اور چھت میں برابر کے پانچ ٹکڑے سنگ مقناطیس کے جڑے ہوئے تھے ۔ پانچوں طرف کی برابر کی کشش سے وہ ادھر لٹکی رہ گئی تھی ۔ سلطان محمود غازی غزنوی اور دیگر خلفاء و سلاطین اسلام کے حملوں اور فتوحات میں بہت سے واقعات تاریخ فرشتہ و طبقات ابن سعد وغیرہ کتب سیر و تواریخ میں مذکور ایسے ملینگے جن سے بہت آگاہی کی بت پرستی کا مار دری دھوکا دھڑی پر بے نقاب نظر آئیگا ۔ تخمینا عرصہ چالیس سال کا ہوا ہوگا کہ کوسی ندی کی کنارے سے ایسی عورت ریتہ کی ملے تو وہ کی اتفاقیہ واقع ہوئی تھی جس سے ایک چھوٹا سا خوبصورت پل بکھنے میں آتا تھا جسکو اماتی پل کے نام سے پکارا جاتا تھا ۔ صدہا کو ٹھری اندھے بانجھ عورتیں سول رہتا اوس کا پھاٹک گئے ۔ پہلے اوس کے قریب مجمع گزرتے سے شیطان سے کسی ہوکے سے بچوا دے کسی بلے مان کو خواب میں رحیم شاہ دکھائی دے گئے ۔ پھر تو کیا تھا جس پر حلوا ماندون ریوڑی گنوں کے چڑھاوے کی بھرمار ہوئی ۔ وہ چگی گھنٹے گاؤں سے بجی بازار لگ گئے ۔ ڈھیلا کے دار پار کے دیہات کے بے زبان ملاحوں کے ایمان نکلے تھے اور تو ہپ کی حمایت نے ذرا پھریری نہ لی وہابیت کا بہوت کیسا کچھ مرعوب کر رہا ہے ۔ حافظ ابہت جو توں کو بھی وہابیت کی گردتھیں لگی اپنی کتاب الحوادث والبدع میں ایسے خوابوں چیتھا چبوترہ وغیرہ بناکر فتنہ شرک برپا کرنے اوسکی تفتیح اور ابطال میں جو کچھ لکھا ہے نزدیک

اوس کو ملاحظہ فرمائیے پہر مجموعہ فتاوے مین مولٰینا عبدالحی لکھنوی مرحوم کے دیکہیے وہاں بہت سا الزام لگایئے جواب سنکے ہوے نے ایسی کہلی ہوئی شرکیات کے رد مین بھی اون ملانون کو زبان کہولنے سے متادب رکہا ہے

لوہے کی زنجیر ہی پیران کی کیا
ہے وہ زنجیر چہونے عورتیں
اون کی حرکت ہوتی ہے لب کر خموش
ہے شرافت بھی حیا کی پاسبان

ڈہائی سو من کی بنی تہی جسپہ ہم
بہتیں امرد ہہ حیا پر کر ستم
اونکو روکین شرم ہے جن کو بہم
سب ہی شرفا مین نہین یہ مرتسم

شرفا - اسلام کی حیا ہی قطع نظر مخالفت شرعی کے اس بیحیائی کو گوارا نہین کر سکتی کہ ایسی عورتونکو بہوت بوجا خیال والی بنا ایسے فریب خانہ سمجہا جاتے جہان کے مکار بدکار مجاور عورت کی بغلین پکڑا اوپر کو اوٹہاتین تاکہ وہ پیران کی زنجیر چہو کر مراد یاب ہو - مجاور بدطینتوں کا یہ فعل بیحیائی کا صریح ہے - اوسپر اسکی قباحت پوشیدہ نہین جسکی کہوپڑی مین تہوڑی ہی عقل نے بھی جگہ پائی ہے - تیرہوں کی آفتوں کا نظارہ مجبور ہم عورتونکی دیکہا دیکہی نام کے مسلمانون مین تجھیہ یا ناقابل نفرین ہے -

باریکی سٹیلاں پہ ہر ایک قوم ہے
سبت بہشتی پہ جہکائی ایک قوم
جنکی قبرین تہین اونہیں کی مورتیں
دیکہو مسلم اور بخاری مین حدیث
کرتی ہین حبشہ کے گرجے کا بیان
کہتے اوس گرجہ کو تہے ماریہ
سنکے فرمایا رسول اللہ نے
قبر پہ سجدہ کریں اوسکی بنا

جسطرح بہشتی ہے پہانسے اس ہی دم
قبر کی تعظیم کا دے دے کے دم
قبہ پہ قبہ کے اندر کین ہم
جسکی راوی ام سلمہ محترم
آپ سے دیکہے ہوے آ سکے صنم
مورتیں اوسکی تہا مین یک قلم
مرتا ہے اس قوم مین جب نیک ہم
مورتیں اوسپر رکہیں اونکی بہم

ہیں یہ بدتر خلق کے نزد خدا	ہو گئی پیدا تک روایت مستقیم
اُس پہ لعنت کرتے ہیں خیرالورے	جو کرے قبروں کو مسجدہ گہ عظیم
اور سب پھولوں پر علاوے جو چراغ	اُس پہ لعنت کرتے ہیں شاہِ امم
دیکھو لو چاروں سنن میں حدیث	اور امام احمد سے بھی مروی ہیں ہم

عن عائشۃ رضی اللہ عنہا ان ام سلمۃ ذکرت لرسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کنیسۃ رأتھا بارض الحبشۃ یقال لھا ماریۃ فذکرت ما رأت فیھا من الصور فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اولئک قوم اذا مات فیھم العبد الصالح او الرجل الصالح بنوا علی قبرہ مسجدا و صوروا فیہ تلک الصور اولئک شرار الخلق عند اللہ متفق علیہ **ترجمہ** حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالے عنہا سے روایت ہے کہ حضرت اُم سلمہ (رضی اللہ عنہا) نے آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت مبارک میں ایک گرجا کا ذکر کیا جسکو انھوں نے حبش میں دیکھا تھا اور اوس کا نام ماریہ تھا تو جو کچھ اوس میں صورتیں دیکھیں تھیں اون کا ذکر کیا بس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یہ وہ لوگ ہیں جب اون میں کوئی نیک بندہ یا نیک مرد مر جاتا ہے تو اوسکی قبر پر مسجد بناتے ہیں اور اوس میں اون کی مورتیں بناتے ہیں یہ لوگ خدا کے نزدیک بدترین خلق ہیں روایت کیا اس حدیث کو بخاری و مسلم نے) روی الامام احمد باسناد جید عن عبد اللہ بن مسعود ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال ان من شرار الناس من تدرکھم الساعۃ وھم احیاء والذین یتخذون القبور والمتخذین علیھا المساجد والسرج رواہ الامام احمد واھل السنن

ترجمہ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں سے بدترین وہ ہونگے کہ اون کو قیامت آلے گی اور وہ

زندہ ہوں گے اور وہ لوگ کہ قبروں کو سجدہ گاہ بناتے ہیں۔ اور زید بن ثابت سے روایت
ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ لعنت کرے قبروں کی
زیارت کرنے والی عورتوں پر اور ان لوگوں پر جو قبروں کو مسجد بناویں (سجدہ گاہ ٹھیراویں)
اور اونپر چراغ دھریں روایت کیا اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ وغیرہ
سنن والوں نے صفحہ ۳۱۱ صحابہ کرام کی احتیاط اس باب میں سبل السلام میں اس درجہ
بڑھی ہوئی تھی کہ ایک قبر بے نشان پر بے خبری سے ایک صحابی نے نماز پڑھنی شروع کر دی
تو دوسرے صحابی نے جن کو وہاں قبر ہونا معلوم تھا بصیغہ تحذیر ڈرا کر آگاہ کیا کہ قبر ہے قبر ہے
قبر پر نماز پڑھنے کی ممانعت صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں ایک ٹھہری ہوئی بات تھی۔
مقبرہ میں نماز پڑھنے سے جبکہ درمیان میں آڑ نہو مطلقاً منع فرمانا اور طلوع و غروب سورج کے
وقت اور ٹھیک دوپہر میں نماز پڑھنے سے منع فرمانا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مفسدہ
شرکیہ کے ذریعے بند کرنے کے واسطے وقوع میں آیا ہے گو نمازیوں کا وہ مقصود ہو جو اہل کتاب کا
مقابر انبیاء میں سجدہ کرنے سے تھا اور جو اوقات ثلثہ میں سورج کے پجاریوں کا ہوتا ہے
ان کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا الحدیث میں جو یہی فرماتے
زیارت قبور کی اجازت جب دی ہے جب لوگ اسلام میں پختہ ہو گئے ہیں تب زیارت قبور
کو بے رغبتی دنیا اور یادگاری آخرت کے گر گرداننے پر اجازت دی ہے اور اہل قبور پر
سلام کرنا اونکے لئے مغفرت کی دعا تعلیم فرمایا ہے۔ اغاثہ مترجم میں ہے۔ غرضکہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین متین سے یہ بات یقیناً جانی گئی کہ قبروں کے پاس
نماز پڑھنے کی ممانعت ہے اور یہ کہ آپ نے اوس شخص پر لعنت کی ہے جو قبروں کو مسجدیں
کرے اور علما کے اکثر گروہوں نے بوجہ پیروی حدیث صحیح و صریح کے قبور پر مسجدیں بنانیسے
صاف منع کر دیا ہے اور امام احمد اور امام شافعی اور امام مالک نے اسکو حرام کہا ہے
اور کچھ لوگوں نے مکروہ کہا ہے۔ لیکن مناسب ہے کہ اوس سے مکروہ تحریمی مراد لیا جاوے

تاکہ اون لوگون کے ساتھہ حسن ظن ہو ورنہ اونپر یہ گمان ہوگا کہ جس کام کے کرنے والے پر آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لعنت کرنا اور اوس سے منع فرمانا بتواتر ثابت ہوچکا ہے اوسکو یہ لوگ
جائز رکھتے ہین ناقل کہتا ہے یہ اشارہ ہے ہمارے بعض آئمہ کی طرف مگر اصول حنفیہ کو دیکھیے
ایسے موقع کے اطلاق کراہت سے کراہتہ تحریمی ہی مراد ہوتی ہے - اور یہ بھی روایات مختلفہ مین
تطبیق کے لئے وقوع مین آیا ہے - خانہ کعبہ کی میزاب وغیرہ کے نزدیک خود قبر کا ہونا پایۂ ثبوت
کو پہنچا ہے حالانکہ وہان زمان نبوت سے ابتک برابر نماز پڑھی جاتی ہے وجہ اوسکی سوا
اسکے اور کیا ہوسکتی ہے کہ قبر مندرس اور بے نشان ہوگئی اور مدتون تک سے وہان قبر کے ہونے کا
خیال نکل گیا تو گویا وہان قبر ہی نہین جو سداً للذرائع وہان سجدہ عبادت الٰہیہ سے منع کی نظر
شارع مین ضرورت ہو شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ حنبلی کی تصنیفات کے مقابل سید علی بن
عبد الکافی امام سبکی شافعی کی تصنیفات رکھکر دیکھو تاکہ افراط و تفریط کی دلدل مین پھنسنے
سے بچنے کا گر ہاتھ آئے اور مقابر متبرکہ اولیاء اللہ کی حرمت محفوظ ہوجاتی ہے اور اونکو بدعت کا
بہانہ بنانے سے بھی دل گھبرا جاتا ہے -

صحیح مسلم مین جندب بن عبد اللہ بجلی سے روایت ہے کہ مینے پانچ روز پہلے آپکی وفات شریف
سے سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ مین بری ہوتا ہون اللہ کی طرف سے اس سے کہ تم مین سے میرا کوئی خلیل
ہو اور مین خلیل بناتا تو ابوبکر کو بناتا سنو کہ جو لوگ تم سے پہلے تھے وہ اپنے انبیا کی قبرون کو مسجدین
ٹھہراتے تھے خبردار تم قبرون کو مسجدین نہ ٹھہرانا کہ مین تمکو اس سے منع کرتا ہون اور حضرت
عائشہ صدیقہ اور ابن عباس سے مروی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مریض ہوئے
تو اپنے چہرۂ مبارک پر اپنی چادر ڈالنے لگے پس جب گھبراتے تو اوس کو اوتار دیا اور اوسی حال مین
فرمایا لعنت ہے خدا کی یہود اور نصارٰی پر کہ انھون نے اپنے نبیون کی قبرون کو مسجدین بنالیا اور
اس سے آپ کو اونکے فعل سے ڈرانا منظور تھا - روایت کیا اس حدیث کو بخاری و مسلم نے اور
بخاری او مسلم مین ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

اللہ تعالے یہود اور نصاریٰ کو مار ڈالے کہ اونھون نے اپنے انبیاء کی قبرون کو مسجد بنایا الحدیث بہرحال قبرون کو سجدہ گاہ بنانے سے آپ نے اپنی آخر عمر مین منع فرمایا اور اہل کتاب مین سے جنہے انبیاء ونکو لعنت فرمائی تاکہ اپنی امت کو اوس فعل سے ڈراوین حضرت عائشہؓ فرماتی ہین کہ حضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے اوس مرض مین فرمایا جس سے نہ اوٹھے کہ لعنت کرے اللہ تعالے یہود و نصاریٰ کو کہ اونھون نے اپنے انبیاء کی قبرون کو مسجد بنایا اور اگر یہ بات آپ ارشاد نہ فرماتے تو آپ کی قبر شریف بھی کھلی رہتی۔ مگر اس کا ڈر ہوا کہ کہین سجدہ گاہ نہ بنا دے۔ روایت کیا اس حدیث کو بخاری و مسلم نے اور حضرت عائشہ کے قول مین خُشِیَ بصیغہ مجہول علت ہے قبر (مبارک نبوی) کے کھلا نہ رہنے کی جب نبیونکی قبرون کو عبادت الٰہی کے لئے سجدہ ٹھہرانے پر یہود و نصاریٰ کو لعنت کرکے اپنی امت کو اس فعل سے ڈرایا تو اب غیرت ایمان بزرگونکی متبرک قبرونکو عبادت الٰہی کے لئے سجدہ ٹھہرانے کو ہرگز گوارا نہ کریگی چہ جائیکہ اونہین بتونکو سجدہ کرکے بت پرست بننا گوارا کرے۔

ایسے گرجے بہت ہین ملکون کے بیچ
جل گئے اخبار مین اظہار تھا
حال مین اٹلی کے گرجے کے صنم
ہمکو بھی افسوس ہے اے محترم

اٹلی کے مریم گرجہ کی مورتین جلنے کی پوری کیفیت المشیر مراد آباد وغیرہ مین ولایتی اخبارون سے منقول دیکھکر بیساختہ زبان سے نکل گیا کہ انسانی غلطی تجھپر افسوس اگر اون مقدسون کی تصویرین نہ بنائی جاتین تو ہمارے کان کاہے کو یہ سنتے کہ فلان مقدس اور مقدسہ کی تصویرین فلان گرجہ مین یون جلین سو قربان جائیے اسلامی احکام کی دور اندیشی پر مبنی ہونے کے بزرگونکی تمام پردہ ہٹا آتشکا اونکی مورتون کے ذریعہ موقع نہ دیا۔ دفن میت مین تو نا چاری ہے بھلا مورتین بنانے پر کونسے شرعی و عقلی تقاضے نے مجبور کیا ہے۔

زلزلے نے صعب وغیرہ کے بیان
ہیں حدیثوں مین چلے آتے رقم

معاذ اللہ کرزن گزٹ اخبار دہلی مورخہ ۱۶ جنوری ۱۹۰۸ء کے صفحہ ۹ کا اقتباس یہ ہے

اٹلی کے زلزلہ سے بربادی کی مفصل کیفیت شہر گورستان کی صورت میں ولایت کی تازہ ڈاک سے اطالیہ (اٹلی) کے شہروں کی بربادی کے مفصل حالات معلوم ہوئے ہیں جنکو دیکھکر خداوند قہار کے قہر سے دل کانپ جاتا ہے۔ یہ زلزلہ نہ صرف مرقع عبرت ہے بلکہ انسانی نسلوں کے لئے ایک تازیانہ ہے کہ خدا کے غضب سے ہر وقت ڈرتے رہیں اور اپنی مادی برتری کے زعم میں ہرگز اپنے خالق سے غافل نہوں رویا سے اسٹریلیا کے اخباروں کو جو تاریخیں بھیجی گئی ہیں ان میں انسانی خون اور بربادی کے سوا اور کچھ مذکور نہیں ایوازنو کے آٹھ ہزار باشندوں میں سے صرف ▬ بچے ہیں سو وہ بھی مخبوط الحواس ہیں آوازنو کا شہر بالکل پس گیا تیس ہزار آدمی ابریزی کے صوبہ میں ہلاک ہوئے سلتوین سولہ سو سیگیا نو میں تیرہ ہزار سیبینا میں چار ہزار سان نیلیشو میں تین ہزار لاپلی میں آٹھ سو ستر اور اسی طرح اور جگہ بہت سے آدمی زلزلہ سے ہلاک ہوئے ہیں۔ چند سال ہوئے زلزلہ سے جو میسینا کی کیفیت ہوئی تھی وہی ایوازنو کی بھی ہوئی انتہی ملخصاً مشکوۃ کی کتاب الفتن کے باب الملاحم کی فصل اول کی پہلی حدیث بخاری ومسلم میں سے بروایت ابی ہریرہ یہ ہے ویکثر الزلازل ویتقارب الزمان ویظہر الفتن ویکثر الہرج وھو القتل الحدیث ۱۳۲۵ھ **ترجمہ** (آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت سے پہلے واقع ہونے والے فتنوں کے سلسلہ بیان میں فرماتے ہیں کثرت سے واقع ہونگے زلزلے اور قریب آجائیگا زمانہ (یعنی امام مہدی علیہ السلام کا) اور کثرت سے واقع ہوگی خونریزی) اور قتل الحدیث زلزلوں کے بارہ میں حدیثیں بہت آئی ہیں جن میں زلزلوں کے واقع ہونے کی سمت کا بھی ذکر ہے۔

سن چکے ہم سب خدائی کے خواص
جنسے کچھ لغزشوں نے بھی لیا
کھو لکر دکھلا دیئے اسلام نے
تھا یہ فرمایا رسول پاک نے

دیکھنا مخلوق کو مت مدد ہرم
تاکریں تثلیث کا عقد وہم
اسکے اندر جسقدر تھے خم ستم
اُمتی سب بعضے کریں وہ بھی کرم

یہاں تک ان میں سے گر کوئی بھی یہ بھی گزرے گا اُمت پر ستم	جو کہ گزرے ہیں اہل کتاب ہوگیا ہوا سے ان میں سے کوئی

شرع کی تینوں بیتوں کے متعلق جو بیان مناسب تھا قدرے تفصیل سے اوپر ہوچکا لہذا یہاں حاجت اعادہ کی نہیں مشکوٰۃ المصابیح کی کتاب الایمان کے باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ کی فصل ثانی میں ہے ص۳۰ وعن عبداللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیأتین علی امتی کما اتی علی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل حتی ان کان منهم من اتی امه علانیة لکان فی امتی من یصنع ذلک وان بنی اسرائیل تفرقت علی ثنتین وسبعین ملة وتفترق امتی علی ثلث وسبعین ملةً کلهم فی النار الا ملةً واحدةً قالوا من هی یارسول اللہ قال ما انا علیه واصحابی رواه الترمذی وفی روایة احمد وابی داؤد عن معاویة ثنتان وسبعون فی النار وواحدة فی الجنة وهی الجماعة وانه سیخرج فی امتی اقوام تتجاری بهم تلک الاهواء کما تتجاری الکلب بصاحبه لا یبقی منه عرق ولا مفصل الا دخله اور مرقاۃ میں ملا علی قاری ارقام فرماتے ہیں قوله وهی الجماعة ای اهل الفقه والعلم الذین اجتمعوا علی اتباع آثاره صلی اللہ علیه وسلم ولم یبتدعوا بالتحریف والتغییر **ترجمہ** عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے البتہ ایک زمانہ آئیگا میری امت پر جیسا کہ آیا بنی اسرائیل پر مطابق ایک جوتی کے ساتھ دوسری جوتی کے یہانتک کہ اگر ہوا ہوگا ان میں کوئی ایسا شخص کہ جسنے علانیہ بدکاری کی ہوگی اپنی ماسے (تو) ہوویگا میری امت میں بھی ایسا شخص کہ کرگذریگا اس بدکاری کو اور بیشک بنی اسرائیل متفرق ہوگئے تھے بہتر فرقوں پر اور متفرق ہوجائیگی میری امت تہتر فرقوں پر سوائے ایک فرقہ کے سب کے سب دوزخ میں ہیں۔ عرض کیا صحابہ کرام نے کونسا ہے وہ فرقہ اور ملت فرمایا وہ ملت وہ ہے

جسپر مین ہون اور میرے اصحاب روایت کیا اس حدیث کو ترمذی نے اور امام احمد و ابوداؤد
کی روایت مین معاویہ سے یون آیا ہے کہ بہتر گروہ دوزخ میں ہیں اور ایک جنت مین اور وہ ایک سنت و
جماعت ہے اور تحقیق شان یہ ہے عنقریب نکلینگے قومین میری امت مین [illegible]
اور سرایت کرجاینگی اون مین یہ بدعتین جیسے کہ باؤلے کتے کے کاٹنے کا زہر [illegible]
جاتا ہے باؤلے کتے کے کاٹے ہوے مین [illegible] اوس کی رگ اور [illegible] سے کوئی رگ اور [illegible]
جوڑ مگر کہ داخل ہوجاتا ہے وہ اوس مین ترجمہ حدیث کا تمام ہوا اقول آپ کا [illegible] (ناجی
فرقہ) جماعت ہے یعنی وہ وہ اہل فقہ و علم ہیں جو متفق ہوگئے آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی حدیثون (اور آثار) کے پیروی کرنے پر چھوٹے بڑے امر مین اور نہ کیا کبھی
اونھون نے بدعتیں (ہر چھوٹے بڑے امر مین) ساتھ تحریف اور تغییر کے - ترجمہ عبارت مرقاۃ
کا تمام ہوا - ایسے لوگ اس زمانہ مین بھی گری پڑی سنت کے حامی بن رہے ہین اور انکا [illegible]
کی تغییر مین تحریفات سے کام لینے اور مطلق کو مقید کرنے اور بعض تخصیص کسی دلیل سے [illegible]
اور بعض اپنی طرف سے تخصیص کرنے اور باب عبادات خصوصاً بدنیہ مین توقیف کی حد توڑتے
مین جو انکا عذر بیجا ہے اہل نظر سے پوشیدہ نہین - تثویب اذان دینا جو پہلے نکلتے ہی ممنوع
تھا اب پھر زندہ ہوگیا اور بھی کیا بیشمار بدعتیں ہیں جنکا مجموعہ ما انا علیہ واصحابی کی [illegible]
کھوٹا پر کہا گیا ہے - خیر یہ تو عملیات مین تھا - عقائد مین اس عذر کا یہ حال ہے [illegible]
کہ حدیث بقا [illegible] تھا ملاحظہ فرمائے الامن والعلی مین مرقوم ہے سبحان اللہ [illegible]
الصلوۃ والسلام جو فرما رہے ہین کہ مین خلق کرتا ہون شفا دیتا ہون مردے جلاتا ہون
حراموں کو حلال کئے دیتا ہون ان ارشادون کی نسبت کیا حکم ہوگا صفحہ ۲۱۳ و ۲۱۴ [illegible]
مہربان ناحق مسلمانوں پر اس سوال کی جوابدہی کا بار رکھتے ہیں آپ تو خود ہی اسکو یون [illegible]
کرچکے ہیں اوسی الامن مین تنزلاً یہی کہا کہ حالا مرین سے خالی نہین نسبت حقیقی [illegible]
ہے یا اتنا سمجھا کہ حضور سبب و واسطہ و وسیلہ دفع بلا ہین لہذا نسبت مجازی ہے!

چونکہ بموجب تصریحات مذکور بالا ہندوہم کلیپتک اس عالم کو اکاش اور پران سے بنا ہوا الغرض اکاش اور پران کو پرمیشور مین سے بلا اختیار نکلا ہوا مانتے ہین یعنی حق سبحانہ کا جز مانتے ہین تو کل کا ایک جز دوسرے جز کی عطا دیا کریا نہیں ہوسکتا اوران دونون امرونسے اوپر بھی درجہ ہی جسکو دل ہی دل مین رکھا اوراس ترقی کی کیفیت میں لب کشائی نہ فرمائی ورنہ نسبت ذاتی حقیقی مناسب مقام کہدیتے غیر تنزلی دونون منزلون کا مطلب جو عوام سے پوشیدہ رکھاہے اول یا دوسرا اظہار دیکھو نسبت حقیقی عطائی پر تو خلق کرنے شفادینے مردے جلانے وغیرہ کی قدرت کاملہ لنا عیسی علیہ السلام کو لازم آیا پس جو کچھ اونھوں نے پیدا کیا جلادیا وغیرہ سب اونھیں کی مخلوق ہوئی تو ہی اُنکے معبود رہے اور خدا کی مخلوق ہونے خدا کے بندہ ہونے سے نکل گیے وَ اَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَ اُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِن دُونِ اللّٰهِ کا الزام جو اعتقاد مذکور بر نصاری کو دیا گیا تھا وان عبدت طراز کے گلے کا ہار سرکا بار رہوا۔ ترجمہ اس آیت کا یہ ہے۔ اللہ تعالے پوچھیگا کہ اے عیسےٰ کیا تونے لوگون سے یہ کہدیا تھا کہ مجکو اور میری ماکو دو معبود ٹھیرائو نہ اللہ کو ترجمہ تمام ہوا تفسیر کبیر کی عبارت بارہا نقل ہوچکی کہ اس اعتقاد کا نصاری مین کوئی نہین کہ اون دو کی خدائی کے اقرار کے ساتھ خدا کی الوہیت اور خدائی کی نفی کرتا ہو۔ جواب اس کا یہ دیا گیا ہے کہ معجزات کو حضرت عیسی و مریم علیہما السلام کے جب اونکی مخلوق مانا نصاری نے یعنی تصویر کر پرند کی اونکا پیدا کیا ہوا مانا مردے جلانے وغیرہ کو تو یہ مخلوق خدا کی مخلوق ہونے سے نکلگئی اور مخلوق مسیحی ٹھیری اور جو جسکی مخلوق وہی اوسکا معبود۔ پس جب یہ خدا کی مخلوق نہیں تو خدا اونکا معبود بھی نہین۔ بایں استلزام عیسی و مریم علیہما السلام کے معجزات و کرامات کو اونکی ایجاد اور مخلوق ماننے والونکو الزام مذکور دیا گیا ہے۔ پس مولف الاسن نسبت حقیقی عطائی مانکر حضرت عیسی علیہ السلام کی طرف خلق کرنے مردے جلانے وغیرہ میں خدا کی مخلوق نہ ماننے والے ان معجزات کے ٹھہرتے ہیں گویا ان معجزات کا معبود ہی اللہ

سبحانہ کو نہیں مانا اور ان دو امر و میں سے امر اول پر ایراد مذکور کو ہم نے اس لئے مقصود
کیا کہ آپ الامن کے صفحہ ۱۰ میں لکھتے ہیں کہ حضور کو دافع البلا کہنا بھی بمعنی حقیقی
عطائی ہے (تا سطر ۳) اگر یہ تصریح نہوتی تو بحسن ظن کسی تاویل قریب یا تاویل بعید سے
نسبت مجازی پر ٹال کر بچا نیکا موقع تھا مگر صفحہ ۳۴ کی یہ عبارت پھر مرکز پر ہی لیجاتی
احکام الٰہیہ دو قسم ہیں تکوینیہ مثل احیاء و اماتت و قضاے حاجت و دفع مصیبت
و عطاے دولت و رزق و نعمت و فتح و شکست وغیرہ عالم کے بندوبست دوسرے تشریعیہ
کہ کسی فعل کو فرض یا حرام یا واجب یا مکروہ یا مستحب یا مباح کر دینا مسلمانوں کے سچے دین
میں ان دونوں حکموں کی ایک ہی حالت ہے کہ غیر خدا کی طرف بروجہ ذاتی احکام تشریعی
کی اسناد بھی شرک قال اللہ تعالے ام لہم شرکاء شرعوا لہم من الدین مالم یاذن بہ اللہ
کیا اونکے لئے خدا کی الوہیت میں کچھ شریک ہیں جنہوں نے اونکے واسطے دین میں وہ راہیں
نکالدی ہیں جنکا خدا نے حکم نہیں دیا اور بروجہ عطائی امور تکوین کی اسناد بھی شرک نہیں
قال اللہ تعالے فالمدبرات امرا قسم ہے اون مقبول بندوں کی جو کاروبار عالم کی تدبیر
کرتے ہیں۔ سطر ۸ تا آخر صفحہ دونوں حکموں کی ایک ہی حالت بروجہ مذکور مسلمانوں کا
سچا دین بتلاتا اون کو ہندو دھرم اور مجوسی آئین سکہاتا ہے آیت اور حدیث سے
بشہادت مفسرین آتا ہے۔ اللہ سبحانہ کا فعل تکوین یعنی ہو جا فرما کر بلا محنت و مشقت
کماسنے نا موجود کو موجود کر لینا مارنا جلانا تا تدبیر یہ سب حسب تصریح صمد نو عین ہیں
اور یہی تکوین کی ان کا مخلوق کو حاصل ہونا یہ الوہیت اور خدائی کے خواص ہیں انکی سمائی کو
الوہیت اور خدائی در کار عبودیت کے ظرف میں اسکی سمائی نہیں تو اس میں عطائی کا گنجایش
کانا الوہیت اور خدائی اونکو دلاتا ہے تخلیق اجسام اور تدبیر عالم کے خواص الوہیت سے
ہونے میں کسی اسلامی فرقہ کو اختلاف نہیں پس اس اختصاص کو ماننا منجملہ ضروریات دین
ٹھیرا۔ معتزلہ جو اپنے افعال اختیاریہ کا خالق اپنے آپ کو کہتے ہیں تو بمعنی تکوین نہیں کہتے

یعنی وہ یہ نہیں کہتے کہ ہمارے افعال اختیاریہ ہمارے کن کہدینے سے بے محنت
مشقت کمائی کے ناموجود سے موجود ہو جاتے ہیں بلکہ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے افعال اختیاریہ اثر
ہماری کمائی کا ہیں تکوین الٰہی کے تحت وہ نہیں آتے آیات نمل کی تفسیر امام علامہ علاؤ الدین
بن محمد بن ابراہیم بغدادی صوفی خازن کی لباب التاویل فی معانی التنزیل میں یوں ہے
ولهذا السبب ذكر انواعا تدل على وحدانيته وكمال قدرته فالنوع الاول قوله تعالى
امن خلق السموات والارض (الى قوله تعالى) ما كان لكم ان تنبتوا شجرها) يعني ما ينبغي
لكم لانكم لا تقدرون على ذلك لان الانسان قد يقول انا المنبت للشجرة بان
اغرسها واسقيها الماء فازال هذه الشبهة بقوله ما كان لكم ان تنبتوا شجرها
لان انبات الحدائق المختلفة الاصناف والطعوم والروائح المختلفة والزروع
تسقى بماء واحد لا يقدر عليه الا الله ولا يأتي لاحد وان تاتى ذلك لغيره محال
(ءاله مع الله) يعني هل معه معبود اعانه على صنعه (بل) يعني ليس معه اله
ولا شريك (هم قوم يعدلون) يشركون الخ **ترجمہ** اور اسی سبب کے
لئے ذکر فرمائیں ایسی چند قسمیں (تکوین کی) جو دلالت کریں اوس تعالٰے شانہ کی وحدانیت
اور کمال قدرت پر (یعنی مثل تکوین کا کارخانہ چلانے بے محنت مشقت کمائی کن
یعنی ہو جا فرماکر ہر ناموجود کو موجود کر دینے میں اللہ سبحانہ اکیلا ہے اور یہ کمال قدرت
کا اثر ہے جو ذاتی ہی ہوتی ہے نہ عطائی قدرت کا جو قاصرہ ہی ہوتی ہے) تو پہلی قسم
(کے بیان میں یہ قول ہے اللہ تعالے کا بھلا کسنے بنائے آسمان اور زمین (الی قول
باری تک) تمہارا کام نہ تھا کہ اگاتے اون باغوں کے درخت مراد الٰہی یہ ہے کہ
یہ کام تمہارے لائق نہیں (یعنی تمسے بن آنیکی چیز نہیں) اسلئے تم اسپر قدرت نہیں
پا سکتے اسلئے کہ انسان کبھی اپنے آپ کو اُگانیوالا درخت کا درخت لگانے درخت کو پانی
دینے کی وجہ سے کہنے لگتا ہے تو دفع کیا اوس کے اس شبہہ کو اپنے قول ما کان

نکفرات تنبتوا شجرھا سے اسلئے کہ مختلف قسم کے باغوں مختلف مزون اور بوؤن والے اور طرح طرح کی کھیتیان اگانا ساتھ ایکہی طرح کے پانی کے اللہ سبحانہ وتعالے شانہ کے سوا یہ کسیکو بس کی بات نہین اور نہ حاصل ہوسکتا ہے واسکو کسی مخلوق کے اور بیشک حاصل ہونا اس (امر تکوین) کا واسطے غیر اللہ کے محال ہے اور غیر اللہ کے لئے اسکا حاصل ہونا محال کیون نہو) کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی بھی معبود ہوسکتا ہے کہ مدد کرے اللہ کی اللہ کے کرنے کے کام مین (بلکہ) یعنی نہین ہے ساتھ اوسکے کوئی معبود اور نہ کوئی شریک بلکہ وہ قوم عدول کرنے والی حق سے منکر ہے ۔ ترجمہ تمام ہوا مسلمانون کا سچا دین بیشمار نصوص سے ثابت تہا تو یہ امور تکوین قدرت کاملہ الہیہ کا اثر ہین اور عطائی قدرت کے بس کی چیز نہین امور تکوین چلانے کی قدرت مخلوق کو حاصل ہونی محال حق ہے سب اہل علم جانتے ہین کہ الوہیت اور خدائی کا خاصہ کسیکو معاذ اللہ دیا جائے تو اوسکی سمائی کو کیا خدائی بھی دی جائیگی ۔ اور اخیر عبارت تفسیر کی صاف دلالت کرتی ہے اس پر کہ عطائی قدرت امور تکوین پر اگر کسیکو بفرض محال حاصل ہو تو وہ اونکی مخلوق اللہ کے مارے جلتے جڑی بوٹی اونکا آسمان وزمین تباہ ہوئے نظام عالم مین اوسکی بقا کے اسباب پیدا کئے آگے پیچھے لگاتے ہوئے بطور اتفاق ہونگے وہین اونکے سوا محبوبان خدا مقبولان بارگاہ کی مخلوق وغیرہ جدا ہوگی اور بموجب ء انت قلت الایہ بموجب تفسیر کبیر وغیرہ یہ مخلوق جب خدا کی مخلوق نہی تو خدا اون کا معبود بھی نہ رہیگا ۔ ناظرین اس مشرقی نئے دین کی خفیہ کارروائیونکو ملاحظہ فرماکر بتاویں کہ ہندو دہرم [1] اور مجوسی آئین اور اس دین کتنا فرق ہے اور مفسرین کیا اپنے گھر کی کہہ گئے ہین

---

[1] استفسار اول ہی اور یہ منقول ہو چکا ہے اور کیا سبب کہ مریم کا بیٹا خدا اور کوسلیا کا بیٹا رامچندر اور دیوکی کا بیٹا کنہیا خدا نہوں جنہین ہندو اسیطرح خدا ٹھیراتے ہین جسطرح تم حضرت عیسیٰ کو اور کیا وجہ کہ ہر ایک شیش جہا دیو خدا نہون کہ ہر ایک اون مین سے بطور ہنود مظہر اتم صفت کاملہ کا ہے ۔ اور کیا وجہ کہ نفوس کو کبیہ اور عقول عشرہ جنہین مجوس مفوض الاختیار موجودات کی ایجاد اور فنا کرنے مین جانتے ہین ۱۹۰ جب خلق میں تکوین کی قدرت فقط محبوبان خدا کو بہ فرقہ مان رہا ہے تو نصاریٰ اور ہنود اور مجوس کی یہ فرقہ گمراہ ہین اور اسلامی فرقہ تنگی ہکو کہ تلقی [illegible]

راللہ مع اللہ نص قرآنی کا مفاد بھی یہی ہے جسکو پانچ جگہ پانچوں امور تکوین کے ذیل فرمایا ہے پورا رکوع دیکھئے ۔

علامہ جلیل ابو البرکات عبد اللہ بن احمد بن محمود نسفی کی مدارک التنزیل و حقائق التاویل میں ہے (ما کان لکم ان تنبتوا شجرھا) ومعنی الکینونۃ الانبغاء اراد ان تاتی ذلک محال من غیرہ ۔ ص۳۹ جلالین میں مرقوم ہے امن خلق السموات والارض وانزل لکم من السماء ماء فانبتنا بہ حدائق ذات بہجۃ ما کان لکم ان تنبتوا شجرھا لعدم قدرتکم علیہ ءالہ مع اللہ اعانہ علی ذلک ای لیس معہ الہ بل ھم قوم یعدلون ۰ یشرکون باللہ غیرہ

ص ۳۲۱

اس باب میں تمام تفاسیر سلف و خلف متفق ہیں اگر کسی میں اختلاف ہے تو ہندو مجوس کو یہ لوگ خواص الوہیت پیدا کرنے پالنے مارنیکو برہما وشنو مہادیو کی قدرت کاملہ کا اور عقول عشرہ اور کواکب کی تاثیر کا اثر مانتے ہیں نہ اللہ کی قدرت کا اور جب اللہ سبحانہ فرمارہا ہے ءالہ مع اللہ ان امور تکوین کے مخلوق سے وقوع میں آنے کے فرض محال پر کہ کیا اللہ کے ساتھ اور بھی کوئی معبود ہی کہ کام تکوین کا چلا سکے اسلئے کہ یہ کام اثر ہے قدرت کاملہ کا جو ذاتی ہی ہوتی ہے نہ عطائی قدرت کا جو قاصرہ ہی ہوتی ہے ظرف عبودیت قدرت کاملہ کی سمائی کی برداشت نہیں سکتا پرچہ عطائی امور تکوین مخلوق سے وقوع میں آسکے ہر مدعی کوئی عبارت ہی کتب عقائد کی پیش کریں جس سے یہ کام کسی مخلوق کا اللہ سبحانہ کی شرکت میں یا بے شرکت وقوع میں آنا منجملہ عقائد اہل سنت ثابت ہو بلکہ موجودہ فرق اسلامیہ میں سے کسی فرقہ کا یہ اعتقاد نقل کرکے تب ہندو دہرم چھوڑنے مجوسی آئین اسلام پر نا بردنگی درد سری اٹھائیں ۔ ناظرین اوسی الامین میں یہ غدر ملاحظہ فرمائیں ۔ ہاں ہاں میں نے کہا تھا یہ صفت حضرت علوقت کی ہو نہیں نہیں یہ خاص صفت اوسی کی ہے ۔ عزوجل فرماتا ہے قل من یرزقکم من السماء والارض (الی قولہ تعالیٰ) افلا تتقون ۰ (ترجمہ) اے نبی ان کافروں سے فرماؤ کون ہے جو تمہیں آسمان و زمین سے رزق دیتا ہے یا کون مالک ہے کان اور آنکھوں کا اور کون نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے

اور مردہ کو زندہ سے اور کون تدبیر کرتا ہے کام کی اب کہینگے اللہ تو فرما پھر ڈرتے کیون نہین

قرآن عظیم خود ہی فرماتا ہے کہ یہ صفت اللہ عزوجل کے لئے ایسی خاص ہے کہ کافر مشرک تک اوس کا اختصاص جانتے ہین اُنسے بھی پوچھو کہ کام کی تدبیر کون کرتا ہے تو اللہ ہی کو بتائینگے دوسرے کا نام نہ لینگے اور خود ہی اوس صفت کو اپنے مقبول بندونکے لئے ثابت فرماتا ہے کہ قسم ہے محبوبان خدا کی جو عالم مین تدبیر اور تصرف کرتے ہین ایمان سے کہنا وہابیت کے وہم پر قرآن عظیم شرک سے کیونکر بچا اسے ناپاک طائفہ کی سنگت والو جب تک خدا لی عطائی کے فرق پر ایمان نہ لاؤ گے کبھی قرآن وحدیث کے قہرون سے پناہ نہ پاؤ گے اور اسپر ایمان لائے ہی یہ تمہارے شرکیات کے راگ متعلقہ تدبیر و تصرف و استمداد و استعانت ودافع البلا و حاجت روا و مشکل کشا و علم غیب و نداء غیرہ سب کافور ہو جائینگے نشا ۲ ناظرین اس عبارت مین تو خفیہ اور علانیہ زہر آلود پان اور شکر ریزہ پان مین اون مین غور فرمائین ان الناس والے حضرت کی ساری تصنیفات تالیفات دیکھ لو جہان کہین اللہ سبحانہ کا اسم ذات خواہ اسم صفت آیا ہے وہان عزوجل یا تعالے وغیرہ تعظیمی جملے ضرور آئے مگر یہان خواص الوہیت کے بیان اختصاص مین آپ تنگ آکر یا جل مجبکر لائے تو کیا جائے ہان ہان مین نے کہا تھا یہ صفت حضرت عزت کی ہے نہین نہین یہ خاص صفت اوسی کی ہے نہ اوس تعالے شانہ کی کہا اور نہ مثل اسکی اب عزت کا حال سنئے آیت وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ تو عزت اللہ سبحانہ کی بھی بتلاتی ہے اور اوس کے رسول کی اور ایمان والونکی بھی اب صرف معنی مصدری وغیرہ ملحوظ رکھنے کے عندات رہگئی مگر عوام سے پردہ رہگیا کیونکہ فرق خواص الوہیت مین صرف ذاتی عطائی کا ہنا پایا ہی ہے اس اختصاص کو چاہے محبوبان خدا عزت داروں پر منطبق کر دو یا اللہ سبحانہ کے لئے چھوڑ دو حضرت عزت کے اختصاص معلوم مین رب عزوجل فرماتا ہے یہ عبارت اس ایہام سے خالی نہین کہ حضرت عزت اور ہے اور رب عزوجل اور۔ خالص توحید اور فردانیت کے اثبات مین ڈھیلا پن ایسے مواقع مین دو معنی کلام لانے کا مشاق بنا چکا ہے

اوس سے پہلا تو اختصار ہے کہ قریب کے [illegible] تک بیان کئے گئے وہ کیا تھا اور [illegible] سے
طرف [illegible] ہمیں سمجھایا ہے۔ [illegible] کے اصول اور عقلا [illegible] بیان کئے ہیں [illegible]
[illegible] نقل [illegible] موافق اسکے جاننے والے مدبر تعالے شانہ کی تدبیر انتظام
عالم کی ایک [illegible] پیدا کرنی ہر تمام اسباب دنیا عالم اسفل و عالم بالا کو پیدا فرمایا خلقت
انسان کو تھا [illegible] انسان جتنا کہ [illegible] پیدا کی وہ جو کام اوس سے لینا تھا اوس کو [illegible]
[illegible] جا سکتی تھا۔ اسی طرح پانی وغیرہ اور عنصر [illegible] ذرہ ذرہ کو [illegible] تو
[illegible] سمجھ جاتے۔ پانی [illegible] سورج کی کرنوں کی پاس [illegible] تو
ہمارے [illegible] کے [illegible] تک [illegible] غرض عالم کے ذرہ ذرہ کو پیدا فرماکر
ہمارے کام پر چھوڑ دیا یہ سب کچھ تدبیر الہی کا صدقہ ہے اور اوس کے [illegible] کی کارسازی
کامیابی۔ اب [illegible] تدبیر کی ہے قدرت خداداد
[illegible] اونکو [illegible] خدا کی تدبیر تدبیری کب ہے تدبیر [illegible]
اگر اسباب [illegible] جائینگے تو تمام وہ اسباب جو انسان کی بنا اور [illegible] قوت
وہ [illegible] جائینگے اونکی [illegible] ویسا ہی ہے جیسے کپڑا بلو مشین کا بنا ہوا دیا [illegible]
سوتی [illegible] بہت ہی چیزیں مشین کا بنایا ہوا کرتے۔ جب پانی [illegible] وغیرہ [illegible]
کا [illegible] کہنا [illegible] ہے۔ اس سے اوسکو جسکی کچھ بڑی بہت تھوڑی
[illegible] ہے اس کا [illegible] نہیں ہوتا کہ ان مشینوں نے یہ تمام شیشوں کے چلانے والوں کے
[illegible] سے چلانے والوں نے [illegible] کوئی مشین کپڑے کا دیا۔ [illegible] سلائی کا
سوئی کی [illegible] تو [illegible] جنہوں نے ٹھوکر کھائی ہے وہ شرک اسباب کی
دلدل میں پھنسے ہیں۔ [illegible] تدبیر کی کیفیت کا بیان بقدر ضرورت آئندہ
آئیگا۔ یہاں صرف اتنا عرض کیا جاتا ہے کہ نطفہ جب [illegible] قرار پاتا ہے تو فرشتہ اوس
نطفہ پر [illegible] کام کرتا ہے [illegible] فرشتہ کفار کے بدنوں میں

ثابت ہوا کہ جب ثابت ہوا کہ کسی سے بیان نہیں ہو سکتا اور صاحب ارض و اعلیٰ

کے ذاتی اور عطائی فرق پر تمام امت [illegible] ایمان نصیب کرے [illegible] انا [illegible] اللہ [illegible]

کبھی [illegible] بچہ دان میں نطفہ پڑ کر صورت آدمی کی بنتی [illegible] کا ان [illegible] اور [illegible]

تو عطا فرمائی گئی ہے جو اللہ [illegible] کے [illegible] ہو [illegible] آگرا [illegible] کیا گیا

[illegible] سر دردیاں [illegible] تو ان [illegible] خدا کے پاس [illegible] آن گران [illegible] سر دردیوں سے

جھگڑے [illegible] چونکہ ہمارے مہربانوں کو [illegible] سے خفیہ [illegible] تفسیروں

اور [illegible] اعتقاد [illegible] کا [illegible] سے [illegible] اور [illegible] نقل کا

ہیں کہ جب نطفہ پانچوں اندرون یعنی عضو [illegible] میں جا پاتے اور بچہ دان میں قرار پاتا ہے تب

روح [illegible] دونوں اوس بچہ دان میں [illegible] زمانے [illegible] کی معرفت اور [illegible]

بنے کسی کاریگر کا کام کاریگری بغیر [illegible] ایک لگے بغیر پیدا ہوتا [illegible]

اسلئے اون کو [illegible] قیام کی [illegible] ضرورت محسوس ہوئی تاکہ اون [illegible] کی صورت

بناوے [illegible] کہ اون کو معلوم ہو تاکہ نطفہ ریزی کی قدرتی [illegible] اور روح [illegible]

[illegible] کے خزانوں سے پہنچانا باسباب تقلیب [illegible]

[illegible] وجود [illegible] فرشتہ سے سب [illegible] ہو رہا ہے [illegible]

محتاجوں [illegible] پر قیاس کر کے ایسی بات نہ کہی [illegible] آج روشنی کے زمانہ میں [illegible]

[illegible] خیال کیجاتی ہے اور تفسیر مدارک و خازن و جلالین سے [illegible] قرآنیہ قطعی

الثبوت و قطعی الدلالت سے مراد الٰہی یہ معلوم [illegible] ہو چکی [illegible] تکوین [illegible] مخلوق کو

حاصل ہونا ہی محال ہے کیونکہ [illegible] الوہیت اور [illegible] اگرچہ

کتنی ہی ترقی پر پہنچا ہوا ہو [illegible] اور خدائی [illegible] محال ہے

تو بوجہ عطائی [illegible] تکوین [illegible] کہا جا سکتا [illegible] اور [illegible]

متعلقہ مین جو عبارتین فتوحات مکیہ کی ہتہیں مع ترجمہ اوب ہمارے شیخ کی دافع الریب مین منقول ہین اونسے بھی مقصد صدر بخوبی دلنشین ہو جاتا ہے۔

حضرت شیخ محقق دہلوی مقبول فریقین عقاید کی کتاب تکمیل الایمان مین تدبیر الٰہی کے معنی **مُدَبِّرُهَا وَمُقَدِّرُهَا** کے تحت یہ بتلاتے ہین و تدبیر عبارت است از علوم عواقب امور و اتقان در ایجاد وے یعنی تدبیر الٰہی کامون کے انجامونکے جاننے اور انکو نیست سے ہست کردینے کے اندر پختگی اور مضبوطی کر دینے کا نام ہے + تب ہی تو ایسی تدبیر اور تخلیق مین اللہ سبحانہ وحدہ لا شریک لہ کو یکتا ماننے پر ایمان اس آیت مین مطلوب ہے مفسرین سلف و خلف کی جمہور شہادت ہے یُدَبِّرُ الْاَمْرَ بین الخلایق ذٰلِكُمُ الخالق المدبر اللّٰہ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْہُ ط وحّدوہ وحدوا صنع اللّٰہ الذی اتقن (اَحْکَم) کل شیٔ جلالین **ترجمہ** تدبیر کرتا ہے امر کی درمیان خلایق کے یہی تمہارا خالق مدبر اللہ رب تمہارا ہے تو اوسی کو پوجو یعنی یکتا جانو مانو اوسکو (وصف خلق و تدبیر میں) یہ صنعت ہے اوسی اللہ کی جسنے محکم کر دیا ہر چیز کو (جلالین) تمام کتب عقائد ہمزبان ہوکر صاف بتلا رہی ہین کہ اس تدبیر اور خلق اجسام کے خواص الوہیت سے ہونے مین سب اسلامی فرقے متفق ہین کسی فرقہ کو اس مین اختلاف نہین۔ مگر مصنف الامن نے اس اعتقاد مین کہ منجملہ ضروریات دین ہے خطا کا غدر حال ہی مین برپا کیا۔ مفسرین سلف و خلف و متکلمین و جملہ فقہا و متکلمین اور صوفیائے محققین تو قائل ہونا اسکا خالق کو محال فرما چکے کما مر و یاتی۔

مولف الامن کا جو دعوے ہے ذاتی عطائی کے فرق پر ایمان طلب کرنیکا اوس کے ضد ایمان ہونے اور ابطال پر جیسے نصوص صدر گواہی دے رہے ہین ایسے ہی کتب عقاید وغیرہ اسکو سمجھا رہے ہین۔

شرح عقائد نسفی مین ہے۔ اور مشابہ نہیں اوس کے سامنے ہر شانہ کے

کوئی چیز لیکن جبکہ مراد ہو اوس مماثلت سے (دو چیز وں کا) ایک ہو جانا حقیقت مین تو ظاہر ہے (باطل ہونا اسکا) اور لیکن جبکہ مراد ہو اوس مماثلت سے ہونا دو چیزون کا ساتھ اس حیثیت کے کہ اونمین کی ایک قایم ہو مقام دوسرے کے یعنی صلاحیت رکھی ایک اوس دتاثیر اور کام کی) جسکی صلاحیت رکھے دوسری تو بیشک کوئی چیز موجودات مین سے قایم مقام نہیں اوس تعالے شانہ کے کسی بات مین اوصاف مین سے تو بلا اشتباہ اوس کے علم و قدرت وغیرہ (اوصاف) بزرگ و برتر ہین اون صفات (علم و قدرت وغیرہ) سے جو مخلوق مین ہین بایں حیثیت کہ کوئی مناسبت نہین صفات حق اور صفات خلق کے درمیان ترجمہ تمام ہوا حضرت بحر العلوم جنکو خاص مین صفحہ ۵۰ تک علماء لکھا ہے وہ شرح مسلم مین ارقام فرماتے ہین الاول ما افادہ الامام الاعظم والشیخ الاکبر فی فتوحاتہ المکیۃ انہ تعالی یخالف المخلوقات لا مناسبۃ بینہ و بین خلقہ البتۃ وکیف یشبہ من لا یقبل امثال بمن یقبل المثال فالعلم باللہ عزیز عن ادراک العقل والنفس الا انہ واجب تقدس وتعالی وکلما یتلفظ بہ فی حق المخلوقات او یتوھم فی المرکبات وغیرہ فاللہ تعالی فی نظر العقل السلیم بخلاف ذلک لا یجوز علیہ اوھو منہ **ترجمہ** اول اوس چیز کا جسکا افادہ فرمایا امام اعظم رضی اللہ تعالے عنہ نے اور شیخ اکبر قدس سرہ نے اپنی فتوحات مکیہ مین کہ بیشک اللہ تعالے نرالا ہے مخلوقات سے کوئی مناسبت (ومماثلت مشابہت) نہین درمیان اوس کے اور اوسکی مخلوقات کے درمیان بہلا کیسے مشابہ ہو جاویگا وہ پاک ذات جو قبول نہیں کرتا مانند اور مثل کو ساتھ اوس کے جو قبول کرتا ہے مثل کو تو جاننا اللہ کا دشوار ہے ادراک عقل ونفس سے ۔ مگر یہ کہ وہ تعالے شانہ واجب ہے اور ہر وہ چیز جسکے ساتھ تلفظ کیا جاے حق مین مخلوقات کے یا وہم کیا جاے (جیسا) مرکبات وغیرہ مین پس اللہ تعالے عقل سلیم کی نظر مین بخلاف اوس کے ہے او سپر وہم جائز نہین ۔ ترجمہ تمام ہوا یہ عبارتین تفسیرت کی بہسم کرنے والی الف لیلا کی کہانی نہین ہین جو اونہون نے کہے

ہمیشہ مشہور کراتی ہو اہل ذات الف ہا میں یا مالدی جماعت پہ مسلمانوں کا ستحاریں مجملہ فرایض
ایمانیہ قرآن و حدیث کے دفاتر کا لب لباب متعلق بصفات اسمانی تمام موجودہ فرق اسلامیہ
کا مانا ہوا ہے مجسمہ آریہ جسمانیت باری کے قول سے مبتدع گمراہ ہو گئے مگر قرآن و حدیث کے
اس محکم قلعہ سے قدم باہر رکھنے کی اونکو بھی مجال ہوئی نہیں لہذا کہ جسمانیت بھی اوس کی
مخلوق کی جسمانیت کی مماثلت سے منزہ ہے عبارت مذکورہ عقائد میں مخالف دین حق مذہب
حکمیں سہارا ہوا کر دیکھیں کوئی صفت مخلوق کی صفات الہی کے قائم مقام وہ کام
اور اعراض نہیں دے سکتی جو صفت ذاتی اور فضل اللہ سبحانہ کی طرف سے ہیں تو فرشتے تدبیر و تنفیذ
بمعنی تکوین و ابداع و انتظام عالم یعنی مذکورہ کا کام کیسے دے سکتا ہے۔ اس سے باطل ہوگئی
الامن کی وہ بناوٹ کہ نائب اور خلیفہ بادشاہ کا ہر سیاہ و سفید میں وہی کام کرتا ہے جو
بادشاہ کر سکتا ہے تو خلیفہ خدا کا خدائی خواص ذاتی اور فعلی میں وہ کام دوراتشکیوں مذکورہ
جو اللہ دے رہا ہے انتہی ملخصہ صفحہ ١٧ امن الامن کے امام سبکی شافعی کی کتاب شفاء
السقام سے نقل کیا لیس المراد نسبة النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم الی الخلق
والاستقلال بالافعال هذا لا یقصده مسلم فصرف الکلام الیه ومنعه
من باب التلبیس فی الدین والتشویش علی عوام الموحدین یعنی حضور صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم سے مدد مانگنے کا یہ مطلب نہیں کہ حضور خالق اور فاعل مستقل ہیں یہ تو کوئی
مسلمان ارادہ نہیں کرتا تو اس معنی پر کلام کو ڈھالنا اور حضور سے مدد مانگنے کو منع کرنا دین میں
مغالطہ دینا اور عوام مسلمانوں کو پریشانی میں ڈالنا ہے ازسطر ١٣ تا ١٩ - سچ فرمایا امام سبکی نے
سوا اس کے میں مدد مانگنا مدد دینا حسب کتاب و سنت سے ثابت ہے اور کوئی مسلمان آپکو
خالق مطلق مانکر اپنے کاموں میں حضور کو۔ اللہ سبحانہ سے بے نیاز جانکر آپ سے مدد
مانگتا نہیں تو یہ الزام قائم کرنا کہ اسنے حضور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کو خالق اور فاعل
مستقل اپنے عقلوں میں مانا یہ دھاندلی ہے واقعی تلبیس فی الدین ہے اور عوام موحدین کو

پریشانی مین ڈالتا ہی اور تقیید اسلامی ہی معتبر ہے تو موحدین مسلمان ہی ہوتے اس امر کا لحاظ رکہنی
ہوے موحدین کہتے سے لہا رکہ موحد لفظ الموحدین معرّف باللام مین داخل نہین ہو سکتے
مگر صاحب الامین کو توحید اور موحدت [illegible] خرابی ہوگئی ہے کہ اسکو زبان قلم پر لانے سے
بہی کراہت فرماتے ہین امام موصوف تو [illegible] عبارت المواحدین لامین - مگر مترجم صاحب اسکی
ترجمہ مین اون موحدون کا لانا ثابت نہین کرتے ایک لالہ صاحب نے اپنے آدمی سے کہا
کہ آج بہی بون کے ساتھ آلو کا ساگ کرلینا چاہیے شیخ نے فرمایا کہ لالہ صاحب آپ آلو کے
جو نکا ساگ پکواتے ہین آلو ہی کیون نہ پکوائیے تب لالہ جی بولے کہ نہین صاحب آپ سمجھتے نہین
ہینے آلو تو انکو ہی کہاتے ہین پہلے ہم اسکی جگہ آلو کی ترکاری کہا کرتے تھے جب معلوم ہوا کہ مسلمان
لوگ ترکاری مانس کو بہی کہتے ہین تب سے ہمنے اس لفظ کو چہوڑ دیا اور بجاے اس کے
آلو کا ساگ رام ترئی کا ساگ تنگا بین کا ساگ کہنے لگے - بیشک جس لفظ سے کہٹک ہو
جاتی ہے اوس کے بولنے کا اندیشہ ہی ہونا چاہتا - مگر ہم مسلمان لوگ کیا کرین ہمارے تو اسلام
ایمان کا پہلا رکن ہی اقرار توحید کا ٹہہر چکا - خیر غرض بندہ کی اوس عبارت کے لانے سے
ناظرین کو اطلاع دینا تہا اس امر پر کہ امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے امام ابن تیمیہ حنبلی کے مقابلہ
مین خلق مین استقلال کی قید نہ لگائی بخلاف افعال حضور کے اس لئے کہ پیدا کرنا پالنا
مارنا جلانا جملہ امور تکوین منجملہ خواص الوہیت مین جو ذاتی ہی ہوتے ہین اونکی کوئی قسم نہ تجویز
کی جانے کی چیز اور نہ مخلوق اونکی سمائی کے لائق مگر ہمارے مہربان نے عبارت [illegible]
فرماکر یہی عبرت حاصل نہ کی خواص الوہیت کو ایسا سستا کردیا کہ ہر چیز اٹہا محبوب الہی کو [illegible]
اونٹنی سے بے جفتی نر کے بلا مہلت بچہ بھی پیدا کردیا۔ اب اس نئے دین کے اندھیرے ناظرین
غور فرمائیں خدا اور محبوبان خدا کے کامون مین کتنا فرق ہے دونون کامون کو مقابل کرنے
سے ہر بصیر اس نتیجہ پر پہنچیگا کہ اللہ سبحانہ کی ذاتی قدرت ایسی کامل نہین جیسی محبوبان خدا
کی قدرت کامل ہے۔ خدا کے کامونمین اتنی دیر اور اتنے اسباب پر اونکی موقوفی اور محبوبان خدا کے کامونمین یہ عجلت
اور اسباب کی بے نیازی۔ ہم مسلمانون سے جب مخالفین یہ سوال کیا کرتے تھے کہ اللہ کے کامون ہی تنی

دیر کیوں ہوتی ہے اور خدائی کام اسباب پر کیوں موقوف ہیں تو ہم لوگ یہی جواب دیا کرتے تھے کہ یہ تامل
وغیرہ بنا بر حکمت ہے نہ برائے حاجت اور اپنے اس دعوے پر انہیں معجزات کو پیش کر دیا کرتے تھے
کہ دیکھو ان میں نہ دیر لگتی ہے نہ کسی سبب عادی پر اسکا انحصار ہوتا ہے۔ اب جبکہ اس فرقہ نے
معجزات کا کام ہی خدا سے نکالدیا تو سوال مذکور کا جواب دینا اس فرقہ پر نہایت دشوار ہوگا
کچھ عجب نہیں جو یہ فرقہ یہ کہدے کہ عاشق اپنے حسن سے اپنے معشوق کا حسن بڑھا ہوا ہی چاہتا ہے
یہ اثر اسی کا ہے جو محبوبان خدا کے کام خدا کے کاموں سے بڑھے ہوئے نظر آتے ہیں
یہ نیا مذہب اسلامی فرقوں کے نزدیک قابل التفات نہ تھا۔ اللہ سبحانہ بُرا کرے وہابی سودے
کا جسکی بدولت یہ زہریلے لقمے اس مذہب کے بہت سے کوتہ فہم تنکھوں سے نیچے اوتر گئے۔

جھوٹے دجالوں کے آنیکی خبر — دے چکے ہیں اس طرح شاہ امم
لا رہے سکھلا رہے طریقے وہ نئے — اُنسے بچو ورنہ فتنے ہوں بہم

اس پر ایمان لانا منجملہ ضروریات دین ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے حبیب
کریم رسول اکرم وانبیاء سابقین صلی اللہ علیہم وسلم اجمعین کو بہت سی ایسی چھپی ہوئی باتوں پر
اطلاع بخشی ہے جنکو رسالت سے تعلق ہے نہ کہ صرف الوہیت سے تعلق ہے جیسا کہ تفسیر کبیر
ابی السعود وغیرہ بہت سی تفسیریں کتب ودفع الریب میں منقول ہے جنت اور نعمائے جنت دوزخ
اور عذابہائے دوزخ اور اونکے اسباب اور حشر نشر وغیرہ مع ان تفاصیل کے جن کا نصوص قرآنیہ
میں بیان ہے اور احادیث میں اونکی مزید تشریح ہے دابۃ الارض اور دجال یاجوج ماجوج
اور نار حجاز کا نکلنا عیسی علیہ السلام کا آسمان سے اوترنا اور امام مہدی علیہ السلام کا پیدا ہوکر دجال
کو قتل کرنا اور زمین کو عدل اور ایمان سے بھر دینا اور حضور کا فتوحات بلاد کی خبر دینا فتوحات بلاد
کی کنجیاں دیکھے ہاتھوں میں آنا اور اسکے سوا اور بہت سی پیشینگوئیاں ہیں جو درج کتب حدیث ہیں انمیں سے
بہت سی وقوع میں بھی آ چکیں از انجملہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی تخرج نار من الحجاز
تضیئ اعناق الابل ببصری متفق علیہ ترجمہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ قایم ہوگی قیامت یہانتک

کہ نکلیگی آگ حجاز کی زمین سے روشن کردیگی اعناق الابل کو بصریٰ مین روایت کیا اس حدیث کو بخاری وسلم نے (مشکوۃ کی کتاب الفتن کے باب اشراط الساعۃ صفحہ ۴۶۹ و ۴۷۰ مین ہے) سید حاشیہ مشکوۃ مین فرماتے ہین بصریٰ ایک شہر ہے (سمت) حوران سے درمیان اوسکے اور دمشق کے چند منزلون کا فاصلہ ہے اور تحقیق متواتر خبرون سے ثابت ہے کہ وہ آگ نکلی ۶۵۴ ہجری مین حجاز سے قریب مدینہ کے اور باقی رہی وہ بقدر پچاس دن کے جلتی۔۔ روشن ہوگئے بسبب اوس کے ہضبات بصریٰ کے جن کا نام اعناق الابل ہے۔ صحاح مین ہے ہضبہ پہاڑ بچھا ہوا سے زمین سا ہموار تھی۔ اسپر مخالفین کے اعتراض بھی ہو چکے تھے پہلے ظہور کے بعد ظہور خبیر دو بر گئی ایسے ہی کسریٰ کے محل سے سونے کے جڑاو کنگن کی جوڑی وغیرہ حاصل ہوکر سراقہ کو پہنائے جانے کی خبر دی تھی مثل سپیدہ فلق جو وقوع مین آئی اس بیان کا محل حصہ سوم ہے ان امور کے بیان کو بڑے بڑے دفترون کی ضرورت ہے وہ ہمارا دین و ایمان ملکہ ہماری ایمان کی جان ہے امنا باللہ ربا و بمحمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم رسولا و بالاسلام دینا و صدقنا بما جاء به و اخبر جو حضور فرما گئے ہین اور جسکی خبر دے گئے ہین آسمان و زمین ٹلجائین مگر اُن کا وقوع مین آنا ممکنا نہین و از انجملہ اوسیکے باب الملاحم سے عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قال لا تقوم الساعۃ حتی تقتتل فئتان عظیمتان تکون بینھما مقتلۃ عظیمۃ دعواھما واحدۃ و حتی یبعث دجالون کذابون قریب من ثلثین الحدیث صفحہ ۴۶۵ وعن جابر بن سمرۃ قال سمعت النبی صلے اللہ علیہ وسلم یقول ان بین یدی الساعۃ کذابین فاحذروھم رواہ مسلم صفحہ ۴۶۹

ترجمہ حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے قیامت قایم نہوگی یہانتک کہ آپسمین مقاتلہ کرین دو بڑے گروہ اور واقع ہوے دونون مین قتل عظیم اور حال یہ ہے کہ دعوے دونون کا ایک اور یہانتک کہ اٹھائے جاینگے جھوٹے دجال قریب تیس کے الحدیث اور جابر بن سمرہ

سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ بیشک پہلے قیامت کے بہت بڑے جہوٹے لوگ ہونگے پس تم اُنسے بچو یہ روایت کیا اس حدیث کو مسلم نے لمعات مین فرمایا کذابین وہ ہین جو بہت بڑی دہوکے بازی کرتے ہین حدیث کے لئے یا مدعی نبوت کے انتہی تنبیہ الوہابین مین حدیث طبرانی نقل فرماکر ترجمہ کیا جسکا خلاصہ یہ ہے اس مذہب کے سرپرست کے صاد بموجب کہ وہ تیس یا تیس سے زیادہ جہوٹے دجالون کا گروہ نیئے نیئے طریقے لائیگا جمعہ اور پانچ نمازون کے لئے آپ نے اذان شروع فرمائی اور باوجود مقتضی وعدم مانع نماز عیدین کے لئے اذان مشروع نہین فرمائی اور نہ قبر پر اذان دینا سکہایا حالانکہ مردہ کی مشکل کشائی جو مناسب تہا اوس مین معاذ اللہ تامل نہین فرمایا آج اس نئے طریقہ کی دہوم دیکہ لو اس کے استحباب خودساختہ کے لئے کیسی حدیثون کو ترمچاکر کے اپنی ہوا کے مطابق ڈہالا جاتاہے اور ایسے ہی عملی اور اعتقادی بیشمار بدعتین ہین جن کو جیتا رول چمکایا جاتاہے نہ تقلید آئمہ کی پرواہ نہ سلف سے مطابقت دکہانے کا قصد اور کیا نیئے طریقے لانکی دجالی کے حدیث کی آڑ مین دہوکا دہی کی دجالی کذابی سانگ ہوتے ہین دیکہو جو حضور نے فرمایا تہا ہوکر رہا ۔ اور پہر قادیان مین جہوٹا دعوے نبوت کا بہی کیسی ان گذ ہیستین دیکر سارے کا سارا بخیر انشا کیا تو دہوم دہڑکا تو کرہی دیا اگر حضور غیب پر اطلاع نہ پاتے تو ہم کو جہوٹے دجالون کے فریبون سے بچنے کی ہمت کہان سے ہوتی اور حدیثوں مین ہوائی پہندے لگانے والے ہم کو کیسے معلوم ہوتے آیت کے حصر سے مراد الہی مفاتح الغیب کے علم کہی تفصیلی کے جاننے مین توحید دکہاتے خاص اللہ اکیلے کی جیسے قطعاً اور یقیناً ثابت ہے ایسے ہی برہان عقلی بہی اس ثبوت کی تائید کرتی ہے جیساکہ تفسیر کبیر سے اسی حصہ مین منقول ہے اور معمری آتین اور صحیح حدیثین اسی کے موافق موجود ۔ اس مضمون کی ایک حدیث جو آئندہ آئے گی جسکو امام بخاری نے کتاب الایمان مین داخل فرماکر آگاہ کیا اسپر کہ ان پانچ خزانون کو غیب کے بالاستیعاب اللہ سبحانہ کی سوا اور کوئی نہیں جانتا اسکا ماننا منجملہ ایمان کے ہے حضور سے حضرت عبداللہ بن عباس نے ان کو

دریافت کیا تو فرمایا سبحان اللہ ان پانچ کو اللہ کے سوا کوئی نہین جانتا یعنی پاکی ہے اللہ کو
اس سے کہ ان پانچ کے بالاستیعاب جاننے مین اللہ سبحانہ کا کوئی باہم شریک ہو آج اس محکم
قلعہ قرآن فیصلہ آسمانی کو توڑنے کے لئے قدوری کی حکایت بے سند مجہول پیش کی جاتی ہے کہ
اس کو بطور حدیث فلان نے ذکر بے آیت و حدیث نصوص حصر قرآنی پہ پانی پھیر دیا اور بغیر جھجھے
خاصے ایماندار شیخ نے جو فرمایا ہے خادعین للحدیث وہ کیا صادق آگیا اس غیر حدیث وارد خیالی
کو حدیث بتلا اور اوس سے نصوص حصر قرآنیہ کو ڈھا کر حدیث کا بہانہ کہکر دھوکا دینا نہیں تو اور کیا
دجالون کذابین کے سوا ہوتا ہے۔ حدیث بھی ہوتی تو خبر قطعی قرآنی کی ناسخ نہو سکتی چہ جائیکہ حدیث بھی
نہ قوی صحیح اور نہ ضعیف قدوری سے ایمانی مسئلہ قرآنی کی یہ درگت صحیح حدیثون کے ابطال کی
یہ نوبت۔ جو ہمارا ایمانی خزانہ ہے یہ ان ہی کی برکت اور طفیل ہے جو آج ہمکو دجالی دھوکے بازیون
سے بچا رہا ہے یہ غیب پر اطلاع پانے کا باب اسقدر وسیع ہے جو ان بلاؤن سے بچانے مین
ہماری دستگیری اور مشکل کشائی کر رہا ہے اور اللہ سبحانہ کی بیشمار رحمتین نازل ہون اون اہل سنت
صحابہ فقہاء و محدثین و متکلمین و پیران ہدایت و طریقت پر جنکی حفاظت الفاظ و معانی کتاب
و سنت کی وجہ سے آج کوئی بدعتی اور دجال تحریفی سعی کرے کسی آیت یا حدیث کی دین اسلام
مین ذات نہین کرسکتا جو نرالی گڑھتا ہے اوسکی وہ گڑھت اوسی کی پیشانی کی ضیا ہی موجود
اور آئندہ نسلون مین مشہور ہو جاتی ہے۔

قال اللہ تعالی انی جاعل فی الارض خلیفۃ یخلفنی فی تنفیذ احکامی فیہا وہو آدم
جلالین والمراد بالخلیفۃ آدم علیہ السلام فانہ خلیفۃ اللہ
فی ارضہ لاقامۃ احکامہ وتنفیذ قضایاہ وہدایۃ عبادہ وجذبہم
الی اللہ تعالی واعطائہم مراتب قربہ تعالی الخ **مظہری**
والصحیح انہ انما سمی خلیفۃ لانہ خلیفۃ اللہ فی ارضہ لاقامۃ
حدودہ وتنفیذ قضایاہ **خازن** **ترجمہ** فرمایا اللہ تعالی نے

بیشک مین پیدا کرنے والا ہون زمین مین خلیفہ یعنی نیابت کرے گا میری میرے احکام بیچ زمین کے جاری کرنے میں اور وہ آدم ہین (یہ جلالین سے منقول ہے) اور مراد ساتھ خلیفہ کے آدم علیہ السلام ہین پس بیشک وہ اللہ کے خلیفہ ہین اللہ کی زمین مین احکام الٰہی قایم کرنے اور جھگڑون مین خدائی فیصلے جاری کرنے اور بندگان خدا کو ہدایت کرنے اور ان کو اللہ کی طرف کھینچنے اور مراتب قرب الٰہی دلانے کے لئے (یہ تفسیر مظہری سے منقول ہے) اور صحیح یہ ہے کہ آپ کا نام خلیفہ اسلئے رکھا گیا ہے کہ آپ اللہ کے خلیفہ ہین اللہ کی زمین مین حدود الٰہی قایم کرنے اور خدائی فیصلے جاری کرنے کے لئے (یہ تفسیر لباب التاویل خازن سے منقول ہے) جنون کے قایم مقام زمین آباد کرنے یا جنون کا خلیفہ ہونا وغیرہ دیگر اقوال بھی تفسیرون مین مذکور ہین مگر یہ کسی تفسیر مین نہین کہ پیدا کرنے یا اسباب ارضی وسماوی رزق دینے یا مارنے جلانے وغیرہ امور تکوین خواص الوہیت مین بھی اپنے قایم مقام خدائی کام کرانے کے لئے مددگار سرکار الوہیت بنایا تھا اس طرف تو ذاتی عطائی کے قزاق کا مشرقی مذہبی کھینچ لیجاتا ہے ہر نعمت کے حصول ہر مصیبت کے دفع کا سبب حضور ضرور ہین۔ عالم سب کا سب ہی حضور کا طفیلی ہے۔ مگر عالم کی ایجاد فنا بقا کی قدرت عطائی دلانے کا نرالا خیال باطل ہے اور محال کو مستلزم۔ شرح عقاید نسفی سے اوپر منقول ہو چکا کہ مخلوق کا کوئی وصف کوئی کام صفت الٰہی اور خدائی کام کے قایم مقام ہو کر صفت اور فعل الٰہی کا کام نہین دے سکتا۔ پس بادشاہ کے نایب کے بادشاہ کے قایم مقام ہو کر ہر سیاہ وسفید مین وہی کام کرتا جو بادشاہ کرتا ہے۔ اس کو ذکر فرما کر ہمارے مہربان کو اس پر خدا کے خلیفہ کو قیاس کرنا اللہ سبحانہ کے کرنے کے مخصوص کامون مین خلیفہ خدا کو متصرف بتلانا کہ وہ بھی وہی کام کرنے کے لئے نایب خدا ہوا ہے جو خدا کرتا ہے۔ صلی تو بھلا یہ سنبہ ودھرم نیم دہرم ہے اور مجوس کا آئین یا مسلمانون کا دین۔ ہنود برہما کو مخلوق کا پیدا کرنے والا اور وشنو کو مخلوقات کا پالنے والا اور مہادیو یا مہیش کو مخلوق کا مارنے والا اور مجوس عقول عشرہ اور کواکب کو ان کامون کا کرنے والا خدا کے قایم مقام

ہو کر باشتہ [illegible] سالوں [illegible] ہے تو یہ باطل خیال ہوا ہے موکف الامن وخالطنون [illegible]
کے کسے کیو ہوا [illegible] ارشاد [illegible] مناسب [illegible] صفات [illegible] اور رضا اور [illegible]
دونوں [illegible] [illegible]
[illegible] کیسے جاری ہو سکا [illegible] ذاتی [illegible]
[illegible] کے [illegible] بلوا سکا ہے۔

[illegible] امام ربانی کی جلد اول کے مکتوب [illegible] میں ارشاد [illegible]

در صورت کمالات وجوب گشت واین کمالات [illegible] از شرکت اسمی از کمالات
آن مرتبہ [illegible] (الی قولہ) ازینجا است ظلال ثابت السالک را در [illegible]
دیگر مکتوب [illegible] ارشاد [illegible] خدای تعالی کہ بیچون وبیچگون وقدیم است [illegible]
[illegible] نیست [illegible] تجلیات [illegible]
افعال وصفات [illegible] تجلی ذات مقصود نیست چہ افعال وصفات را از حضرت ذات
[illegible] نیست تا تجلی آنہا بے تجلی ذات مقصود بود [illegible]
اندات است ظلال افعال صفات اوست سبحانہ پس تجلی آنہا تجلی ظلال افعال وصفات
بود نہ تجلی افعال وصفات الخ ان عبارتوں سے مثل آفتاب نیمروز روشن ہو گیا کہ کمالات [illegible]
کمالات وجوب کی صورتیں ہیں جو نظر آتے ہیں ان کمالات الثانیہ نے [illegible]
[illegible] کے [illegible] مرتبہ نبوت کے کمالوں میں سے دوسری اور کوئی چیز حاصل نہیں کی ہے
[illegible] یا تکوین اللہ تعالیٰ کے کام [illegible] جب بیچون اور قدیم ہیں [illegible]
[illegible] ذات [illegible] ان کو [illegible] ان افعال تکوینیہ کے کرنے کی مخلوق [illegible]
[illegible] ربانی بھی [illegible] الٰہی [illegible] ظہور کی [illegible]
[illegible] تجلی افعال [illegible] تجلی ذات الٰہی کے مقصود نہیں
[illegible] تا تجلی افعال وصفات الٰہیہ

کی بے تجلی ذات [illegible] مستور ہو [illegible] ذات الٰہی سے پیدا ہوا ہے اعیان اور صفات الٰہی
سایہ ہے [illegible] تکلم کی حکمت [illegible] میں [illegible] اور دونوں کے درمیان
مناسبت [illegible] صاحب الامن اپنے دعوے [illegible]
[illegible] تکوین تو ذاتی [illegible] قریب [illegible]
اور تکوین سا کام تکوین کے سایہ سے وقوع میں آتا ہے [illegible] حیوانوں کی [illegible]
[illegible] اور [illegible] سکتا ہے [illegible]
[illegible] انسان [illegible] چلتا پھرتا [illegible]
[illegible] سایہ [illegible] سایہ کے [illegible] بالکل کہا [illegible]

مسئلہ علم غیب میں جو نزاعی بلا برپا ہوئی ہے ہم اوسکی حقیقت اور کتاب وسنت سلف وخلف سے جو اوس میں قول حق چلا آتا ہے اوس کو ناظرین کو دکھایا چاہتے ہیں

صاحب انباء المصطفیٰ وارادت واحلی وخالص الاعتقاد وشارح القہار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عالم الغیب ہونے کے مدعی اپنے دعوے پر جن عبارتوں کو برہان بناتے ہیں اور سے دین سکیں یہ حیا دیکھا کر کس نحو عشرات سے ہم لکھتے ہیں آپ کی چالاکی دکھا حق کی جھلک جسکو پردہ تحریف معنوی نے چھپایا ہے روشن کئے دیتے ہیں۔ خالص الاعتقاد ص ۳۴ نسیم الریاض شرح شفا قاضی عیاض سے نقل فرماتے ہیں (ھذہ المعجزۃ) فی اطلاعہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی الغیب (معلومۃ علی القطع) بحیث [illegible] الا التردید فیہا لاحد من العقلاء (لکثرۃ رواتہا واتفاق معانیہا علی الاطلاع علی الغیب) وھذا لا ینافی الآیات الدالۃ علی انہ لا یعلم الغیب الا اللہ وقولہ ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر فان المنفی علمہ من غیر واسطۃ واما اطلاعہ علیہ باعلام اللہ تعالیٰ لہ فامر محقق بقولہ تعالیٰ فلا یظہر علی غیبہ [illegible] اسکی [illegible] یعنی [illegible]

اس کا ترجمہ جناب یہ کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معجزہ علم غیب یقینا
ثابت ہے جسمیں کسی عاقل کو انکار یا تردد کی گنجایش نہیں کہ اسمیں احادیث بکثرت آئی ہیں
اور اس سے بالاتفاق حضور کا علم غیب ثابت ہے کہ اللہ نے غیب پر کسیکو مسلط نہیں کیا
سوا اپنے پسندیدہ رسول کے ترجمہ کیا جناب نے [illegible] ناتمام ہوا اب اس ترجمہ سے
صحیح ترجمہ کو ملاتے ہیں وہ یہ ہے یہ معجزہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غیب پر اطلاع پانے میں قطعا
معلوم ہے ساتھ اس حیثیت سے کہ کسی عاقل کو اسکا انکار یا اس میں تردد ممکن نہیں اور اس معجزہ کے
راویوں کی کثرت کی وجہ سے اور غیب پر اطلاع پانے پر [illegible] اتفاق کی وجہ سے
اور یہ منافی نہیں (یعنی خلاف نہیں) اون آیتوں کو جو دلالت کرتی ہیں اس پر کہ بیشک اللہ کے
سوا کوئی غیب نہیں جانتا اور آپ کے اس قول کے جسکے اظہار کا حکم بلفظ قل صراحۃ ہوا ہے)
اور اگر جانتا ہوتا میں غیب کو البتہ بہت کرلیتا میں خیر کی پس بیشک معنی آپکا وہ نہیں ہے جو
بغیر واسطے کے ہو اور لیکن اطلاع پانا آپکا اوسپر آپکو اللہ تعالے کے بتلانے کی وجہ سے پس امر
ثابت ہے بدلیل قول اللہ تعالے کے پس نہیں اطلاع دیتا اپنے غیب پر کسیکو سوائے برگزیدہ رسول کے
ترجمہ تمام ہوا صاف اظہار ہے کہ آیتیں قرآن مجید کی اللہ تعالے کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا کا علم
کھلا بتلا رہی ہیں وہ اللہ تعالی کے بتلانے غیب پر اطلاع پانیکی نفی نہیں کرتیں جیسے
مثل آفتاب نیم روز روشن کہ اللہ تعالی کے بتلانے غیب پر اطلاع پانا اور چیز ہے اور غیب جاننا
اور چیز مگر چونکہ ہمارے مہربان کی زبان و قلم سے غیب دانی کا دعوے نکل گیا ہے اسلئے اوسکی
بانی میں یہ کہا کہ صحیح ترجمہ تو یہ تھا کہ یہ معجزہ آپکے چھپی ہوئی چیز پر اطلاع پانے میں معلوم ہے
یعنی مانا جسکی جگہہ یوں کیا کہ آپکا معجزہ علم غیب یقینا ثابت ہے اور دوسری عبارت کا سچا ترجمہ
یہ تھا اسکے معنی متفق ہیں حضور کی چھپی ہوئی چیز پر اطلاع پانے پر اسکی جگہہ جناب نے یہ بنایا
بالاتفاق حضور کا علم غیب ثابت ہے تیسری عبارت کا ٹھیک ترجمہ یہ تھا لیکن آپکا اطلاع
پانا چھپی چیز پر اللہ تعالے کے بتلانے کے سبب تو امر ثابت ہے اسکی جگہ وہی میں غیب

تھا اور یہی اللہ تعالیٰ کے بتلانے سے غیب پر اطلاع پانا ایسی چیز ہے جس پر ایمان لانا
ضروری ہے نہیں جیسا کہ ... کسی مخلوق کے غیب نہ جاننے پر ایمان لانا
ضروری ہے نہیں جیسا کہ ... بلکہ جیسا کہ فقہا سے دافع البلاء میں منقول ہے
خان صاحب خالص ... ترجمہ میں ایسا عبارت تو خیر صاحب خالص ... نے اکبر کی لکھی ہے
اور لکھا ان عربی ... نے تیری لکھی ہے ... معلوم ہوتا ہے کہ
آپ نے اللہ کے بتلانے سے غیب پر اطلاع پائی صحیح استدلال ہے غیب جاننا تھا یا
بلا احتیاج ... اور ... لوازم الوہیت پس جبکہ علم غیب بتلانے ہونے کے جانے
... تکفیر افتراء اللہ تعالیٰ نے کہ عالم الغیب ہوتے علم غیب جاننے سے منزہ کہنا پڑے گا۔
جس سے کتاب و سنت ... کا ابطال لازم آئیگا۔ خالص ... صفحہ ... میں ... کی
عبارت قد اشتهر وانتشر امره صلی اللہ علیہ وسلم بین اصحابه بالاطلاع علی
الغیوب کا ترجمہ یہ کیا بیشک صحابہ کرام میں مشہور و معروف تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم غیب کا
علم ہے۔ حالانکہ صحیح ترجمہ یہ تھا کہ اس عبارت کا یہ ہے بیشک مشہور و منتشر ہو چکا تھا
امر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آپ کے اصحاب میں کہ اللہ تعالیٰ کے بتلانے سے
فرمانے سے آپ چھپی ہوئی چیزوں پر مطلع ہیں ترجمہ تمام ہوا صفحہ مذکورہ میں ... سے نقل کیا۔
النبوة هي الاطلاع علی الغیب اسکا ترجمہ کیا کہ نبوت کے معنی ہی یہ ہیں کہ غیب جاننا
حالانکہ صحیح ترجمہ یہ تھا کہ نبوت وہ غیب پر اطلاع پانا ہے صفحہ ۲۹ میں ہے امام ابن حجر مکی کی
الاعلام پھر علامہ شامی سل الحسام میں فرماتے ہیں الخواص یجوز ان یعلموا الغیب
فی قضیة او قضایا کما وقع لکثیر منهم واشتهر جائز ہے کہ اولیاء کو کسی واقع
یا وقائع میں علم غیب ملے سطر ۱۲/۱۳ یہ ترجمہ اوسکا پھر نہیں رکھتا جیسا اوپر کے ترجمہ
میں علم غیب ملے غلط ترجمہ ہے اور اصل ترجمہ یہ ہے جائز ہے کہ بتلانے سے جان لیں
وہ خواص چھپی ہوئی بات ایک واقعے یا قضیے میں یا چند واقعات میں ... امام ابن حجر کا کلام

غایۃ ما نقول ہر دافع الریب میں منقول ہے جو اللہ سوا کو عالم الغیب [illegible]
مانے اور غیر پر اس کا اطلاق کرے [illegible] سا [illegible] صالح وغیرہ [illegible]
سمجھا رہا ہے [illegible] دیکھیے [illegible] الغیب [illegible]
الغیب ما لم یقم علیہ دلیل ولا اطلع علیہ مخلوق یعنی غیب وہ ہے جس [illegible]
کرنے جاننے پر کوئی دلیل قائم ہو جیسے [illegible] الخ [illegible] آگے [illegible]
دلیل ہے) اور نہ اس پر کسی مخلوق کو مطلع کیا جائے تفسیر [illegible] کی عبارت خالص کے
صفحہ ۲۰۵ میں نقل کر کے یہ ترجمہ کرتا کہ غیب [illegible] دلیل [illegible] جانا
اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے سطر ۲۱ [illegible] غیب کو اللہ سبحانہ کے سوا کوئی نہیں
جانتا بیان کرنے والی آیت کے [illegible] ساتھ خصوصیت [illegible] یہ [illegible]
صاحب خالص ترجمہ میں بیان کر رہی [illegible] سمجھانے [illegible] جاننے [illegible]
آپ عالم الغیب غیب کا [illegible] اور [illegible]
کلام میں نقل کر کے [illegible] تفسیر عزیزی [illegible] اطلاع [illegible]
بعضے را ان است [illegible] انبیا [illegible] از علم غیب و شہادت [illegible]
ہر کس [illegible] ثابت [illegible] اس سے روشن ہو گیا کہ [illegible]
چھپی ہوئی چیز کا بتلانے سے جان جانا اور چیز ہے اور غیب جاننا اور چیز ہے [illegible]
پیغمبر [illegible] ہے جو احتیاج کی خبر دیتا ہے اور دوسرا یعنی غیب جاننا [illegible]
فرما دیا [illegible] خدائی کے خالص کے صفحہ ۲۷۶ [illegible] فرمایا

قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا اللہ تم فرما دو کہ آسمان اور
زمین میں اللہ کے سوا کوئی عالم الغیب نہیں۔ اس سے مراد ہے علم ذاتی و علم محیط یہ کہ وہی
باری (تعالیٰ) عز وجل کے لئے ثابت اور اسی سے مخصوص ہیں یعنی اللہ سبحانہ کے
ساتھ خصوصیت رکھتے ہیں) علم عطائی کہ دوسرے کا دیا ہوا ہو یا علم غیر محیط کہ بعض

بعض اشیاء سے مطلع نہیں ہے ناواقف ہے اللہ عزوجل کے لئے ہو ہی نہیں سکتا۔ (یعنی
اللہ سبحانہ اس نقص اور کوتاہی سے پاک ہے) لا یعلم الغیب الخ کا ترجمہ لفظی یہ ہے کہ اللہ کے
سوا کوئی ارضی و سماوی مخلوق غیب نہیں جانتی۔ جب غیب نہ جاننے اور جاننے کے معنی
یہی ٹھہرے کہ بتلانے سے جاننا غیب نہ جاننا ہے بلکہ غیب پر اطلاع پانا ہے اور بے بتائے
اور بلا دلیل جاننا غیب جاننا ہے عرفت کہ آپ رسمت و سلمین میں اس مذہب کے سرپرست
اعلیٰ خالص الاعتقاد میں لکھتے ہیں ص ۲۶ ہماری تقریر سے روشن و تابان ہو گیا کہ تمام مخلوق کے
جملہ علوم ملکر بھی علم الٰہی کے مساوی (برابر) ہونے کا شبہ اس قابل نہیں کہ مسلمان کے
دل میں اوسکا خطرہ گذرے (سطر ۱۷ و ۱۸) کسی مخلوق کا معلومات الٰہیہ کو بتفصیل تام محیط
ہو جانا شرع سے محال ہے اور عقل سے بھی بلکہ اگر تمام اہل عالم اگلے پچھلوں سب کے جملہ علوم
جمع کئے جائیں تو اونکو علوم الٰہیہ سے وہ نسبت ہوگی جو ایک بوند کے دس لاکھ حصوں میں سے
ایک حصہ کو دس لاکھ سمندروں سے (سطر ۱۱ تا ۱۳) اور خالص ہی کے صفحہ ۲۷ کی عبارت
عربی جو آئندہ حاشیہ پر آتی ہے اوس کا ترجمہ یہ ہے ہم نہ علم الٰہی سے (مخلوق کے علم کا)
باہم برابر ہونا مانیں اور نہ غیر اللہ کے لئے علم بالذات جانیں اور اللہ تعالیٰ کے عطا
فرمانے سے بھی ہم اللہ کے علم سے مخلوق کے علم کا باہم برابر ہونا ثابت نہیں کرتے۔ مگر
بعض کا علم عطا فرمایا جانا ثابت کرتے ہیں۔ ترجمہ تمام ہوا صاحب خالص نے یہ مذکورہ بالا
جو لکھا سب حق ہے بیشک مخلوق کے لئے اللہ سبحانہ کی برابر علم ہونے کا شبہہ اس
قابل نہ تھا کہ مسلمان کے دل میں اوسکا خطرہ گذرتا اور ایسا ماننے والا مسلمان ہی کب رہسکتا ہے
اس مذہب کے مددگار توقع علیا سرپرست مذہب کی اس تقریر سے راضی نہیں معلوم ہوتے
اسلئے کہ وہ اس کے دفعہ میں یہ لکھ چکے کہ جسنے خدا کو علم سکھایا ہے تو جزکب کہا ہے
ناظرین اب ملاحظہ کریں صاحب خالص الاعتقاد کے حواری مددگار مذہب علم الٰہی کی برابری
کے مدعی خالص والے کی تقریر روشن و تابان کی رو سے مسلمان رہتے ہیں یا نہیں اور

نہیں بلکہ ناحق ہے۔ واقف کہلانے کے اور اور دکھانے کو اور والی کہاوت تو نہیں ہے افسوس
جس شبہ کا مسلمانوں کے دل میں خطرہ گذرنے قابل تھا وہ اس مذہب کے موجدوں کا
دین و ایمان اور اعتقاد بن گیا اور وہ باوجود ان امور منافی ایمان کے کامل مسلمان بنائے جاتے
اور ان کی تائید میں بڑا قصد کئے جاتے ہیں اس معیار سے خالص الاعتقاد ان حضرات کے ایمان
کو جانچئے عقیدہ معدودہ کتب ذیل پر اس مذہب کے حواریوں کی بھی حکم لگا ہوا اس مذہب کے مجدد
کا عقیدہ ہے کہ مسلمانوں کے مسائل تین قسم ہوتے ہیں ایک ضروریات دین اون کا منکر بلکہ اون میں ادنی
شک کرنے والا بالیقین کافر ہوتا ہے ایسا کہ جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے جیسے
ان تفصیل یہ دین کی (۱) اللہ عزوجل عالم بالغیبات ہے سب اوسکے بتانے کوئی ایک ذرہ نہیں
جان سکتا (۲) رسول اللہ و دیگر انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کو اپنے بعض غیوب کا علم اللہ
عزوجل نے عطا فرمایا (ازالی قول) یہ قسم اول ہوئی۔ صفحہ ۵ رسالہ الاظہار یہ بعض غیوب کا علم عطا فرمایا
اور کل کے جاننے میں اللہ سبحانہ کا مختص ہونا ایسی قطعی دلیلوں قرآنیہ سے ثابت ہے کہ جیسا کسی
مسلمان فرقہ کو انکار نہیں ہو سکتا تو تفصیل غیوب کے جانے جانے کی حد کو منجملہ ضروریات دین رکھا ہے
اور ضروریات سے مراد اہل سنت ہی معتقد ہونے تو اس کو منجملہ ضروریات عقائد اہل سنت قبول کر
اس حد کے توڑنے والے کو صرف بدعتی بد مذہب گمراہ کہتے نہ قطعی کافر۔ پس اللہ عزوجل
کی برابر آپ کا علم ماننے والے ضروریات دین کی حد توڑنے سے نصوص قطعیہ قرآنیہ کے منکر
ٹھہر کر بے شک ہی کافر ٹھہرتے ہیں جیسا کہ اس مذہب کے بانی رسالہ میں ارقام فرما چکے علم الٰہی کی
برابری کے مدعیوں صاحب رسالہ کے حواریوں کی تصریحات حسب ذیل ہیں ازالۃ الحقائق
علم غیبی میں مرقوم ہے۔ اللہ جل جلالہ نے اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وسلم پر سارے
مخفی کھولدئے ہیں جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے حضور کے پیش نظر ہے۔ تمام دنیا کو کف
دست مبارک کی طرح دیکھتے ہیں نزدیک دور آپ کو سب یکساں ہے۔ ازل سے ابد تک جو کچھ
ہوا اور ہوگا آپ پر سب روشن ہے۔ آسمانوں میں کوئی پرندہ پر نہیں مارتا۔ لیکن آپ اوس کے دل سے

پورے واقف ہیں ہماری دوانون کو سنتے ہمارے سلام کا جواب دیتے ہمارے احوال کو جانتے
ہیں ہمارے [illegible] کو پہچانتے ہیں وغیرہ صفحہ نہ تو خود اس کے قائل ہیں کہ حضرت کے طفیل میں
آپ کے [illegible] کو ذاتی عطائی کا مرتبہ حاصل ہے صفحہ ۱۶ (الی قولہ) البتہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اور اولیاء امت کے علم میں عیانی اور حسی ہونیکا فرق کرتے ہیں . باقی احاطہ او استغراق
میں اللہ اور اس کے رسول کے علم میں کچھ فرق نہیں - پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور
اولیاء امت کے علم میں کچھ فرق ثابت انتہی (التحقیقات الحاتیہ صاحب تہذیب رامپوری لکھتے ہیں اگر کہا
جائے کہ بعض کا علم او غائبہ میں سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تھا اور بعض کا نہیں تو یہ مستوجب
ترجیح بلا مرجح کے ہوگا کیونکہ نسبت علم وباعث انکشاف تو وہی ذات ہے اور نسبت
اوس بار [illegible] شانہ) کو تمام معلومات سے علی السویۃ (یعنی برابر) ہے پھر بعض کو جاننا اور بعض کا
علم نہ ہونا کیسا اور صفحہ ۱۱ میں ہے قول منہا یوری العلم المحیط لیس الا للہ بہت درست ہے
مراد اس سے بھی علم بالذات ہی ہے قول آیۃ الا ما علمہ اللہ اسپر دلیل ظاہر ہے انتہی
اسپر بیساختہ زبان قلم سے ارل ہی نکلا ع یہ سب گھر اوسی کے ابھا نتے ہوتے ہیں یہ
اس مذہب کے سرپرست اسلئے نے بعض غیوب کا علم انبیاء وسید الانبیاء صلی اللہ تعالی

سل ۵ تہذیب کے اخیر صفحہ میں ہے کل کا علم اپنے بندہ کو دیدیتے ہیں برابری تمام اور دونوں کی کیسی [illegible] ان حضرت نے باوجود
کمیت میں برابری ثابت کرنیکی برابری کے الزام کو ذاتی عطائی کے فرق سے اوٹھایا ہے . چنانچہ صفحہ ۔ میں لکھتے
ہیں اگر محسبہ علوم غیبیہ ماضیہ و آتیہ کو حضرت کو عطا فرمادے - اور معلومات الہی معلومات بشریہ
سے بالفرض برابر بھی ہوجاویں تو بھی مثل علم الہی کے نہیں ہوسکتے کیونکہ یہ تو بعنایت ایزدی ہے اور وہ
ذاتی مرضی - اس سے کھل گیا کہ صاحب تہذیب مساوات اور مماثلت کے الزام کو اسی ذاتی و عطائی
کے فرق سے اوٹھاتے ہیں - حالانکہ اللہ کی برابر علم ماننے کو اگرچہ تعلیم خدا ہی سے مانے
[illegible] مذہب حضرت کلف رضی اللہ عنہ [illegible] و سلام [illegible] بتلاتے ہیں - آسیہ ۔ [illegible]
[illegible] مرتبہ لو ۔۔۔

علیہ وسلم کو دیا جاتا تا مجملہ ضروریات دین ٹھیراکر اونکی منکر کو بلکہ اون مین ادنی شک کرنیوالیکو بالیقین ایسا کافر بنایا تھا کہ جو اوس کے کفر مین شک کرے وہ بھی کافر عبارت رسالہ اوبر چہرہ دیکھلو مولوی عبد اللہ رسولپوری کے چار سوالون کے جواب مین مولف رسالہ لکھتے ہین ایسا علم محیط اونکے لئے ماننے اگرچہ تعلیم خدا ہی سے جانے تو اگرچہ شرک نہو مگر صراحۃ کفر و مخالف عقائد اسلام ہے ایسے عقیدہ والے کی امامت باطل محض ہے اور ایسے دانستہ امام بنانا حرام بلکہ خود کفر ہے ۔ صفحہ اول سطر ۱۰ ۔

معض غیوب بتلاسے جانے کی اس حد کو جو باتفاق فرق اسلامیہ ایسی قطعی قرآنی دلیلون سے ثابت بھی جنکی وجہ سے اسکو سب نے مجملہ ضروریات دین رکھا اب اوسکو کیسے کیسے عمدہ نگہارون سے منطق خانہ ساز کے صاحب تہذیب رد کرنے کہڑے ہو گئے اور صاحب ازالہ نے تو کوئی حد ہی نرکھی لسمہ دکا نہ چھوڑا لوازم الوہیت آپ کے لئے ثابت کرنے مین نصاریٰ سے بات کردیا سرپرست اسلے کی کتابون مین صفات الٰہیہ ذاتیہ وفعلیہ اور محبوبان خدا کی صفات مین ذاتی عطائی کا فرق رہوہ نام سے سلوب الایمان لکھا دیکھکر اور بصفحہ ۱۶ اعلام ابن حجر کا یہ قول ہو تکہکر کہ اللہ سبحانہ کا علم واحد ہے جو ٹکڑے ٹکڑے ہونے اور بٹوارہ کو قبول ہی نہین کرتا اسپر رد احیاء الا کہ جب ہمارے حبیب جوان مذہب مین وہی علم الٰہی پورا پورا نہین تھا آپ کو ملا تو اللہ اور رسول اللہ کے علم مین احاطہ اور استغراق مین برابری ضروری ہوئی ۔ ہان اگر ایسا ہوتا کہ آپ کو اللہ سبحانہ اپنی علم کا غیر عطا فرماتا جیسا کہ آئمہ مسلمین اور یہی علامہ ابن حجر کہتے ہین اوسی صفحہ اعلام مین اوسی قول ابن حجر کا اخیر یہ موجود ہے وھو غیر علم اللہ تعالیٰ بعنی اور وہ علم مخلوق کا اللہ تعالیٰ کے علم کا غیر ہے (یہ مین اور عبینت بری آپ کو نزدیک دور سب کے یکسان سننے دیکھنے کا اعتقاد خدا کی مانند صاحب ازالہ بلکہ اس فرقہ جدیدہ کے سب افراد کا ناظرین تم دیکھ چکے تو تمام نصوص حصر ومفسرین وشراح حدیث وفقہا ومتکلمین وصوفیائے محققین کے موافق جو غیر نبی مین یہ دو عبارتین ہین کہ اطلاع بر غیب خاصہ پیغمبران است ۔ اور دوسری یہ کہ

انبیاء و مرسلین را لوازم الوہیت از علم غیب و شنیدن فریاد ہر کس از ہر جا و قدرت بر جمیع مقدورات ثابت کند انتہی یعنی غیب پر اطلاع پانا خاصہ پیغمبروں کا تبلایا اور غیب جاننا اور ہر جگہ سے ہر کسی کی فریاد سننا اور تمام مقدورات پر قدرت رکھنا لازمے الوہیت اور خدائی کے تبلاتے ہیں جو آپ کے لئے ثابت کرے مانتے ہیں صاحب ازالہ و صاحب تہذیب بلکہ اس فرقہ کے سب لوگ بول رہے ہیں۔ خالص کے صفحہ ۳۶ و ۲۷ سے ہم اور نقل کرآتے ہیں یہ کہ تمام مخلوق کے جملہ علوم ملکر بھی علم الہی کے برابر ہونے کا شبہہ اس قابل نہیں کہ مسلمان کے دل میں اسکا خطرہ گذرے علم محیط تمام معلومات الہیہ کا کسی مخلوق کو ہونا شرعاً و عقلاً محال ہے۔ تمام اہل عالم اگلے پچھلونکے جملہ علوم ملکر بھی علم الہی سے وہ نسبت نہیں رکھتے جو ایک بوند کے دس لاکھ حصوں میں سے ایک حصہ دس لاکھ سمندروں سے رکھتا ہے۔ اور اللہ کے عطا فرمانے سے بھی اللہ کے علم سے مخلوق کے علم کا برابر ہونا ہم ثابت نہیں کرتے ہاں بعض کا علم عطا فرمایا ہوا ثابت کرتے ہیں، انتہی ملخصا۔ یہی شبہہ کہ مسلمان کے دل میں خطرہ گذرے قابل نہ تھا وہ آپ ہی کے جملہ بد مذہب کے ارکان کا ایمان ٹھہرا ہوا اور یہ دیکھو اعلام الاذکیا میں ہے۔ ازل سے ابد تک کی چیزیں جو ہو چکیں اور ہونے والی ہیں سب کا علم آپکے واسطے حاصل ہے۔ راقم کہتا ہے آپ کا مطلع الغیوب ہونا بہ نسبت جمیع اشیاء و حقایق و دقایق و اسرار عالم ملک و ملکوت وغیرہ کے علم تفصیلی کے ساتھ صراحۃً ثابت ہے۔ صفحہ ۱۳ سطر ۷ تا ۹ شیطان کے لئے بعض موجودات کا علم ثابت ہے قطعاً نہ کل موجودات و معدومات کا بخلاف ہمارے سرور کے کہ وہ علم حاوی و محیط جملہ ماکان و مایکون رکھتے ہیں نہ صرف موجودات یا بعض کا (الی قولہ) ہمارے سرور کا ثبات کا علم بطریق اطلاق و عموم و احاطہ و شمول ہے صفحہ ۱۹ سطر ۱۴ تا ۱۹ اس دعوے علم مطلق اجمالی تفصیلی پر صاد اس مذہب کے سرپرست کا اعلام کے صفحہ ۲ میں دیکھو جتنے اذکیا میں سے یہ ہے جسکے دلائل کی کافی تفصیل بقدر حاجت مولانا الفاضل الکامل محب نے بنیان فرمائی سطر ۳ و ۴ رماح کے صفحہ ۹ میں یہ شکایت ہے کہ مفتی سید احمد برزنجی مدنی کی

عبارتیں جو بیری طرف منسوب ہے ذات وصفات الٰہی کا صریح استثنا موجود ہے اور اس کے خلاصہ میں نہیں خلاصہ کرنے والے عالم عارف محدث دامت برکاتہم کی نظر اسیر ہے فصوص میں ہے تمام چیزوں کی حد سے حق تعالے محدود ہوا جاتا ہے اور عالم کی تمام صورتیں ضبط اور احاطہ میں نہیں آسکتیں اور نہ اوسکی ہر صورت کی حد جانی جا سکتی ہے۔ مگر اسقدر صورتوں کی حد معلوم ہو سکتی ہے جتنا ہر علم والے کے ذہن میں جہان کی صورتیں بسنا ہوتا اسی طرح حق تعالے کی حد بھی معلوم نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ اوسکی حد تمام صورتوں کے علم سے معلوم ہو سکتی ہے اور تمام صورتوں کا علم حاصل ہونا محال ہے پس حق تعالے کی حد بھی محال ہوئی صفحہ ۹۰ تیسری حکمت فص نوحی مترجمہ لکھنوی بشہادت شیخ اکبر جہان کی تمام صورتوں کا علم حاصل ہونا محال تمام چیزوں کی حد سے حق تعالے کا محدود ہونا لازم آتا ہے تمام چیزوں کی حد نہیں ہو سکتی اسی طرح حق تعالی کی حد بھی نہیں معلوم ہو سکتی۔ اس سے تو صاف صحیح طور پر یہی سمجھا جاتا ہے کہ جب تک ذات وصفات الٰہیہ کو جب تک کوئی مخلوق نہ جان لے اس عالم کی تمام صورتوں کا علم احاطی تفصیلی ماننا اور کا ذات وصفات الٰہیہ کو جاننا نہ جانیں دونوں برابر ہیں اسلیے کہ عالم کی تمام صورتوں کو تفصیلاً جاننا کنہ ذات وصفات الٰہیہ کے جاننے پر موقوف ہے چہ جائیکہ اس عالم سے ہزاروں ہزار بلکہ بد رجہا افزوں کے علم محیط تفصیلی کا دعوے کیا جائے جبکہ اس استثنا کا عدم اور وجود برابر تو اس پر اہل علم کو کل سنڈا ثنا بہت معیوب ہے۔

مولوی رحمت اللہ صاحب کرانوی کے استفتا اول سے اوپر یہ منقول ہو چکا اشیا ہی کی تمام کی عبارت کا مفاد کہ یہ موجودات میرے ارادہ کی شان ہے۔ پس ارادہ ہو یا علم تمام صفات الٰہیہ غیر محدود اور غیر متناہی ہیں جیسے ذات الٰہی غیر محدود اور غیر متناہی ہے اور ارادہ الٰہی کی تمام مرادیں یہی عالم ہے۔ پس اشیاء عالم کے متناہی اور محدود ہونے سے ارادہ الٰہی کا محدود و متناہی ہونا لازم آتا ہے۔ صاحب انبار المصطفے والاحسن ورنج نے تمام عالم کے ذرہ ذرہ وحالات ذرہ ذرہ وغیرہ کا علم کہیں احاطی تفصیلی آپ کو ثابت کرنے کے لیے یہ حد بندی کی دو حدیں بانی

و مکان یون بنا ذوالیین کہ عرش سے فرش تک اور ابتداء آفرینش آدم عالم سے دخول جنت فی اہل
ہونے تک اور پھر آپ ہی افتائے حرمین کے تازہ عطیہ کے صفحہ ۱۷ میں یہ بھی لکھتے ہیں کہ ہر ذرہ
میں اون کے لئے علوم غیر متناہیہ ہیں سطر ۲۴ متناہی بالفعل اور غیر متناہی بالقوۃ کا پردہ کیا
اُسکے ذ سیکار کہنے اور وہی مرغی کی ایک ٹانگ سمجھا تھا لو اقرار بھی الحمد کیا اور دعوے میں کل
عالم کو لے لیا جو بالفعل متناہی ہے اور بالقوۃ غیر متناہی مگر اس داؤ گھات کا ستر کھلا رہا
کلام شریف سے متشابہ عالم کے جو گذرا کہ اس عالم کی ایک صورت کی حد بھی نہیں جانی جا سکتی
تو آپ ہی ایک صورت میں علوم غیر متناہی ہوئی خواہ وہ صورت ذرہ ہو یا قطرہ اور یہ بالفعل
متناہی اور محدود ہے ذرہ بالقوۃ غیر متناہی اور غیر متناہی ہونے ہی کی وجہ سے مخلوق کے
علم کے قابو کی بات نہیں جس تعالے شانہ کے علم میں غیر متناہی معلومات جاننے کے
غیر متناہی سلسلے ہیں ان غیر متناہی کا جاننا بھی اوسی کے قابو کی بات ہے اس آسانی
سے سمجھانے کے لئے ہمارے شیخ نے دافع الریب مطبوعہ مطبع اخترالمطابع مراد آباد
کے صفحہ ۹ میں ارقام فرمایا ہے۔ فریقین منظر انصاف ملاحظہ فرمائیں۔ جملہ وہ کہنا حیوان
مطلق (غیر ناطق) تو درکنار حیوان ناطق ہے جسکو اول توجہ میں بے سوچ بچار یہ امر
سمجھ میں آجاوے کہ آپ کو اشیاء عالم کے ذرہ ذرہ کے تغیرات کو بہ نسبت ذرہ ذرہ اور
اوسکے عوارض کا علم تفصیلی احاطی حاصل ہے۔ مثلاً ایک ذرہ کو اول نفس کلیہ نے پیدا کیا
عنصر زمین میں آیا اور رنگ خاکی اور مزاج سرد خشک بوجہ ترکیب پایا فرض کیجئے پھر یہی
ذرہ بیشمار ذرون کے ساتھ جسم درخت میں پہنچکر پتون میں گیا۔ پتون نے رنگ سبز مزاج سرد تر
پایا پھر ان پتون کو دہوپ نے کہا یا تو وہ گوبر میں گیا۔ گوبر کا سا رنگ مزاج گرم خشک ہوا پھر وہ
گوبر کے کیڑے میں گیا۔ رنگ حسب مزاج مناسب پایا۔ کیڑا مرغی نے کھایا مرغی کو انسان نے
کھایا کہ ... کردیا پھر از پھر زمین کا جزو ہو گیا۔ پھر [illegible] طرح [illegible] بیشمار تغیرات قیامت تک ہیں
اور یہ تو صرف ایک ذرہ کے حالات تھے سب اشیاء عالم کے بیشمار ذرات کے بیشمار تبدل

و تغیرات انقلابات ذاتی و صفتی جیتری امور مذکورہ صد ہا ورباوان کے امثال [illegible]

حافظہ مین آنے اور پہچاننے کی چیز ہو سکتے ہین اور ان تمام تغیرات اور انقلابات [illegible]

اور ہر سلسلہ مین ہر جگہ اوس ذرہ کی شناخت وغیرہ کا پوچھنا ہوتا [illegible]

خداوندی کا اولی توجہ مین سمجھ مین آجاتا کیسے راست آسکتا [illegible]

صفحہ بارہ مین یہ دعوے کہ بداہتہً ظاہر کہ علم تفصیلی جملہ ذرات [illegible]

ہزار در ہزار از یہ علم بھی کہ بعطاء الٰہی مانا جاوے اسی [illegible]

بداہتہً کو جملہ چیزوں سے متعلق عیر اگر کاف [illegible]

ت بھی افادہ شیخ اکبر اوس کے اثر آچکا [illegible] شیخ کے سمجھ مین [illegible]

امام غزالی نے احیاء علوم الدین کی کتاب المحبۃ والشوق مین تو کہا ہے [illegible]

سکا اللہ تعالیٰ کے اوس علم سے جو محیط ہے کل کو ایسے احاطہ کے ساتھ [illegible]

یہانتک کہ چھپا نہین اوس سے ہر ایک ذرہ کی آسمانون مین [illegible]

مخاطب کیا سب خلق کو بس فرمایا اور نہین دیے گئے تم علم مین سے مگر تھوڑا [illegible]

سوا ہین آسمان اور زمین والے اسی کہ کچھ نہین اوس کے علم [illegible]

یا کچھ کے پیدا کرنے کی تفصیل مین ہے [illegible]

انتہی بقدر الحاجۃ بموجب افادہ آیت وما اوتیتم من العلم الا قلیلا [illegible]

یا کچھ کے پیدا کرنے کی تفصیل مین جو معلومات اور حکمتین ہین [illegible]

پر تمام آسمان اور زمین والے جو کہ ملکر بھی مطلع نہین ہو سکتے تو تمام [illegible]

عالم مین جو معلومات اور حکمتین ہین اللہ کی اوس کا علم تفصیلی مخلوق کو [illegible]

آیت وما اوتیتم من العلم الا قلیلا [illegible]

منقول ہے جسکا خلاصہ یہ ہے کہ مخلوق کی معلومات بہت سے بہت بھی مقابلہ علم الٰہی اور نیز

مقابلہ حقائق اشیاء بقدر قلیل ہے۔ امام صاحب اسی تفسیر کبیر کی عبارتین [illegible]

وغیرہ مین جو منقول ہین اونکو دیکھئے ہر ذرہ مین معلومات غیر متناہی کی تصریح ہے اور واقع مین
یہ ہمنرے جو تفسیر کبیر کی عبارت نقل کی ہے اوس کا ترجمہ یہ ہے - جیسے یہ آیت مفاتح الغیب
کے علم کی یکتائی اللہ وحدہ کے لئے بتلاتی ہے ایسے ہی مفاتح الغیب کے علم محیط کی صفت
یکتائی پر برہان عقلی بھی زور لگاتی ہے - تقریر اوسکی یہ ہے کہ آثار اور نتیجون اور مصنوعون سے
علم حاصل ہونے کا سیدھا مؤثر کا جاننا ہے اور مؤثر اول کل ممکنات مین اللہ تعالے ہے تو یہ علم
یعنی جمیع معلومات کے جاننے کی جانبا اللہ کا ہے اور اللہ کا علم نہین - مگر اللہ ہی کو اسلئے
کہ غیر اللہ اثر ہے اور اثر و مؤثر کو نہین جان سکتا - ترجمہ تمام ہوا - بھلا اہل سنت کے حق امام عالیمقام
کے کلام مین آیتون کی تفسیر مین مراد الٰہی یہ بتلائی جاتی ہے کہ مخلوق کی معلومات بہت سے ہم
بھی بمقابلہ حقایق اشیا قدر قلیل ہے تھوڑی ہے - اور باستثناء کنہ ذات وصفات باری جمیع
معلومات کا جاننا کنہ ذات الٰہی کے جاننے پر موقوف ہے اور کنہ ذات الٰہی کا جاننا محال لہذا
باستثناء کنہ ذات وصفات الٰہیہ جمیع معلومات تو در کنار کائنات کا جاننا بھی محال جو شیخ اکبر نے فرمایا
وہی حق تحقیق رہا - پس انہین امام رازی کے کلام سے حقائق اشیا اور جمیع معلومات مذکورہ کا علم
تفصیلی اکابر احباب کے لئے تجویز تا تحریف معنوی ہے - خالص الاعتقاد مین ترجمہ عبارت کبیر کا کیا ہے
اس عالم کی تمام جنسون اور نوعون اور صنفون اور شخصون اور بدنون سے ہر مخلوق مین حکمت الٰہیہ کے
آثار پر اور بعض اکابر کو اطلاع ہوتی ہے جو انبیاء ہین علیہم الصلوٰۃ والسلام اسی لئے حضور سید عالم
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ الٰہی ہم کو تمام چیزین جیسی وہ ہین دکھا دے اھ **اقول**
یہان مقصود اس قدر ہے کہ ان امام اہل سنت کے نزدیک - انبیاء کرام اس عالم کی تمام مخلوقات کے
ایک ایک ذرہ کی جنس صنف نوع شخص جسم اور ان سب مین اللہ کی حکمتین بالتفصیل جانتے ہین
زمانہ کے نزدیک کافر مشرک ہونے کو یہی بہت ہے - الخ صفحہ ۴۷ - امام نے عالم کی جنسون
نوعون - صنفون شخصون - بدنون - مخلوقات الٰہیہ مین جو حکمت باری کے آثار ہین اون آثار پر انبیا
علیہم السلام کو اطلاع ہوتی بتلائی تھی نہ تمام مخلوقات کے ایک ایک ذرہ کی جنس نوع صنف

شخص بدن پر اور ایسے ہی وکذلک نری ابراھیم ملکوت السموات والارض
کے ذیل مگر ہمارے مہربان کو تو وہابیون پر فتح پانے کی دھن مین معقول و نامعقول سبھی کچھ سب ہی اسلحہ
سے لشکر طیار کرنا ہے اور اس دھن مین وما اوتیتم من العلم الا قلیلا ۰ کی تفسیر مین
جو انھون امام اہل سنت نے فرمایا ہے کہ مخلوق کی معلومات بہت سے بہت بھی بمقابلہ علم الہی اور نیز
بمقابلہ حقائق اشیاء قدر قلیل ہے اور آیت مفاتح الغیب کی تفسیر مین جو یہ فرمایا ہے جیسے یہ
آیت مفاتح الغیب کے علم کی یکتائی اللہ وحدہ کے لئے بتلا رہی ہے ایسے ہی مفاتح الغیب کے
علم محیط کی صفت یکتائی پر برہان عقلی بھی زور بازو لگا رہی ہے۔ برہان عقلی کی تقریر اوپر دیکھ لو
اس کا خیال تو اوسکو ہوتا جو قہر الہی سے ڈرتا اور اہل بصیرت کی نظرون مین خفیف ہونے کا اندیشہ
کرتا اور جسکو فتح کے بناوٹی نقارچیون نے فلک پر پہنچا رکھا ہو بھلا اوسکی پلک بھی کہین جھپک
سکتی ہے۔ اسکو اہل علم جانتے ہین کہ انبیاء علیہم السلام اشیاء عالم مین حکمت الہی کے آثار
کو مشاہدہ فرماتے ہین اور اطلاع پاتے ہین۔ اجزاء عالم سے بڑا ہو یا چھوٹا کسیکے اللہ سے اپنے
وجود اور بقا مین بے نیاز ہونے کا اونکو وہم بھی نہین ہوتا سبکو مجردات ہون یا مادیات اوسی کی قدرت
کا اثر حق الیقین و عین الیقین جانتے ہین۔ پانی۔ مٹی۔ آگ ہوا۔ مجردات و مادیات عالم اسفل
و اعلی کی کائنات کے پیدا کرنے مین جو حکمتین ہین اللہ سبحانہ کی اونکے اسرار پر مطلع کئے
جاتے ہین اونکی جوتیون کو بھی اس باطل کی گرد نہین لگتی کہ خدا نے اپنی صفتین بندون کو دے
ڈالی ہین صفات الہیہ و صفات اکابر یا اصاغر عباد مین ذاتی اور عطائی کا فرق ہے یہ مصیبت
تو ہمارے بھائیون پر ہی ٹوٹ پڑی ہے کہ اپنی ہی اعلام الاذکیاء مین کلام ابن حجر مین یہ دیکھکر
علم الہی واحد ہے تجزی اور انقسام پذیر نہین اس سے یہ خیالی پلاؤ پکا لیا کہ جب آپ کو وہی علم
الہی عطا فرمایا گیا تو جب وہ بٹا نہین تو اوس علم الہی کی تمام معلومات علم نبوی کے احاطہ مین
آگئی۔ افسوس انھون نے اوسی اعلام مین ابن حجر کے اوسی کلام کے آخر مین یہ نہ دیکھا وہو
غیر علم اللہ تعالی یعنی وہ علم مخلوق کا علم الہی کا غیر ہے۔ نہ عین۔ جو ان دونون کے درمیان

نواقی عطائی کے نرق کی انوکھی راگ مالا گھوم سکے اور ان حضرات نے اپنے پیران پیر امام مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اُس فرمان کا لحاظ نہ کیا جسکو بندہ مکتوبات شریف جلد اول کے مکتوب ۲۰ و ۳ سے اوپر نقل کر چکا ہے کہ مخلوق کی صفات کو صفاتِ الٰہی جاننا یہ اسمار و صفات میں الحاد کرنا اور وذروا الذین یلحدون فی اسمائہ میں داخل ہوتا ہے۔ سماوات و ارض کی ملکوت کے منتظم فرمانیوالوں کے غلام بھی یہ وہم نہیں کرتے کہ اللہ کا خلیفہ اللہ کی مخلوق میں اللہ کے احکام و تدبیر جاری کرنے کے سوا خدا تعالیٰ کے مختص کام لوازم الوہیت کے بھی کر لیتا ہے۔ اس بصیرت کی معرفت کے محفوظ نے اللہ سبحانہ کی مشیت اور ارادہ تک کا [illegible] دیو کو مخلوق کے پیدا کرنے یا لینے مارنے کی قدرت [illegible] الا [illegible] کواکب اور عقول عشرہ کو مجوس نے پیدا کرنے یا لینے مارنے [illegible] تو نعمتوں کی طلب اور مصیبتوں کے دفع کرانے میں اور شعا[illegible]

شا نہ سے [illegible] سرو کار [illegible] (منکی جی) یوں منا تا نے سرجہت کے لئے سواہا چاند کے لئے سواہا [illegible] کے لئے سواہا اُنکے لئے سواہا یجر وید ادھیا ۲۹ منتر ۲ سورج کے [illegible] کی جگہ راحت بخش اے پانی کے کرہ راحت بخش دو شانتی بخش اے انترکش فضا کے میدان راحت بخش اے پتھیو راحت بخش [illegible] کے دیوتا راحت بخش۔ اے برہم لوک بالائی کرہ راحت بخش [illegible] اے [illegible] کاروں کے لئے نکل آ سرتی دیوی کے لئے نکل آ [illegible] کی دیوی کے لئے نکل آ [illegible] اور بھی اس مضمون کے منتر بیع حوالجات اوپر نقل کرایا ہوں [illegible] بھی دیتا ہے۔ [illegible] کی حفاظت بچھڑ و نکو ماؤں سے جدا کرنے کی [illegible] سورج۔ سے [illegible] کے لئے جنگل جگنے کو مانگا جاتا ہے سورج سے ہی علم [illegible] دولت اولاد اور [illegible] کی حفاظت مانگی جاتی ہے وید کے منتروں و ساتھیر [illegible] نہ کا نام ان کارسازیوں میں وید کے دھرم ہولکر [illegible] سے معصوم بچوں کی خاطر سے بے زبان

چڑہنیوالے بہایتیم کی رعایت سے مصیبتین دفع ہوتی ہین رزق ملتا ہے۔ مگر اصلاح تیسیر لیسے کبھی کسی کو ان سے عقل علم ذہن دولت اولاد وغیرہ مانگا نہین سکہایا کسی کی بدولت علم اور ایمان وغیرہ نصیب ہوا اسکو بطور رمز واشارے و استعارے سر پر بالے اسکا نام کہدیتا سو یہم مذکور بالا غلطی سا نہین اور عوام کا کسی تاویل سے یہہ رشتہ کہ محبوب سبحانی ہہو کون کو ان پیا سو ان کو بانی کوئی حجت شرعی نہین برادران وطن کی لیک پیشہ ہے۔ آسمانون اور زمین کی ملکوت دیکہنے کو ذرات ارض وسماوات کے علم کلی تفصیلی عیانی اعاطی برذ تال لینا دوسری اس آیت قرآنی سے آنکہین بند کرلینا ہے اَوَلَمْ يَنْظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط یعنی کیا اور نہین نظر کرتے (وہ کفار) آسمانون اور زمین کی ملکوت مین۔ ترجمہ تمام ہوا آسمان و زمین کی ملکوت مین نظر نہ کرنے پہ کفار کی جب شکایت کی گئی تو کیا ذرات ارض وسموات کو تفصیلوار دیکہہ لینا اون کے قابو کی بات تہی یا اس ملکوت سے مراد وہی ہے جسکو مفسرین نے بیان کیا ہے نہ وہ جو اس سرے ذہن کی کسانی مین ڈہلا ہے۔ یہ فرقہ اہل سنت بلکہ اہل ملت سے نرالی اڑانے مین خدا سبہی سب کا خیال نہین کرتا۔ یہ حضرات اون حدیثون سے جن مین مکاشفات رسالت پناہی کا بیان ہے کہ زمین کو آپ کے پیش نظر کر دیا پس دنیا مین جو ہوا اور ہونے والا ہی اس کو دیکہہ لیا اور آپ کے روبرو امت پیش کی گئی آپ نے سب کو پہچان لیا وغیرہ اس سے ہروقت ان اشیا کو پیش نظر حضور کی اعتقاد کرتے ہین۔ حالانکہ علی قاری بعنوان فریقین حدیث تجلی لی الخ کے ذیل مرقاۃ مین فرماتے ہین لا يلزم منه دوام المكاشفة یعنی لازم نہین آتا اس حدیث سے ہمیشہ کہلا رہنا اشیا کا خیر یہ تو ملا علی قاری کا قول ہے۔ اگرچہ ان لوگون کے کشفی

لہ پس وہ جدا ہے سے خالص ہی مصنفہ ۸۸ نقل کیا ہرچہ در دنیا وست از زمان آدم و آن نفخہ اولی بروے منکشف ساختند تا آخر حق ہے اور کشف کا حال مثلاً انکشاف جسوقت ہوا اوسیوقت نئے سب اوٹہہ گیا تو جو یاد رہا سا او جو یاد سے اوتر گیا۔

سند بہی گمراہی ہوا کے مخالف انکا قول کب مانا جائیگا۔ بفضلہ صریح صحیح حدیثوں کے
ملاحظہ فرمائیے۔ مشکوۃ کے باب فی المعراج کی فصل اول کی حدیث مسلم بروایت ابی ہریرہ مین ہے

لقد رایتنی فی الحجر وقریش تسالنی عن مسرای فسالتنی عن اشیاء من بیت المقدس لم اثبتها فکربت کربا ما کربت مثلہ قط فرفعہ اللہ لی انظر الیہ ما یسالونی عن شئ الا انباتہم بہ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے البتہ دیکھا مینے اپنے آپ کو مقام حجر مین اوس حال مین کہ قریش مجھسے میرے سفر معراج کے بارہ مین پوچھ رہے تہے جو میری یاد مین نہ رہی تہین پس ایسا سخت کرب وغم لاحق ہوا مجکو جسکی مثل مجکو کبہی کرب وغم نہوا تہا
مین زمانہ گذشتہ مین۔ تو اوٹھا لیا اوس بیت المقدس کو اللہ نے میرے لیئے کہ دیکھون مین طرف اوسکی نہ پوچھتے تھے وہ مجھسے کسی چیز کو کہ خبر دیتا تہا مین اونکی اور اوسی کی تفصیلات مین

عن جابر انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لما کذبنی قریش قمت فی الحجر فجلی اللہ لی بیت المقدس فطفقت اخبرہم عن آیاتہ وانا انظر الیہ متفق علیہ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے (کہتے ہین) کہ سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے ہین جب جہٹلایا مجکو قریش نے (سیر معراج کے بارہ مین) کہڑا ہوا مین حجر مین
پس روشن کر دیا اللہ نے میرے لیئے بیت المقدس کو پس خبر دینا شروع کیا مین نے اونکو بیت المقدس کی نشانیون سے اوس حال مین کہ دیکھتا جاتا تہا مین طرف اوسی بیت المقدس کی روایت کیا اس حدیث کو بخاری اور مسلم نے اس مضمون کی حدیثین کتب حدیث مین بہت ہین سب سے یہی ثابت ہے کہ بیداری مشاہدہ حق کہ ایک ہی رات گذری تھی صبح کو ہی بیت المقدس کی نشانیون کا اون نشانیون کی یاد شریف سے اوتر جانے کی حالت مین نشانیون کے بتانے مین کام نہ آیا سبحان اللہ بجائے نہی بہر یاد آجانے کا کام نہ دیا تب تو ایسا سخت غم اور اندوہ لاحق ہوا کہ دنیا کبہی لاحق نہوا تہا۔ جب اللہ سبحانہ نے بیت المقدس کو پہر نظر شریف کے روبرو کر دیا۔ تب ہر در یافت کی ہوئی چیز کو دیکھ دیکھ

اوس کے پتہ اور نشان سے بتلائے گئے تھے یہ کہ ایک نظر ڈالکر پھر بے نظر ڈالے سب کو
بتلا دیا صورات کی تجلی چشم ظاہر سے دیکھی یہاں بیت المقدس کی صحیح کوہی اشیاء بیت المقدس
کے بتلانے مین کار آمد ہوئی تو پہلے مکاشفون سے ابتداء دنیا سے انتہا تک کی اشیاء
عالم و عوارض اشیاء کے ہمیشہ کے لیے پیش نظر رہنے پھر اوس سے علم محیط تفصیلی ثابت
بنانے کے لئے معلوم نہین کونسے دین و فن سے یہ نیا فرقہ دلیل اور برہان قایم کرے گا
ماکان وما یکون کو جو یہ فرقے دوڑتا ہے اوسکی کل بھی حدیثون منقولہ بالا نے نہیں کھولی
سے مجھادی ہمارے شیخ نے دافع الریب مین ایک فصل مع خلاصہ قاضی عیاض کی اور فضول
ثقلاسے نقل کردی ہے تاکہ داؤ گھات ان لوگون کے ان کے مستند کلام سے کھولدیجئے
اوس **ماکان وما یکون** کو قاضی عیاض نے نظر بر جمع بین النصوص **مما اوحی الیہ** سے
مقید کیا ہے یعنی جو ہو گذرا اور آئندہ ہووے گا اوس قسم سے کہ وحی کیا گیا ہے وہ طرف
آنحضرت صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی پس ماکان وما یکون مین سے اوسیقدر بزرگ کا
علم حضور کو عطا ہوا کہ وہ بھی بہت وسیع اور سب سے زیادہ ہے جسکی معرفت کا بوجھ ہماری سمجھ
بوجھ کے اوٹھانے سے باہر ہے) نہ مکاشفات کا بطور استیعاب کے **تبیانا لکل شیٔ**
اور تفصیل کل شیٔ جو سے داؤ جلایا ہوا اولکا اپنے ہی اس قول سے خلاف ہے اوران
عمومات کو عموم عرفی مانتا ہے جیسے تدمر کل شیٔ اوتیت من کل شیٔ مین صفحہ اول چار سوا کے
جواب کا دیتی تحریر سے تو دماء **علمناہ الشعر وما ینبغی لہ** اور قل انما صوف الایہ
و دیگر نصوص حصر قرآنیہ اور مشاہدات اور واقعات کے خلاف لازم آنے سے صرف دیا
بعض کل کے عموم سے تمام کائنات کا علم تفصیلی حضور کو ثابت کیا انباء المصطفی
اور اسکو قطعی الثبوت قطعی الدلالۃ ولالت فرماکر انباء کے صفحہ ۳ مین نہایت زیرکی سے
کلام کیا تاکہ اس احاطہ کے منکر کو ضروریات دین کا منکر ٹھیرا کے کافر بنانا آسان ہوجاوے
مگر تا نیہ لیا اول کا لویا مانکر اس دعوے کا بچانا خود ہی سکھلا دیا غالط سرچ کے

دیکھو اول پہلی آیت منجملہ موجودات فن شعر کی آپ سے نفی کرتی ہے جسکے معنی یہ ہین اور نہین
سکھایا ہمنے آپ کو علم شعر کا اور نہ وہ آپ کے لائق جب یہ نالائق علم آپ کے لائق نہوا تو
نہ بہ مصلحت اوس کا حاصل ہونا ممکن اور نہ وقت وصال[۵۱] اور دوسری آیت قرآن مجید
کے شعر سحر کہانت اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شاعر ساحر کاہن بتلانے والونکو
لعنت بیدا کر جھوٹی باتین گڑھنے والے بتلا رہی ہے تو یہ فنون و علوم کلیاتہا و جزئیاتہا
شعر سحر کہانت کے آپ کی معلومات پاکیزہ سے نکل گئے جنسے دفاتر بھرے ہوئے ہین
تو ساری کائنات یا تمام ممکنات کا علم احاطی تفصیلی آپکو ثابت کرنا ان آیتون کو رد کرنا ہے
ایسے ہی وما تعلم نفس ما اخفی لهم الایۃ ہے دا منشا انہا آئی یعنی کوئی نفس نہین جانتا ہے اوسکو
جو چھپا رکھا گیا اُن سے آنکھون کی ٹھنڈک سے ایسے ہی اقتباس خمس غیب کے پانچون خزانونکا
بالاستیعاب کوئی نہین جانتا سوائے اللہ تعالے کے بالا پڑنے پانے سے پہلے
وہان بعض کو ان مین سے بتلا دیا جاتے تو یہ اس حصر کے منافی نہین ایسے ہی ومنهم
من قصصنا علیک ومنهم من لم نقصص الایۃ سے جو یہ ثابت ہو رہا ہے
کہ ان پیغمبرون مین سے بعض وہ ہین جنکے قصے بیان کردئے ہمنے تیرا اور بعض وہ ہین
جنکا بیان نہین کیا ہمنے ٭ ناظرین منظر الانصاف غور فرمایئن اس مین کہ جب صاحب انبا
المصطفی کی اس تصریح (کہ قرآن ہر چیز کا بیان ہے اور بیان بھی کیسا روشن اور روشن
بھی کس درجہ کا مفصل) کے بموجب انبیاء علیہم السلام کی سوانح عمریان مفصل) کے
بموجب انبیاء علیہم السلام کی سوانح عمریان مفصل روشن بیان لینے کے ساتھ دکھلانے
خاص قرآن کریم مین صاحب انبا اور اونکے حمایتیون کا فرض منصبی ہو رہا ہے
دعوے ہے تو دکھلائے بغیر دعوے سچا نہوگا حافظ مولوی لطف اللہ صاحب مرحوم

---

[۵۱] علامہ ابن حاجب فرماتے ہین کہ آپ سے فن شعر کا وقوع مین آنا ایسا ہی محال ہے جیسے اللہ سبحانہ سے اولاد ہونا۔

ہمارے شیخ کے تلمیذ نے دافع الریب کے ضمیمہ میں صاحب الکلمۃ العلیا کا اس باب میں پورا ہو جانا توڑ کل پیغمبروں کے ناموں کی فہرست ہی دینے پر اکتفا کیا ہے کہ قرآن وحدیث وکتب دنیا سب سے ہی اس مقصد کو پورا کریں۔ مگر زبان خفتہ اندام کا عالم طاری ہے۔ اور آیات سد کی قطعی دلالت کی رو سے جب قرآن مجید اور حضور علوم شعر و سحر و کہانت سے منزہ ہیں الا انکہ جمیع ابواب یہ تینوں علوم منجملہ موجودات عالم اشیا ہیں اور ان کا بیان ضروریات ہی ہوں بیان جزئیات کے قرآن میں نہیں چہ جائیکہ ان کا بیان اور بیان بھی کیسا روشن اور روشن بھی کس درجہ کا مفصل قرآن میں ہو تو نظر برو لو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافاً کثیرا تناقض سے منزہ ماننا قرآن کا ضروریات دین سے ہے تو ضروریات دین کے منافی ظاہر لفظ قرآن سے احتمال نکالنا قرآن میں تناقض اپنی کوتہ فہمی سے پیدا کرنا اور ضروریات دین کے حق ہونے میں شک کرکے ایمان برباد کرنا ہے۔ پس نظر بر جمع بین النصوص اور اوتیت من کل شیٔ کے نفاد پہچاننے کے تبیاناً لکل شیٔ کو استغراق مدعیٰ پر دلالت ظنی بھی نہیں رہتی تو رماح کے صفحہ ابن محدث رامپوری پر خفا ہو کر گل سنڈیوں سے تھرّ جانا اہل علم کی شان سے بعید ہے۔ بیشک آیت مذکورہ ان کی دلیل ظنی بھی نہیں ہو سکتی دلیل بنا دیجئے تو وما علمناہ الشعر الآیہ اور قتل الخراصون الآیہ اور ومنھم من لم نقصص علیک الآیہ اور ما یعلم جنود ربک الا ہو الآیہ اور ما تعلم نفس ما اخفی لھم الآیہ وغیرہا ایک عظیم حصہ قرآنی کی خبروں کی تکذیب ہو جائیگی۔ اور شابہات سے معارضہ کی نوبت عدالازم آئیگی۔ پس ایسے مقام پر نفی تیقن کے افادہ میں استحالہ ہی کی برابر ہے تو مصلین نظروں میں اسپر گا یو نیز اور تریڑ نا معیوب ہے اور بنا نات پر حکم تکفیر لگا یا جائے تو ایسی جگہہ وغیرہ سے کام لینا اہل ادب کی شان کے شایان امر ہے نہ موجب زجر تا ان جیسا دین ہی انگا ہوں سے پلا ہوا ہوں سے نہیں نباتی پس خاص کے صفحہ ۹ میں

بجودی کے قول سے مفاتیح الغیب خمس کا علم دیا جانا سنوالی کے قدوروں کو دیکھکر بہرک
جانا کہ اسے بطور حدیث بیان کیا کہین سید عبد العزیز کا قول نقل کر دینا کلان پانچوین
کو قطب بھی جانتے ہین جو غوث سے نیچے ہین وردد خیالی کشفی غیر معصوم اسا اقوال
ساقطہ سے غیب کے پانچون خزانون کا علم محیط ثابت کیا ہوا اللہ وحدہ کے لئے حصر کے
ساتھ آیات محکمات قطعی الدلالہ کا منسوخ کرنا اور خبر کا نسخ اور وہ بھی نجمہ کے قول سے
کیا اچھا ایمان بالقرآن ہے۔ اس فرقہ کا کوئی اس قسم خلاف ایمان پر متنبہ کرے تو گالیان
مین بھرا اور اپنی والیان [illegible] بکبر شانے کو مشرک ٹھہراتے ہین۔ خالص کے صفحہ ۴۴ مین
یہ لکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کریم تمام جہان مین ہر مسلمان کے گھر مین تشریف
فرما ہے سطر ۶ [illegible] تمام جہان مین یہ فقرہ ترجمہ مین اصل عبارت سے بڑھا ہوا ہے
مگر خیر کچھ مضائقہ نہین تشریح کے طور پر ہی سہی بیشک قرآن مجید حضور کی روح ہے
مسلمانون کی جان ہے دین و ایمان ہے یہی دولت مسلمانون کے گھرون مین نہوگی تو اور کیا
ہوگا سا خیر سورہ شوریٰ کی آیت مع تفسیر جلالین ملاحظہ فرمائے اور وہ یہہ وکذلک

اے مثل ایحائنا الی غیرک من الرسل اوحینا الیک یا محمد روحا
ھو القرآن بہ تحیی القلوب من امرنا الذی نوحیہ الیک الآیۃ ترجمہ

